☆ علم عروض کے کل اوزان 19 ہیں۔

☆ اس کے تین رکن ہیں۔ (1) سبب (2) وتد (3) فاصلہ

☆ ان ارکان سے بحریں بنتی ہیں جس کے ذریعے اشعار کا وزن تولا جاتا ہے۔

☆ **سبب:** پہلا حرف متحرک دوسرا ساکن جیسے: اُس ۔ اُن

☆ **وتد** : پہلا اور دوسرا حرف متحرک تیسرا حرف ساکن جیسے: قلم ۔ وطن

☆ **فاصلہ:** اس کا استعمال اردو میں نہیں ہوتا۔

## علم اعداد

☆ ہر حرف تہجی کی قیمت مقرر ہے۔

☆ جس سے عموماً تاریخ پیدائش یا تاریخ سنگ بنیاد اخذ کیا جاتا ہے۔اس کو علم جُمل بھی کہتے ہیں۔

☆ تمام حروف کے اعداد اس طرح مقرر ہیں:

| ا | ب | ج | د | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ک | ل | م | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **1** | 2 | 3 | **4** | 5 | 6 | 7 | **8** | 9 | 10 | 20 | 30 | **40** | 50 |
| س | ع | ف | ص | ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 |

☆ اعداد اس طرح جوڑے جاتے ہیں۔

ا + ح + م + د = احمد

53 = 4 + 40 + 8 + 1

# اردو زبان کی مبادیات

| | |
|---|---|
| حروف کے مجموعہ کو کیا کہا جاتا ہے | حروف تہجی |
| اردو زبان میں حروف تہجی کتنے ہیں | 36 |
| اکہری آواز دینے والی حروف کو کیا کہتے ہیں | مجرد حروف |
| دوہری آواز دینے والی حروف کو کیا کہتے ہیں | مخلوط حروف |
| حروف کی کتنی قسمیں ہیں | دو |
| حروف کی کونسی دو قسمیں ہیں | حروف صحیح، حروف علت |
| حروف علت ایسے حروف دوسرے حروف سے مل کر آواز پیدا کرتے ہیں کیا کہلاتے ہیں | حروف علت |
| حروف علت کتنے ہیں | تین |

| | |
|---|---|
| حروف علت کون سے ہیں | و ا ی |
| حروف علت کے علاوہ دوسرے باقی حروف کیا کہلاتے ہیں | حروف صحیح |
| وہ علامتیں جن سے حروف کا آپس میں میل ہوتا ہے کہلاتا ہے | اعراب |
| زیر، زبر، پیش اور جزم کیا کہلاتے ہیں | اعراب |
| زبر کے معنی کیا ہیں | اوپر |
| زیر کے معنی کیا ہے | نیچے |
| پیش کے معنی کیا ہے | آگے |
| جزم کا دوسرا نام کیا ہے | سکون |
| تشدید، مد اور تنوین کیا کہلاتے ہیں | علامتیں |
| مشدد حرف کتنی بار پڑھا جاتا ہے | دو مرتبہ |
| جس حرف پر تشدید ہوتا ہے کیا کہلاتا ہے | مشدد حرف |
| آواز کے اعتبار سے الف کی کتنی قسمیں ہیں | تین |
| وہ الف جو حروف میں اپنی سادہ آواز دیتا ہے کیا کہلاتا ہے | الف سادہ |
| الف سادہ کی مثال دیجیے | خدا |
| وہ الف جو کھینچ کر پڑھا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے | الف ممدوہ |
| الف ممدوہ کی مثال کیا ہے | آس، آم |
| وہ الف جو کسی لفظ کے یا ی معروف پر لکھا جاتا ہے کہلاتا ہے | الف مقصورہ |
| الف مقصورہ کی مثال ہے | عیسیٰ، موسیٰ |
| آواز کے اعتبار سے نون کی کتنی قسمیں | 3 |
| ایسا نون جس کی آواز صاف اور پوری نکلتی ہے کیا کہلاتی ہے (کان) | نون ظاہر |
| ایسا نون جس کی آواز صاف اور پوری نہیں نکلتی ہے کیا کہلاتی ہے (جہاں) | نون غنہ |
| ایسا نون جس کی آواز حرف ناک سے تھوڑی سی نکلتی ہے کیا کہلاتی ہے (رنگ) | نون مشبہ غنہ |
| آواز کے لحاظ سے واؤ کی کتنی قسمیں ہیں | 3 (معروف، مجہول، معدولہ) |
| ایسی واؤ جو خوب ظاہر ہو کر پڑھا جائے کیا کہلاتا ہے (صورت) | واؤ معروف |
| ایسی واؤ جو خوب ظاہر نہ پڑھا جائے کیا کہلاتا ہے (شور) | واؤ مجہول |
| ایسی واؤ جو صرف لکھی جاتی ہے پڑھی نہیں جاتی کیا کہلاتی ہے | واؤ معدولہ |
| خواہش تنخواہ ان الفاظ میں کونسی ''و'' کا استعمال ہوتی ہے | واؤ معدولہ |
| آواز کے اعتبار سے 'ہ' کی کتنی قسمیں ہیں | تین (اصلی، مخلوط، مخفی) |
| دو چشمی (ھ) کیا کہلاتا ہے | ہائے مخلوط |

| | |
|---|---|
| آواز کے اعتبار سے یا ی کی کتنی قسمیں ہیں | دو (معروف، مجہول) |
| جب کسی اسم پر اگر الف لام ہو اور الف لام پڑھا جائے تو کیا کہلاتا ہے | حروف قمری |
| جب کسی اسم پر اگر الف لام ہو مگر وہ الف لام نہیں پڑھا جائے تو وہ حرف کیا کہلاتا ہے | حروف شمسی |
| حروف قمری کتنے ہیں | 14 |
| حروف شمسی کتنے ہیں | 14 |
| حروف شمسی کی مثال ہے | عبدالستار |
| حروف قمری کی مثال ہے | عبدالغفار، عیدالفطر |
| جس جگہ سے حروف نکلتے ہیں کیا کہا جاتا ہے | مخرج |
| عبارت کی تصحیح کا دارومدار کس پر ہے | تلفظ پر |
| تلفظ کی صحیح ادائیگی کا دارومدار کس پر ہے | مخارج |
| غ اور خ کا مخرج کیا ہے | انتہا حلق |
| زبان کی نوک اور اگلے دانتوں کے کناروں سے کونسے حروف نکلتے ہیں | ظ، ذ، ث |
| ق کا مخرج کیا ہے | زبان کی جڑ اور تالو |
| زبان کے سر اور سامنے والے نیچے اور اوپر کے دانتوں کے سروں سے نکلنے والے حرف کونسے ہیں | ط، د، ت |
| اوسط حلق سے نکلنے والے حروف | ح، ع |
| اصوات کی ادائیگی ترسیل اور سماعت کے مسائل سے کس علمہ میں بحث کی جاتی | علم صوتیات |
| اردو میں مصمتے کتنے ہیں | 41 |
| اردو میں مصموتے کی قسمیں ہیں | 3 |
| اردو کے مصموتے کونسے ہیں | و ا ی |
| وہ آوازیں جن کی ادائیگی میں ھ شامل ہو کیا کہلاتی ہے | ھکاری آواز |
| وہ آوازیں جن کی ادائیگی میں ھ کی آواز شامل نہ ہو کیا کہلاتی ہے | ھکاری آواز |
| حروف کی ادائیگی اگر پوری آواز سنائی دے تو کیا کہلاتی ہے | مسموع |
| حروف کی ادائیگی کے بعد اگر پوری آواز سنائی نہ دے تو کیا کہلاتی ہے | غیر مسموع |
| مسموع کی مثال | بل، قلم |
| غیر مسموع کی مثال ہے | پل، پھل |
| وہ علم جس میں لفظ اور اس کے معنی پر بحث کی جاتی ہے کیا کہلاتی ہے | علم صرف |
| قواعد میں لفظ کو کیا کہتے ہیں | کلمہ |
| وہ علم جس میں جملہ دور اس کی ساخت پر بحث کی جاتی ہے کیا کہلاتی ہے | علم نحو |
| لوازم اسم کتنے ہیں | 3، جنس تعداد حالت |

| | |
|---|---|
| اسم کی تذکیر و تانیث سے کیا مراد ہے | جنس |
| جنس کی کتنی قسمیں ہیں | دو،حقیقی،غیر حقیقی |
| جنس حقیقی کی کتنی قسمیں ہیں | دو،مذکر،مونث |
| لڑکا لڑکی جنس حقیقی ہے یا غیر حقیقی | جنس حقیقی |
| غیر حقیقی کی مثال ہے | ٹوکرا،ٹوکری |
| قواعد میں ایک کو کیا کہتے ہیں | واحد |
| قواعد میں دو کو کیا کہتے ہیں | جمع |
| قواعد میں کسی اسم کو دوسرے اسم یا فعل کے ساتھ جو تعلق ہوتا ہے اس کو کیا کہتے ہیں | حالت |
| اسم کی کتنی حالتیں ہیں | 6 |
| حالت فاعلی، مفعولی، ندائی، اضافی طوری، کس کی حالتیں ہیں | اسم کی حالتیں |
| احمد نے کھانا کھایا، اس جملے میں احمد کس حالت میں ہے | فاعلی |
| وہ حالت جس سے اسم پر کام کا اثر واقع ہو کہلاتا ہے | مفعولی |
| وہ حالت جس سے کسی کا بلانا ظاہر ہو کیا کہلاتا ہے | ندائی |
| اسم جملہ میں کسی فعل یا واقعہ کی خبر دیتا ہے | خبری |
| وہ حالت جس میں ایک اسم کو دوسرے اسم سے نسبت دی جائے | اضافی |
| وہ حالت جو کسی اسم سے زماں یا مکاں کا مفہوم پایا جاتا | طوری |
| وہ الفاظ جو فعل سے ملتے، جلتے ہیں کہلاتے ہیں | مشابہ فعل |
| مشابہہ فعل کی کتنی قسمیں ہیں | فاعل، مفعول، حالیہ |
| وہ اسم میں کسی اسم کی حالت کو بتائے کہلاتے ہیں | اسم حال |
| اسم حال کی مثال ہے | روتا ہوا، ہنستا ہوا |

**وہ علم جس میں جملے کے اجزا کے مختلف استعمالات تغیرات بلحاظ جنس و تعداد اور حالت سے بحث کی جاتی ہے اس کو نحو تفصیلی کہتے ہیں۔**

| | |
|---|---|
| وہ افعال جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر ہو کیا کہلاتا ہے | مثبت فعل |
| وہ افعال جس سے کسی کام کا نہ کرنا یا نہ ہونا ظاہر ہو کیا کہلاتا ہے | منفی فعل |
| وہ فعل جس میں کسی کو کسی کام کا حکم دیا جائے بتلاتا ہے | فعل امر |
| وہ فعل جس میں کسی کو کسی کام سے روکنے کا حکم دیا جائے تو کہلاتا ہے | فعل نہی |

# قواعد

-1 احمد انور اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔ (علم)

-2 یہ ناگپور کے سنترے ہیں اس جملے میں ''کے'' حروف کی کونسی قسم ہے۔ (حرف ربط)

-3 تم کو کہاں جانا ہے۔اس جملے میں کہاں ضمیر کی کونسی قسم ہے۔ (ضمیر استفہام)

-4 اسلم نے سانپ مارا۔اس جملےمس ی مفعول کی نشاندہی کیجیے۔ (سانپ)

-5 پازیب۔سابقہ ہے یالاحقہ۔ (سابقہ)

-6 دربدر میں سابقہ کی نشاندہی کیجیے۔ (در)

-7 ان دیکھا۔کی ضد لکھیے۔ (دیکھا)

-8 جب کسی کے قول یا اقتباس کونقل کرتے ہیں تو علامت وقف استعمال کرتے ہیں۔ (واوین)

-9 کا' کے' کی' یا' علامت کسر کے استعمال کے ذریعہ کونسا مرکب بناتے ہیں۔ (مرکب اضافی)

-10 لفظ قتل کا فاعل لکھیے۔ (قاتل)

-11 احمد گھر آیا ہے۔یہ جملہ مفرد ہے یا مرکب۔ (مفرد جملہ)

-12 نااہل۔کس کی مثال ہے۔سابقہ'لاحقہ یا متضاد الفاظ کی۔ (سابقہ)

-13 معنوی لحاظ سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں۔ (دوقسم)

-14 اس نے چالیس میل کی رفتار سے موٹر چلائی۔اس جملے میں صفت کی نشاندہی کیجیے۔ (چالیس میل)

-15 شب فراق۔اورحساب کتاب میں کونسا لفظ مرکب غیر اضافی کی مثال ہے۔ (حساب کتاب)

-16 بلبل ہند اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔ (لقب)

-17 فوج کی جمع لکھیے۔ (افواج)

-18 ایسا لفظ جو کسی شئی کے مقدار کو بتائے کہلاتا ہے۔ (صفت مقداری)

-19 وہ مسجد سے نکلا۔یہ جملہ فعل لازم ہے یا ناقص (فعل ناقص)

-20 خط کا مترادف لکھیے۔ (پتر)

-21 برائی کی ضد لکھیے۔ (بھلائی)

-22 ادھ کو مکمل کیجیے۔ (موا)

-23 انور کتاب پڑھتا ہے۔فاعل کی نشاندہی کیجیے۔ (انور)

-24 سمیع خط لکھتا ہے۔اس جملے میں فعل کی نشاندہی کیجیے۔ (لکھتا ہے)

-25 وہ الفاظ جو شروع میں آتے ہیں کہلاتے ہیں۔سابقہ یا لاحقہ (سابقہ)

-26 زمین دوز میں لاحقہ کی نشاندہی کیجیے۔ (دوز)

-27 تیسرے سیارہ پر کون رہتا ہے۔ (شرابی)

-28 دار۔کو لاحقہ بنا کر ایک مرکب لفظ لکھیے۔ (مکاندار)

-29 لمحوں کا سفر۔یہ مرکب اضافی ہے یا غیر اضافی۔ (مرکب اضافی)

-30 علالت کی ضد لکھیے۔ (صحت)

| | | |
|---|---|---|
| -31 | زلزلہ کا مترادف لکھیے ۔ | (بھونچال) |
| -32 | در کو سابقہ بنا کر ایک لفظ لکھیے ۔ | (درپیش) |
| -33 | لفظ کتنے طرح کے ہوتے ہیں ۔ | (دو، مفرد، مرکب) |
| -34 | مفرد لفظ کی مثال دیجیے ۔ | (کتاب) |
| -35 | مرکب الفاظ کی مثال دیجیے ۔ | (صحت مند) |
| -36 | دلدار ۔ سابقہ ہے یا لاحقہ | (لاحقہ) |
| -37 | علامت کسر کا دوسرا نام کیا ہے ۔ | (زیر) |
| -38 | مرکب اضافی میں زیر پہلے والے لفظ یا دوسرے والے لفظ کے نیچے آتا ہے ۔ | (پہلے والے) |
| -39 | جوڑی بنایئے ۔ کمی، دیکھ، تہہ، بھال، ست | (دیکھ بھال) |
| -40 | شکر کی بیماری ایسی خطرناک ہے کبھی اپاہج بھی بنا دیتی ہے صفت کی نشاندہی کیجیے ۔ | (اپاہج) |
| -41 | بچے اور جوان سب موجود تھے ۔ خط کشیدہ لفظ حرف کی کونسی قسم ہے ۔ | (عطف) |
| -42 | اقبال الدولہ ۔ اسم خاص کی کونسی قسم ہے ۔ | (خطاب) |
| -43 | یہ کمرہ 6 فٹ چوڑا ۔ 12 فٹ لمبا اور 8 فٹ اونچا ہے ۔ چوڑا کے بعد صحیح علامت وقف لگایئے ۔ | ( ، ) |
| -44 | ایسا لفظ جو کسی شئی کی تعداد کو بتائے _____ کہلاتا ہے ۔ | (صفت عددی) |
| -45 | حیلہ ساز ۔ سابقہ ہے یا لاحقہ | (لاحقہ) |
| -46 | ان پڑھ سابقہ ہے یا لاحقہ | (سابقہ) |
| -47 | خدا کے نام خط کس نے لکھا ۔ | (لین شو) |
| -48 | لین شو کے کھیتوں کو کس چیز نے تباہ کیا تھا ۔ | (برفباری) |
| -49 | لین شو کو کتنے روپے کی ضرورت تھی ۔ | (سو روپئے) |
| -50 | جو الفاظ بعد میں آتے ہیں کہلاتے ہیں سابقہ یا لاحقہ ۔ | (لاحقہ) |
| -51 | سبزی فروش میں لاحقہ کی نشاندہی کیجیے ۔ | (فروش) |
| -52 | اقبال الدولہ اسم خاص کی کونسی قسم ہے ۔ | (خطاب) |
| -53 | چھری، قلم، اسم عام کی کونسی قسم ہے ۔ | (اسم آلہ) |
| -54 | دس پندرہ آدمی بیٹھے تھے ۔ اس جملے میں صفت کی نشاندہی کیجیے ۔ | (دس پندرہ) |
| -55 | کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے اس جملے میں ضمیر کی نشاندہی کیجیے ۔ | (جس کی) |
| -56 | میں نے روٹی کھائی ۔ یہ جملہ فعل لازم یا متعدی ۔ | (فعل متعدی) |
| -57 | اس نے کتاب قریب قریب ختم کر لی ۔ متعلق فعل کی نشاندہی کیجیے ۔ | (قریب قریب) |
| -58 | چند مشہور کتابیں ہیں ۔ دیوان غالب، غبار خاطر اور دیوان حالی وغیرہ ۔ ختمہ (۔) کی جگہ صحیح علامت وقف لگایئے ۔ | (: رابطہ) |

| | | |
|---|---|---|
| -59 | کہاوت ہے: صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔ صحیح علامت وقف لگایئے۔ | ('' '') |
| -60 | دیکھ بھال لوٹ کھسوٹ۔ دونوں الفاظ کہلاتے ہیں۔ | (قریب المعنی) |
| -61 | زیر کا لفظ لگا کر ایک مرکب لفظ لکھیے۔ | (زیر قدم) |
| -62 | کار کی ضد | (بے کار) |
| -63 | دکھ کی مترادف لکھیے۔ | (درد) |
| -64 | چالیس میل۔ صفت کی کونسی قسم ہے۔ | (صفت عددی) |
| -65 | رضیہ نے شربت پیا۔ خط کشیدہ لفظ حرف کی کونسی قسم ہے۔ | (حرف ربط) |
| -66 | مرزا' نوشہ۔ اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔ | (لقب) |
| -67 | لوٹ کا قریب المعنی لفظ لکھیے۔ | (کھسوٹ) |
| -68 | نو کو سابقہ بنا کر ایک مرکب لفظ لکھیے۔ | (نوبہار) |
| -69 | شاہ کی ضد لکھیے۔ | (گدا) |
| -70 | بر کو لاحقہ بنا کر ایک مرکب لفظ لکھیے۔ | (دل بر) |
| -71 | گرم دودھ لاو اس جملے میں مبتداء کونسا لفظ ہے۔ | (دودھ) |
| -72 | دس برتن صاف کرو۔ اس جملے میں خبر کی توسیع کی نشاندہی کیجیے۔ | (دس) |
| -73 | جس جملے میں کسی واقعہ یا حالت کی خبر دی جائے کہلاتا ہے۔ | (جملہ خبریہ) |
| -74 | ملتف جملہ کونسے جملے کی قسم ہے۔ | (مرکب جملہ) |
| -75 | مرکب جملے کی کتنی قسمیں ہیں۔ | (دو۔ مطلق' ملتف) |
| -76 | ہارون کھیل رہا ہے۔ اس جملے میں خبر کی نشاندہی کیجیے۔ | (کھیل رہا ہے) |
| -77 | مرکب اضافی کی مثال لکھیے۔ | (دل کی کتاب) |
| -78 | خوش ذائقہ۔ سابقہ ہے یا لاحقہ۔ | (سابقہ) |
| -79 | لاحقہ شروع میں لگاتے ہیں یا بعد میں۔ | (بعد میں) |
| -80 | آسمان اور زمین کا پیدا کرنے والا اللہ ہے اس جملے میں اور حرف کی کونسی قسم ہے۔ | (حرف عطف) |
| -81 | اس کے جیسا ساتھی کہاں ملے گا۔ اس جملے میں اس کے جیسا ضمیر کی کونسی قسم ہے۔ | (ضمیر اشارہ) |
| -82 | تعجب والے جملے میں کونسا علامت وقف لگاتے ہیں۔ | (فجائیہ) |
| -83 | راج کا قریب المعنی والا لفظ لکھیے۔ | (پاٹ) |
| -84 | گل۔ گلستان۔ دونوں میں مرکب لفظ کونسا ہے۔ | (گلستان) |
| -85 | اسم جمع کی مثال لکھیے۔ | (انجمن) |
| -86 | وہاں حیدر آبادی' کشمیری سب ہی موجود تھے۔ اس جملے میں صفت کی نشاندہی کیجیے۔ | (کشمیری' حیدر آبادی) |
| -87 | وہ شہر میں رہتا ہے۔ یہ جملہ فعل ناقص ہے یا متعدی | (متعدی) |

88- ایسا جملہ جو صرف فعل اور فاعل سے مکمل ہو کہلاتا ہے۔ (فعل لازم)

89- ایسا جملہ جو فعل فاعل اور مفعول سے مکمل ہو کہلاتا ہے۔ (فعل متعدی)

90- ایسا صفت جو کسی کی ذاتی خصوصیت کو بیان کرے کہلاتا ہے۔ (صفت ذاتی)

91- سبق کو پانچ مرتبہ پڑھو۔اس جملے میں متعلق فعل کی نشاندہی کیجیے۔ (پانچ مرتبہ)

92- ایسا لفظ جو فعل کی خصوصیت کو بتائے کہلاتا ہے۔ (متعلق فعل)

93- سست لڑا۔ بھلا مانس کس کی مثال ہے۔ (صفت اسم)

94- حکیم۔سابقہ لگا کر مرکب لفظ بنائیے۔ (نیم حکیم)

95- احمد پڑھتا ہے۔اس جملے میں مبتدا کی نشاندہی کیجیے۔ (احمد)

96- احمد گھر جاو۔احمد بیمار ہے۔ دونوں جملوں میں جملہ انشائیہ کونسا ہے۔ (احمد گھر جاو)

97- تاج محل، چار مینار، جمنا۔اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔ (علم)

98- وہ اسم جو لفظ واحد مگر معناً جمع ہو کہلاتا ہے۔ (اسم جمع)

99- وہ قلم جو چوری ہوگئی تھی مل گئی۔ جو ضمیر کی کونسی قسم ہے۔ (ضمیر موصولہ)

100- رابطہ کی علامت کیسی ہوتی ہے۔ (:)

101- ندائیہ کی علامت کیسے ہوتی ہے۔ (!)

102- ہنسنا، رونا، اسم عام کی کونسی قسم ہے۔ (اسم کیفیت)

103- خدا کی نظر میں امیر اور غریب سب برابر ہیں اس جملے میں اور حرف کی کونسی قسم ہے۔ (حرف عطف)

104- ارشد بیمار ہے۔ یہ جملہ فعل ناقص کا ہے لازم کا۔ (فعل ناقص)

105- میں دن بھر پڑھتا رہا۔اس جملے میں متعلق فعل کی نشاندہی کیجیے۔ (دن بھر)

106- اس کا طرز عمل عامینہ سوقیانہ اور جاہلانہ ہے۔ عامیانہ اور سوقیانہ کے درمیان صحیح علامت وقف لگائیے۔ (،)

107- حساب کتاب، کام کاج، کس کی مثال ہے۔ (قریب المعنی)

108- صورت کے لحاظ سے جملہ کی کتنی قسمیں ہیں۔ (دو۔ مبتداء، خبر)

109- شناس کو استعمال کر کے ایک مرکب لفظ بنائیے۔ (فرض شناس)

110- شمع انجمن ۔ شب فراق ۔ دل کی کتاب کس کی مثال ہے۔ (مرکب اضافی)

111- کچھ تو ہے جس کی پرواداری ہے۔اس جملے میں جس کی ضمیر کی کونسی قسم ہے۔ (ضمیر تنکیر)

112- کمی کی ضد ہے۔ (بیشی)

113- لڑکے دوڑے۔ یہ جملہ فعل لازم کا ہے یا متعدی۔ (فعل لازم)

114- بے شک اس نے کہا تھا۔ متعلق فعل کی نشاندہی کیجیے۔ (بے شک)

115- (،) قوسین کے بیچ والے علامت کا نام کیا ہے۔ (وقفہ)

116- کھا کھا کے اوس اور بھی سبزہ ہرا ہوا۔اس شعر میں دو ہم معنی الفاظ نشاندہی کیجیے۔ (شبنم، اوس)

117- دغاباز سابقہ ہے یالاحقہ۔ (لاحقہ)

118- دوسرے سیارہ پر کون رہتا تھا۔ (شیخی باز)

119- ہائے ہائے! یہ کب ہوا۔ یہ جملہ حروف کے کونسے قسم کی مثال ہے۔ (فجائیہ)

120- رات دن۔ اسم عام کی کونسی قسم ہے۔ (اسم ظرف)

121- اسلم نے سانپ مارا۔ فاعل کی نشاندہی کیجیے۔ (اسلم)

122- وہ آہستہ چلتا رہا۔ اس جملے میں متعلق فعل کی نشاندہی کیجیے۔ (آہستہ)

123- ماشاءاللہ احمد اچھا لڑکا ہے اس جملے میں ماشاءاللہ کے بعد والی علامت وقف کیا ہوگی۔ (!)

124- ہار جیت، جوڑ توڑ۔ کمی بیشی کس کی مثال ہے۔ (متضاد المعنی)

125- ''خانہ'' لاحقہ لگا کر مرکب لفظ بنایئے۔ (تہہ خانہ)

126- وہ شخص جو آپ سے ملنا چاہتا تھا چلا گیا۔ اس جملے میں تابع جملہ کونسا ہے۔ (جو آپ سے ملنا چاہتا تھا)

127- دو لفظوں کو جوڑنے والا لفظ کہلاتا ہے۔ (حروف ربط)

128- دو جملوں کو جوڑنے والا لفظ کہلاتا ہے۔ (حروف عطف)

129- خوشی یا غم کے وقت نکلنے والا لفظ کہلاتا ہے۔ (فجائیہ)

130- غالب، اقبال، حالی، اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔ (تخلص)

131- وہ اسم جو جگہ اور وقت کو بتائے کہلاتا ہے۔ (اسم ظرف)

132- وہ اسم جو حقارت یا محبت سے پکارا جائے کہلاتا ہے۔ (عرف)

133- وہ صفت جو اسم کی مقدار کو بتائے کہلاتا ہے۔ (صفت مقداری)

134- تم کو کہاں جانا ہے؟ ضمیر کی کونسی قسم ہے۔ (ضمیر استفہام)

135- واقعی میں اس سے الجھ گیا۔ متعلق فعل کی نشاندہی کیجیے۔ (واقعی)

136- وہ بھلا لگتا ہے۔ یہ جملہ فعل لازم کا ہے یا ناقص کا۔ (فعل ناقص)

137- (!) قوس کے بیچ والے علامت کا نام کیا ہے۔ (ندائیہ یا فجائیہ)

138- (?) قوس کے بیچ والے علامت کا نام لکھیے۔ (سوالیہ/استفہامیہ)

139- (-) قوس کے بیچ والی علامت کہاں لگاتے ہیں۔ (جملہ ختم ہونے پر)

140- ختمہ کی علامت کیسی ہوتی ہے۔ (-)

141- کلیم اللہ۔ ذبیح اللہ۔ اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔ (لقب)

142- ثریا نے خط لکھا۔ یہ جملہ فعل لازم کا ہے یا متعدی کا۔ (متعدی)

143- ادھر اُدھر مت دیکھو۔ اس جملہ میں متعلق کی نشاندہی کیجیے۔ (ادھر اُدھر)

144- وہ الفاظ جس کے معنی قریب قریب ہوتے ہیں کہلاتے ہیں۔ (قریب المعنی)

145- وہ الفاظ جس کے معنی ایک ہوتے ہیں کہلاتے ہیں۔ (مترادف)

| | | |
|---|---|---|
| 146- | جملہ کے دو عناصر کونسے ہیں۔ | (مبتدا اور خبر) |
| 147- | حکم کا مفعول لکھیے۔ | (محکوم) |
| 148- | قدم میں سابقہ لگا کر مرکب اضافی کا لفظ بنایئے۔ | (زیرقدم) |
| 149- | صدا اور سدا کیسے الفاظ کہلاتے ہے۔ | (ہم آواز) |
| 150- | معلم کس لفظ سے ماخوذ ہے۔ | (علم سے) |
| 151- | حیدرآبادی، کشمیری، مصری، میں استعمال ہونے والا ''ی'' کہلاتا ہے۔ | (یائے نسبتی) |
| 152- | احمد نے کتاب پڑھی۔ میں ''نے'' حروف کی کونسی قسم ہے۔ | (حروف ربط) |
| 153- | جنگل کا مترادف لکھیے۔ | (صحرا) |
| 154- | ہم سفر۔ سابقہ ہے یا لاحقہ۔ | (سابقہ) |
| 155- | ''قلم'' کے کل اعداد کتنے ہیں۔ | [ 170 ] |
| 156- | ''وحدت کا تاثر'' اس صنف کی خصوصیت ہے۔ | [ مختصر افسانہ ] |
| 157- | ''فاعلن'' اس کی تکرار سے بنا ہے۔ | [ سبب + وتد ] |
| 158- | ''گل'' سبب ہے یا وتد۔ | [ سبب ] |
| 159- | ''غ'' کی قیمت کتنی ہے؟ | [ 1000 ] |
| 160- | علم عروض کے کل کتنے ارکان ہیں؟ | [ انیس (19) ] |
| 161- | ''حامد بیمار ہے'' ۔ اس جملے میں مبتدا کونسا ہے اور خبر کونسا | [ حامد (مبتدا) / بیمار ہے (خبر) ] |
| 162- | ''ہمارے ساتھی دلی جارہے ہیں'' یہ جملہ خبریہ ہے یا انشائیہ | [ جملہ خبریہ ] |
| 163- | ردیف سے پہلے آنے والا ہم آواز لفظ کہلاتا ہے۔ | [ قافیہ ] |
| 164- | مبتدا کی تعریف ہے۔ | [ جملہ کے شروع میں آنے والا لفظ ] |
| 165- | سبب + وتد کا رکن لکھئے۔ | [ مستفعلن ] |
| 166- | محمود پڑھ رہا ہے۔ اس جملے میں محمود ہے۔ | [ مبتدا ] |
| 167- | مختصر افسانہ کی خصوصیت کیا ہے؟ | [ ایک نشست میں پڑھ لیا جائے ] |
| 168- | ''غم'' کے کل اعداد کتنے ہیں؟ | [ 1040 ] |
| 169- | علامت ''استفہامیہ'' لکھیے۔ | [ ؟ ] |
| 170- | احمد آؤ ۔ یہ جملہ، جملہ خبریہ ہے یا انشائیہ | [ جملہ انشائیہ ] |
| 171- | ''وتد'' کی مثال لکھئے۔ | [ قلم ] |
| 172- | ''ض'' کی قیمت لکھئے۔ | [ 800 ] |
| 173- | قوسین کا استعمال کب کرتے ہیں۔ | [ کسی بات کی توضیح یا تشریح کے لئے ] |

| | | |
|---|---|---|
| 174- | بچے سبق پڑھ رہے ہیں۔ یہ فعل ماضی کی کونسی قسم ہے۔ | [ ماضی استمراری ] |
| 175- | شادان چاند کی طرح خوبصورت ہے۔ اس جملے میں شاداں ہے۔ | [ مشبہ ] |
| 176- | سورج، مہر، شمس۔ یہ کیسے حروف کہلاتے ہیں۔ | [ مترادف ] |
| 177- | احمد بھی آیا تھا۔ اس جملے میں ''بھی'' حروف کی کونسی قسم ہے۔ | [ حرف تخصیص ] |
| 178- | دم دم کرنا' رورو کر سنانا۔ اس جملے میں کونسی صنعت پائی جاتی ہے۔ | [ تکرار لفظی ] |
| 179- | نشیب وفراز، عرش وفرش یہ کیسے الفاظ کہلاتے ہیں۔ | [ متضاد ] |
| 180- | ہر لمحہ اللہ کو یاد کرو۔اس جملے میں ''لمحہ'' اسم عام کی کونسی قسم ہے۔ | [ اسم ظرف ] |
| 181- | فضل الرحمٰن ۔ شمسی ہے یا قمری | [ قمری ] |
| 182- | شیر وشکر ۔ کے درمیان کا واؤ کہلاتا ہے | [ عطف ] |
| 183- | غریب نواز ۔ دل نواز ہے | [ لاحقہ ] |
| 184- | ردیف کسے کہتے ہیں | [ قافیہ کے بعد آنے والا لفظ ] |
| 185- | قافیہ کسے کہتے ہیں | [ ردیف سے پہلے آنے والا لفظ ] |
| 186- | سابقہ کی تعریف لکھئے | [ خوش فہمی ] |
| 187- | شعر میں لفظ کے ساتھ اس کی ضد کا استعمال کہلاتا ہے | [ صنعت تضاد ] |
| 188- | حروف شمسی کی تعریف لکھئے | [ الف لام لکھا جائے مگر پڑھا نہ جائے ] |
| 189- | الف ممدودہ کی مثالیں لکھئے۔ | [ آم ۔ آگ ] |
| 190- | واؤ عطف کی مثال لکھئے | [ جدوجہد ] |
| 191- | علامت اضافت لکھئے | [ کسرہ اور ہمزہ ] |
| 192.- | ''دامانِ کوہ'' کونسی ترکیب ہے | [ ترکیبِ اضافی ] |
| 193- | کسی بات کو جانتے ہوئے بھی انجان ہونا کہلاتا ہے | [ تجاہل عارفانہ ] |
| 194- | ''دبیر الملک'' شمسی ہے یا قمری | [ قمری ] |
| 195- | لاحقہ کی تعریف لکھئے۔ | [ کسی لفظ کے شروع میں جوڑ کر مرکب لفظ بنانا ] |
| 196- | مبالغہ کی تعریف لکھئے۔ | [ کسی کی توصیف یا مذمت بڑھا چڑھا کر کرنا ] |
| 197- | حروف قمری کی تعریف لکھئے۔ | [ حرف سے پہلے الف لام کو لکھا اور پڑھا جائے ] |
| 198- | غزل کے دوسرے شعر کے دونوں مصرعوں میں اگر قافیہ ردیف کی پابندی کی جائے تو کہلاتا ہے | [ حسن مطلع ] |
| 199- | شعری محاسن کو اجاگر کرنا اور اس سے لطف اندوز ہونا کہلاتا ہے | [ علم بیان ] |
| 200- | وہ جنگل میں رہتا تھا مانند شیر چلے آتے تھے پاس اس کے کبیر اس شعر میں صنعت ہے | [ تشبیہ ] |

-201 ایسی نظم جس میں بحر کے استعمال اور قافیوں کی ترتیب میں مقررہ اصولوں کی پابندی کی گئی ہو کہلاتی ہے [ پابند نظم ]

-202 ملک الشعراء کا الف لام پڑھا جائے گا یا نہیں [ نہیں ]

-203 مالِ مفت دلِ بے رحم'' اس میں علامت کسرہ والے الفاظ کی نشاندہی کیجئے۔ [ دلِ ]

-204 اکثر لوگ سڑک پر ہونے والے حادثات کو ان دیکھا کر کے گزر جاتے ہیں۔ اس جملہ میں سابقہ کی نشاندہی [ ان دیکھا ]

-205 فرض شناس لوگ سماج کا اثاثہ ہوتے ہیں۔ اس جملہ میں لاحقہ کی نشاندہی کریں۔ [ فرض شناس ]

-206 ''سائمہ محنت سے بڑھتی ہے'' اس جملہ میں خبر کی نشاندہی کیجئے۔ [ بڑھتی ہے ]

-207 ''افسوس! تم کل کیوں نہیں آئے'' یہ جملہ کس کی مثال ہے؟ [ فجائیہ ]

-208 ایک ہی مفہوم ادا کرنے والا جملہ کیا کہلاتا ہے؟ [ مفرد جملہ ]

-209 ''احمد ہر صبح سیر کو جاتا ہے'' اس جملہ میں مبتداء کی نشاندہی کرو؟ [ احمد ]

-210 ''مغل حکمرانوں نے بڑی آن بان سے حکومت کی'' خط کشیدہ لفظ کا مترادف لکھئے۔ [ شان وشوکت ]

-211 ہمیں دوسروں کے دکھ درد میں شامل ہونا چاہئے۔ اس جملہ میں قریب المعنی کی نشاندہی کیجئے۔ [ دکھ درد ]

-212 دن رات محنت کے بعد ہی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ اس جملے میں تضاد کی نشاندہی کیجئے۔ [ رات دن ]

-213 احمد کھیل رہا ہے۔ اس جملے میں فعل کونسا لفظ ہے۔ نشاندہی کیجئے۔ [ کھیل رہا ہے ]

-214 ''نعت پڑھائی گئی'' وہ فعل جس میں فاعل معلوم نہ ہو تو کیا کہلاتا ہے؟ [ فعل مجہول ]

-215 نیا قلم خریدو۔ اس جملے میں قلم اسم ہے یا صفت۔ [ اسم ]

-216 ''وہاں حیدرآبادی اور مدراسی ہیں۔'' خط کشیدہ لفظ صفت کی کونسی قسم ہے؟ [ صفت نسبتی ]

-217 مثبت جملے کی ایک مثال لکھئے۔ [ احمد آیا ]

-218 ''نجم السحر پڑھتی ہے'' یہ جملہ فعل ماضی ہے یا فعل حال۔ [ فعل حال ]

-219 ''میں خط لکھ رہا ہوں'' اس جملے میں ضمیر ہے۔ [ میں ]

-220 ''ہماری جماعت میں 35 طلباء ہیں'' اس جملہ میں صفت کی کونسی قسم کا استعمال ہوا ہے؟ [ صفت عددی ]

-221 حروف قمری لکھئے۔ [ ا ، ب ، ج، خ، ع، غ، ف، ق ، ک، م ، و ، ہ ، ی ]

-222 وہ نام جو کسی خاص شخص یا مقام کو ظاہر کرے۔ کہلاتا ہے [ اسم خاص ]

-223 ''واہ واہ! سبحان اللہ!'' یہ الفاظ کہلاتے ہیں۔ [ فجائیہ ]

-224 ''باجماعت نماز پڑھو'' اس جملہ میں اس جمع کی نشاندہی کرو۔ [ جماعت ]

-225 کلوٗ چنوٗ الو کس کی مثال اور اسم خاص کی کونسی قسم ہے [ عرف ]

-226 اسم کی جگہ استعمال ہونے والا لفظ کیا کہلاتا ہے۔ [ ضمیر ]

-227 تم کہاں جا رہے ہو؟ اس جملہ میں ضمیر کی کونسی قسم پائی جاتی ہے۔ [ضمیر استفہامیہ]

228- ''ترکاریوں کی قیمت میں بہت زیادہ اضافہ ہوتا جارہا ہے''اس جملے میں حرف اضافت کی نشاندہی کرو [ کی ]

229- ''حاجت'ضعیف''میں حرف علت کی نشاندہی کیجئے۔ [ ا ۔ ی ]

230- ''ریل میں ہم سفر ایک دوسرے کے دوست بن جاتے ہیں''اس جملہ میں سابقہ کی نشاندہی کیجئے۔ [ ہم ]

231- بامعنی واحد لفظ کیا کہلاتا ہے۔ [ مفرد لفظ ]

232- حرف شمسی کی مثال دیجئے۔ [ الشمّس ]

233- ایک اسم کا تعلق دوسرے اسم' صفت یا فعل سے جوڑنا کہلاتا ہے۔ [ اضافت ]

234- ''تاج محل فن تعمیر کا بہترین نمونہ ہے'' اس جملہ میں علامت اضافہ کی نشاندہی کیجئے۔ [ کسرہ (زبر) ]

235- سنہری کرن' گلزار' گلستان وغیرہ کسی کی مثالیں ہیں؟ [ مرکب لفظ ]

236- حروف علت لکھئے۔ [ ا و ی ]

237- اعراب کس کو کہتے ہیں؟ [ زیر، زبر، پیش اور تنوین کو ]

## مشقی سوالات

1- غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔ (ب)

(الف) مطلع (ب) مقطع

2- قصیدے کے اجزاء ہوتے ہیں۔ (الف)

(الف) پانچ (ب) تین

3- ''قصیدہ''اس زبان سے اردو میں داخل ہوا۔ (ب)

(الف) عربی (ب) فارسی

4- شاعری میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو باہم مناسبت رکھتے ہوں (الف)

(الف) مراعات النظیر (ب) حسن تعلیل

5- غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہم ردیف ہوں کہلاتا ہے۔ (الف)

(الف) مطلع (ب) مقطع

6- زلزلہ کا مترادف ہے۔ (ب)

(الف) آنچل (ب) بھونچال

7- ''احمد شیر کی طرح بہادر ہے''یہ کس کی مثال ہے۔ (ب)

(الف) استعارہ (ب) تشبیہ

8- شعر میں ایسے الفاظ کا استعمال کرنا جن کے معنی میں ضد ہو۔ (ب)

(الف) مبالغہ (ب) تضاد

9- شعر میں کسی بات کو ثابت کرنے کے لئے ایسی چیز کو سبب قرار دینا جو حقیقت میں اس کا سبب نہ ہو۔ کہلاتا ہے۔ (ب)

(الف) مراعات النظیر (ب) حسن تعلیل

-10 تشبیب کس صنف کا جز ہے (ب)

(الف) نوحہ (ب) قصیدہ

-11 میں نے پھول جیسی خوبصورت لڑکی دیکھی یہ کس کی مثال ہے۔ (ب)

(الف) استعارہ (ب) تشبیہہ

-12 وہ نظم جس میں کسی کی تعریف' توصیف بیان کی جائے۔ (الف)

(الف) قصیدہ (ب) مرثیہ

# اصنا ف ۔ مصنفین

.1 خاندان تیموریہ کی تاریخ لکھنے کی ذمہ داری ان کو سونپی گئی تھی

(1) امیرخسرو (2) مرزاغالب (3) ذوق (4) پروفیسر مسعود حسین خان

.2 ایسی تحریر جو ذہنی اپج کو گرفت میں لاتی ہے کہلاتی ہے

(1) ناول (2) افسانہ (3) سوانح (4) انشائیہ

.3 جس جاندار کے آخر میں ''الف''یا''ہ''ہوتو وہ عام طور پر ہوتا ہے

(1) مونث حقیقی (2) مذکر حقیقی (3) مونث غیر حقیقی (4) مذکر غیر حقیقی

.4 ''اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی اور برج بھاشا خاص ہندوستانی زبان ہے'' اردو کے تعلق سے یہ کس کا نظریہ ہے

(1) محمد حسین آزاد (2) سرسید احمد خان (3) ڈاکٹر زور (4) احتشام حسین

.5 اس صنف سخن میں مافوق الفطرت عناصر کا ذکر کیا جاتا ہے

(1) افسانہ (2) نظم (3) مثنوی (4) ڈرامہ

.6 حروف علت کی تعداد ہے

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

.7 زبان کے سر اور اوپر کے دانتوں کے نیچے سے نکلنے والا حرف ہے

(1) ف (2) ق (3) ل (4) ن

.8 انسان کو کہا جاتا ہے

(1) حیوان ناطق (2) حیوان مطلق (3) حیوان ساحل (4) حشرات الارض

.9 نجم السحر سبق پڑھ رہی ہے۔ یہ جملہ ہے

(1) جملہ خبریہ (2) جملہ انشائیہ (3) مرکب جملہ (4) جملہ ملتف

.10 یہ ہمزہ اضافت کی مثال ہے

(1) جذبۂ ایمان (2) دردِدل (3) دریتیم (4) نیلا آسمان

11. صورت کے لحاظ سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں

(1) دو (2) تین (3) چار (4) پانچ

12. حروف قمری کی تعداد ہے

(1) 12 (2) 13 (3) 14 (4) 15

13. صبح جاتا ہوں۔اس جملے میں پائی جارہی ہے

(1) حالت فاعلی (2) حالت مفعولی (3) حالت ظرفی (4) حالت ندائی

14. نظم ''شیشے کا آدمی'' کے شاعر ہیں

(1) سردار جعفری (2) اختر الایمان (3) مخدوم (4) شاذ تمکنت

15. ٹیپ کا مصرعہ۔اس صنف سخن میں پایا جاتا ہے

(1) گیت (2) ماہیہ (3) قطعہ (4) دوہا

16. یہ موصوف صفت کی مثال ہے

(1) دردِدل (2) پاس وفا (3) احمد کا گھر (4) کالا کوا

17. پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی ساحل سے سر پٹکتی تھی موجیں فرات کی

اس شعر میں کونسی صنعت پائی جارہی ہے

(1) مراعت النظیر (2) تجاہل عارفانہ (3) حسن تعلیل (4) مبالغہ

18. نازکی اس لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

اس شعر میں وجہ تشبیہ ہے

(1) نازکی (2) پنکھڑی (3) گلاب (4) لب

19. قطعہ بند شعر اس صنف میں پایا جاتا ہے

(1) غزل (2) قطعہ (3) قصیدہ (4) رباعی

20. تشبیہ، استعارہ، مجاز مرسل اور کنایہ کا تعلق اس علم سے ہے

(1) علم ہجا (2) علم صرف (3) علم بیان (4) علم نحو

21. چھوٹے سے چاند میں ہے ظلمت بھی روشنی بھی نکلا کبھی گہن سے آیا کبھی گہن میں

اس شعر میں پایا جاتا ہے

(1) تشبیہ (2) استعارہ (3) مجاز مرسل (4) کنایہ

22. تشبیہ کے کتنے ارکان ہیں

(1) 4 (چار) (2) 5(پانچ) (3) 6 (چھ) (4) 3 (تین)

23. ''دی ونگس آف فائر'' کے مصنف ہیں

(1) مولانا ابوالکلام آزاد (2) جواہر لال نہرو
(3) اے پی جے عبدالکلام (4) رشدی

24. احمد چار آم کھایا۔ اس جملے میں خبر کی توسیع ہے
(1) احمد (2) چار (3) آم (4) کھایا

25. جگنو پر لفظ ہے
(1) مذکر حقیقی (2) مونث حقیقی (3) مذکر غیر حقیقی (4) مونث غیر حقیقی

26. راشد بیمار ہے۔ اس جملے میں پائی جارہی ہے
(1) حالت اضافی (2) حالت ندائی (3) حالت خبری (4) حالت مفعولی

27. ڈ۔ر۔ٹ یہ خالص حروف ہیں
(1) انگریزی کے (2) ہندی کے (3) عربی کے (4) فارسی کے

28. حروف قمری کی تعداد ہے
(1) 14 (چودہ) (2) 15(پندرہ) (3) 16 (سولہ) (4) 17(سترہ)

29. اردو کا لفظ اس زبان سے لیا گیا ہے
(1) عربی (2) ترکی (3) فارسی (4) سنسکرت

30. جملے کا پہلا جز کہلاتا ہے
(1) مبتداء (2) فعل (3) خبر (4) مفعول

31. ض۔ظ۔غ یہ حروف خالص _____ ہیں
(1) عربی (2) فارسی (3) اردو (4) ہندی

32. بھ پھ ٹھ تھ وغیرہ کو کہا جاتا ہے
(1) مفرد حرف (2) ہکاری آواز والے حروف (3) دوچشمی حروف (4) لفظ

33. تعلیمی اعتبار سے اس زبان کی بہت اہمیت ہے
(1) عربی زبان (2) ہندی زبان (3) مادری زبان (4) انگریزی زبان

34. چٹکی بجانا کہلاتا ہے
(1) لمسی اشارے (2) سمعی اشارے (3) بصری اشارے (4) آ گاہی کے اشارے

35. اظہار خیال کا سب سے اہم وسیلہ ہے
(1) ٹی۔وی (2) علم (3) تقریر (4) زبان

36. شعری محاسن کو اجاگر کرنا اس سے لطف اندوز ہونا کہلاتا ہے
(1) علم عروض (2) علم بیان (3) علم ہجا (4)علم صرف

37. وحدت تاثیر اس صنف کی خصوصیت ہے

(1) ناول (2) سوانح نگاری (3) مثنوی (4) مختصرافسانہ

38. کفن۔گئودان ان کامشہورافسانہ ہے

(1) کرشن چندر (2) شمس الدین (3) صالحہ عابد حسین (4) پریم چند

39. مثنوی گلزار نسیم۔ان کی مشہور مثنوی ہے

(1) پنڈت دیا شنکر کی (2) میر حسن کی (3) میر انیس کی (4) میر دبیر کی

40. تخیل کی پرواز، زور بیاں۔اس صنف کی خوبی ہے

(1) مثنوی (2) قصیدہ (3) نظم (4) غزل

41. علم عروض کے لحاظ سے واؤ معدولہ اور واو عطف کو کہا جاتا ہے

(1) حروف ملفوظ (2) حروف غیر ملفوظ (3) حروف تقطیع (4) حروف جار

42. یہ حروف کہلاتے ہیں (ذ،ز،ض،ظ)

(1) حروف جار (2) حروف علت (3) حروف شمسی (4) حروف قمری

43. غزل کے دوسرے شعر کے دونوں مصرعوں میں اگر قافیہ ردیف کی پابندی کی جائے تو کہلاتا ہے

(1) مطلع (2) شاہ بیت (3) حسن مطلع (4) مطلع اول

44. زبان کی جڑ اور تالو سے نکلنے والا حرف ہے

(1) ل (2) ق (3) ن (4) م

45. اردو میں ایک صحیح جملے کی ترتیب اس طرح ہوگی

(1) فعل فاعل مفعول (2) فاعل فعل مفعول (3) مفعول فعل فاعل (4) فاعل مفعول فعل

46. اردو ایک ہند ______ زبان ہے

(1) ہندی (2) سنسکرت (3) آریائی (4) عربی فارسی

47. ''وہ زبان جسے ہم اردو کہتے ہیں سرزمین پنجاب میں پیدا ہوئی اور وہاں سے ہجرت کر کے دہلی پہنچی'' اردو کے تعلق سے یہ کن کا نظریہ ہے

(1) محمود شیرانی (2) سرسید احمد خان (3) محمد حسین آزاد (4) ڈاکٹر زور

48. یہ مرثیہ کے اجزاء ترکیبی میں سے نہیں ہے

(1) چہرہ (2) رخصت (3) بین (4) گریز

49. حروف تہجی کی تعداد ہے

35 (1) 36 (2) 38 (3) 37 (4)

50. بازو میں نہ تو مرے گرہ باندھ سمجھاؤں جو پیندا سے گرہ باندھ

اس شعر میں گرہ باندھنے کا بالترتیب یہ معنی ہیں

(1) گانٹھ ڈالنا ۔ نصیحت کو سمجھنا (2) نصیحت کو سمجھنا۔گانٹھ ڈالنا

(3) گرہ ڈالنا۔گانٹھ ڈالنا (4) نصیحت پرعمل کرنا۔گرہ ڈالنا

51. وسط حلق سے نکلنے والے حروف ہیں

(1) ء۔ف (2) ق ل (3) ل ۔ م (4) ع ح

52. تارے آنکھیں جھپک رہے تھے تھا بام پہ کون جلوہ گر رات

اس شعر میں یہ صنعت پائی جاتی ہے

(1) صنعت تضاد (2) صنعت مبالغہ (3) حسن تعلیل (4) صنعت تجنیس

**جوابات KEY**

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | **2** | 11 | **1** | 21 | **2** | 31 | **1** | 41 | **2** | 51 | **4** |
| 2 | **4** | 12 | **3** | 22 | **2** | 32 | **2** | 42 | **3** | 52 | **2** |
| 3 | **2** | 13 | **3** | 23 | **3** | 33 | **3** | 43 | **3** | | |
| 4 | **1** | 14 | **2** | 24 | **2** | 34 | **2** | 44 | **2** | | |
| 5 | **3** | 15 | **1** | 25 | **1** | 35 | **4** | 45 | **4** | | |
| 6 | **2** | 16 | **4** | 26 | **3** | 36 | **2** | 46 | **3** | | |
| 7 | **4** | 17 | **3** | 27 | **2** | 37 | **4** | 47 | **1** | | |
| 8 | **1** | 18 | **1** | 28 | **1** | 38 | **4** | 48 | **4** | | |
| 9 | **1** | 19 | **1** | 29 | **2** | 39 | **1** | 49 | **2** | | |
| 10 | **1** | 20 | **3** | 30 | **1** | 40 | **4** | 50 | **1** | | |

## قواعد

نوٹ: ذیل سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے علامات A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔

1. دو حرفی لفظ جس کا پہلا حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو تو کہلاتا ہے [ ]

(A) سبب (B) وتد (C) فاصلہ (D) فعولن

2. ''واہ بہت خوب بات کہی تم نے'' اس جملہ میں کس علامت کا استعمال کیا جائے گا [ ]

(A) ( ) (B) : (C) ! (D) ؟

3. وہ علم جس میں شعری محاسن کو اجاگر کیا جاتا ہے کہلاتا ہے [ ]

(A) علم عروض (B) علم صرف (C) علم الاعداد (D) علم البیان

4. ''محمود امتحان لکھ رہا ہے'' اس جملے میں مبتدا ہے [ ]

(A) امتحان (B) لکھ (C) محمود (D) امتحان لکھ رہا ہے

5. کلام میں حقیقی معنی چھوڑ کر مرادی معنی لینا کہلاتا ہے [ ]

(A) استعارہ (B) کنایہ (C) تجنیس (D) مجاز مرسل

6. کسی بات پر زور دینا ہو تو الفاظ کی تکرار کی جاتی ہے۔ ایسی ترکیب کو کہتے ہیں [ ]

(A) مترادف (B) تکرار لفظی (C) متضاد المعنی (D) سابقہ

7. لفظ کو اس کے اصلی معنی کے علاوہ کسی دوسرے معنی میں استعمال کرنا کہلاتا ہے [ ]

(A) تشبیہ (B) تشریح (C) استعارہ (D) کنایہ

8. کسی ایک ہی چیز کو الگ الگ ناموں سے پکارا جائے تو ایسے الگ الگ نام ایک دوسرے کے کہلاتے ہیں [ ]

(A) مترادف (B) تکرار لفظ (C) متضاد المعنی (D) سابقہ

9. ایسے الفاظ جو ''واؤ'' عطف سے اپنی ضد کے ساتھ استعمال ہوں۔ کہلاتے ہیں [ ]

(A) ہم معنی (B) متضاد الفاظ (C) تکرار لفظی (D) تجاہل عارفانہ

10. کسی لفظ کے بعد جڑ کر ایک خاص معنی پیدا کرنے والے جز کو کہتے ہیں [ ]

(A) سابقہ (B) تشبیہ (C) استعارہ (D) لاحقہ

11. دردِ دل، پاسِ وفا مثالیں ہیں [ ]

(A) کسرہ اضافت (B) ہمزہ اضافت (C) حروف اضافت (D) اضافت

12. الف ممدودہ کی مثال ہے [ ]

(A) اللہ (B) ایک (C) ان (D) آج

13. سبب کی مثال ہے [ ]

(A) تِلک (B) گل (C) وطن (D) قلم

14. دبیر الملک مثال ہے [ ]

(A) شمسی (B) املا (C) قمری (D) سبب

15. ردیف سے پہلے آنے والا لفظ کہلاتا ہے [ ]

(A) حسن مطلع (B) مقطع (C) مطلع (D) قافیہ

16. نشیب و فراز، عرش و فرش مثالیں ہیں [ ]

(A) تجنیس (B) متضاد المعنی (C) کنایہ (D) لاحقہ

17. سبب + وتد کا رکن ہے [ ]

(A) فعولن (B) فاعلن (C) مستفعلن (D) فاعلاتن

18. ایک شئے کو دوسری شئے کے مثل قرار دینا کہلاتا ہے [ ]

(A) استعارہ (B) کنایہ (C) مجاز مرسل (D) تشبیہ

19. کسی لفظ کے شروع میں جڑ کر ایک خاص معنی پیدا کرنے والے جز کو کہتے ہیں [ ]

(A) سابقہ (B) لاحقہ (C) کنایہ (D) مجازمرسل

20. دم دم کرنا ۔ رورو کرسنانا ۔ کس کی مثال ہے [ ]

(A) تجنیس (B) مترادف (C) متضادالفاظ (D) تکرارلفظی

21. غ کی قیمت ہے [ ]

(A) 10 (B) 1000 (C) 100 (D) 1

22. وحدت کا تاثر اس صنف میں پایا جاتا ہے [ ]

(A) ناول (B) داستان (C) افسانہ (D) ڈرامہ

23. ''بچے سبق یاد کر رہے تھے'' یہ جملہ ماضی کی قسم ہے [ ]

(A) ماضی بعید (B) ماضی قریب (C) ماصی استمراری (D) ماضی مطلق

24. ''شاداں چاند کی طرح خوبصورت ہے'' اس جملہ میں شاداں ہے [ ]

(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرف تشبیہ (D) غرضِ تشبیہ

25. ''ہمارے ساتھی دلی جارہے ہیں'' یہ جملہ ہے [ ]

(A) انشائیہ (B) خبریہ (C) مرضیہ (D) زبردستی

26. کسی بات کو جانتے ہوئے بھی اس سے انجان رہنا کہلاتا ہے [ ]

(A) تضاد (B) تجاہل عارفانہ (C) صنعت تکرار (D) حروف شمسی

27. جب کسی لفظ پر ''الف لام'' لگایا جائے اور الف لام نہیں پڑھا جائے تو کہلاتا ہے [ ]

(A) حروف اضافت (B) حروف شمسی (C) حروف قمری (D) علامت اضافت

28. ''حامد رورہا ہے'' اس جملے میں خبر ہے [ ]

(A) حامد (B) رورہا ہے (C) رونا (D) حامد رورہا ہے

29. ہندسوں کی قیمت کا علم کہلاتا ہے [ ]

(A) علم بیان (B) علم اعداد (C) علم صرف (D) علم نحو

30. قلم کی قیمت ہے [ ]

(A) 107 (B) 170 (C) 710 (D) 071

31. جب کسی لفظ پر ''الف لام'' لگایا جائے اور ''الف لام'' پڑھا جائے تو کہلاتا ہے [ ]

(A) حروف شمسی (B) حروف قمری (C) حروف اضافت (D) علامت اضافت

32. ''پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے'' اس جملہ میں ''کی سی'' کیا ہے؟ [ ]

(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) حرف تشبیہ (D) وجہ تشبیہ

33. ''آتے آتے آئے گا'' اس جملے میں ''آتے آتے'' کس کی مثال ہے [ ]

(A) تشبیہ (B) تکرار لفظی (C) متضاد (D) مترادف

34. ''سورج، مہر، شمس'' کیا ہیں [ ]

(A) مترادف (B) متضاد (C) تکرار لفظی (D) کنایہ

35. ''ح'' کی قیمت ہے [ ]

(A) 8 (B) 18 (C) 118 (D) 180

36. ''حامد پڑھ رہا ہے'' اس جملے میں خبر کیا ہے؟ [ ]

(A) حامد (B) پڑھنا (C) پڑھ رہا ہے (D) رہا ہے

37. علم عروض کے کل اوزان ہیں [ ]

(A) 17 (B) 18 (C) 19 (D) 20

38. فاعلن اس کے تکرار سے بنا ہے [ ]

(A) وتد + سبب (B) سبب+ سبب + وتد (C) سبب + وتد (D) وتد + سبب + سبب

39. دامانِ کوہ کی ترکیب ہے [ ]

(A) ہمزہ اضافت (B) حروف اضافت (C) ترکیب اضافی (D) ترکیب توصیفی

40. ''یہ سیب کشمیری ہے'' اس جملے میں کونسی صفت ہے [ ]

(A) صفت عددی (B) صفت مقداری (C) صفت نسبتی (D) صفت ذاتی

41. کوئی لفظ جب ہمزہ اضافت سے ملے تو اسے کہتے ہیں [ ]

(A) کسرہ اضافت (B) حرف اضافت (C) ہمزہ اضافت (D) علامت

42. ''کا، کی، کے'' کیا ہیں [ ]

(A) کسرہ اضافت (B) حروف اضافت (C) ہمزہ اضافت (D) علامت

43. علامت استفہامیہ کونسی ہے [ ]

(A) ؟ (B) ! (C) ۔ (D) '' ''

44. کسی عبارت کی توضیح یا تشریح کے لیے اس علامت کا استعمال کرتے ہیں [ ]

(A) خط فاصل (B) قوسین (C) واوین (D) وقفہ

45. محمود امتحان لکھ رہا ہے۔ اس جملے میں محمود ہے [ ]

(A) مبتدا (B) خبر (C) تشبیہ (D) علامت

46. ''ق'' کی قیمت ہے [ ]

(A) 400 (B) 300 (C) 200 (D) 100

47. ''درسی کتاب'' کی قیمت ہے [ ]

(A) 695 (B) 696 (C) 697 (D) 698

48. ''راشد خوشی خوشی چلا گیا'' اس جملے میں صنعت ہے [ ]

(A) تجنیس (B) کنایہ (C) تکرار لفظی (D) متضاد الفاظ

49. ''تین حرفی لفظ جس کے پہلے دو حروف متحرک اور تیسرا ساکن ہو تو کہلاتا ہے [ ]

(A) سبب (B) فاصلہ (C) وتد (D) فاعلن

50. ''شاباش ___ تم نے میدان مار لیا'' خالی جگہ کے لیے کس علامت کا استعمال کیا جائے گا [ ]

(A) ؟ (B) ! (C) ( ) (D) ،

51. کسی لفظ کے شروع میں جُڑ کر ایک نیا معنی پیدا کرنے والا ''جُز'' کہلاتا ہے [ ]

(A) لاحقہ (B) حرف شمسی (C) حرف قمری (D) سابقہ

52. شعر میں کسی لفظ کو اس کے ضد کے ساتھ استعمال کرنا کہلاتا ہے [ ]

(A) مترادف (B) تضاد (C) مہمل (D) مفرد

53. کسی بات پر زور دینے کے لیے لفظ کو دوبار استعمال کرنا کہلاتا ہے [ ]

(A) کنایہ (B) ترکیب اضافی (C) ترکیب توصیفی (D) تکرار لفظی

54. جذبۂ عشق، قصۂ پارینہ، طریقۂ تعلیم مثالیں ہیں [ ]

(A) ترکیب اضافی (B) کسرہ اضافت (C) ہمزہ اضافت (D) مرکب اضافی

55. کسی کی تعریف یا تذلیل بڑھا چڑھا کر پیش کرنا کہلاتا ہے [ ]

(A) تجاہل عارفانہ (B) مبالغہ (C) استعارہ (D) تشبیہ

56. جملہ میں شروع میں آنے والا لفظ کہلاتا ہے [ ]

(A) عناصر (B) خبر (C) مبتداء (D) توسیع مبتداء

57. وہ جملہ جس میں کسی واقعہ یا حالت کی خبر دی جائے کہلاتا ہے [ ]

(A) مرکب جملہ (B) مفرد جملہ (C) جملہ انشائیہ (D) جملہ خبریہ

58. کلام میں ایسے الفاظ کا استعمال جو املا میں تو یکساں ہوں مگر معنی الگ الگ ہوں کہلاتا ہے [ ]

(A) صنعت مبالغہ (B) صنعت تجنیس (C) حسن تعلیل (D) مبالغہ

59. غیر جاندار اشیاء کی تذکیر و تانیث کہلاتی ہے [ ]

(A) جنس حقیقی (B) جنس غیر حقیقی (C) جنس حقیقی مونث (D) جنس غیر حقیقی مذکر

60. غیر جاندار اسماء کے آخر میں ی ت ٹ ہو تو عام طور پر وہ ہوتے ہیں [ ]

(A) جنس حقیقی (B) جنس غیر حقیقی (C) جنس حقیقی مونث (D) جنس غیر حقیقی مذکر

61. کفن ان کا مشہور افسانہ ہے [ ]

(A) کرشن چندر (B) پریم چند (C) ذاکر حسین (D) وحیدالدین سلیم

62. وحدت کا تاثر کا پایا جانا اس صنف میں ضروری ہے [ ]

(A) افسانہ (B) مختصر افسانہ (C) نظم (D) مثنوی

63. اس صنف میں مرنے والوں کی خوبی بیان کی جاتی ہے [ ]

(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) مثنوی (D) افسانہ

64. اس صنف میں ہر شعر معنی و مفہوم کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے [ ]

(A) قصیدہ (B) غزل (C) مثنوی (D) نظم

65. اسما یا چیزوں کی گنتی کو کہتے ہیں [ ]

(A) اسم (B) تعداد (C) حساب کرنا (D) گنتی کر کے لکھنا

66. بولا جب اس نے باندھے بازو ☆ کھلتا نہیں کس طرح پرے تو اس شعر میں یہ صنعت پائی جاتی ہے [ ]

(A) صنعت مبالغہ (B) صنعت تضاد (C) مراعات النظیر (D) کنایہ

67. یہ بھی نہ پوچھا کبھی صیاد نے ☆ کون رہا کون رہا ہوگا اس شعر میں یہ صنعت پائی جاتی ہے [ ]

(A) صنعت مبالغہ (B) صنعت تجنیس (C) حسن تعلیل (D) مبالغہ

## اضداد

نوٹ: ذیل کے جملوں میں خط کشیدہ لفظ کی صحیح ضد کا انتخاب کر کے قوس میں لکھئے۔

68. یہ آم <u>دیسی</u> ہے۔ [ ]

(A) ہندوستانی (B) بدیسی (C) چھنکا (D) بدیشی

69. ہندوستان ایک <u>کثیر</u> لسانی ملک ہے۔ [ ]

(A) زیادہ (B) قلیل (C) اکثر (D) بہتر

70. قوم کا <u>انتشار</u> ملک کی ترقی میں رکاوٹ ہے ۔ [ ]

(A) متحد (B) منتشر (C) اتفاق (D) اتحاد

71. <u>مختصر</u> افسانہ ایک نشست میں پڑھا جاتا ہے۔ [ ]

(A) طویل (B) زیادہ (C) لمبی (D) چھوٹا

72. لوگ روزگار کی خاطر <u>بدیش</u> کو اپنا رہے ہیں۔ [ ]

(A) میکش (B) ہردیش (C) پردیش (D) دیش

73. <u>نیکی</u> کی راہ اختیار کر کے ہم جنت کے حق دار بن جاتے ہیں۔ [ ]

(A) بدر (B) بدی (C) بہادر (D) بہار

74. ہر کام میں مثبت و منفی پہلو کا خیال رکھو۔ [ ]

(A) مثبت (B) اچھائی (C) بُرائی (D) بہتری

75. شہر حیدرآباد جدید و قدیم عمارتوں کا سنگم ہے۔ [ ]

(A) قدیم (B) پُرانی (C) عالیشان (D) پُرشکوہ

76. غبار خاطر میں مختصر مضامین پائے جاتے ہیں۔ [ ]

(A) جامع (B) طویل (C) طول (D) چھوٹے

77. آج کل ملک میں کرنسی کی قلت پائی جاتی ہے۔ [ ]

(A) کثرت (B) زیادتی (C) کمی (D) بیشی

78. ہندوستان ایک کثیر مذہبی ملک ہے۔ [ ]

(A) قلیل (B) زیادہ (C) کم (D) بہت زیادہ

79. ہمارے شہر کا حاکم شریف النفس ہے۔ [ ]

(A) محکوم (B) حکماء (C) عوام (D) حکم

80. صبح کی سیر صحت کے لیے مفید ہے۔ [ ]

(A) مضر (B) نقصاندہ (C) فائدہ مند (D) اچھا

81. کس شیر کی آمد ہے کہ ہلچل مچی ہوئی ہے۔ [ ]

(A) رفت (B) جانا (C) رہنا (D) آنا

82. حیدرآباد میں بے شمار بلند عمارتیں تعمیر کی جارہی ہیں۔ [ ]

(A) بڑی (B) نیچی (C) پست (D) اونچی

83. زمین خشکی اور تری دو حصوں پر مشتمل ہے۔ [ ]

(A) پانی (B) تر (C) تری (D) بحر

## سابقہ/ لاحقہ

نوٹ: ذیل کے خالی جگہوں کے لئے مناسب سابقہ/ لاحقہ کا انتخاب کر کے قوسین میں لکھئے۔

84. نماز میں تسبیحات ________ لب پڑھتے ہیں۔ [ ]

(A) زیر (B) خوش (C) بے (D) بد

85. روزانہ ________ جماعت نماز ادا کرو [ ]

(A) با (B) بے (C) لا (D) اچھی

86. خوش ______ افراد کی کمی محسوس کی جارہی ہے [ ]

(A) نویس (B) نویسی (C) نوش (D) فہمی

87. اس کی باتوں نے مجھے غلط ______ میں مبتلا کردیا [ ]

(A) فہمی (B) انداز (C) طریقے (D) بیان

88. مسجد ایک بہترین عبادت ______ ہے [ ]

(A) کی جگہ (B) گاہ (C) مند (D) گار

89. راشد اسد کا ______ جماعت ہے [ ]

(A) ہم (B) خوش (C) ریل (D) زیر

90. ______ غیرت لوگ بات بات پرنہیں جھگڑتے [ ]

(A) اہل (B) بے (C) بھر (D) ہم

91. ہمارے اسکول میں مضمون ______ کا مقابلہ منعقد ہوا [ ]

(A) لکھنے (B) نویسی (C) پڑھنے (D) دیکھنے

## واحد/جمع

نوٹ: ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ الفاظ کے مناسب واحد/جمع کا انتخاب کرکے علامت(A/B/C/D) کو قوسین میں لکھئے۔

92. حکومت نے تعلیم کو عام کرنے کے لیے جابجا درس گاہیں قائم کی گئیں ہیں۔خط کشیدہ لفظ کی واحد لکھئے [ ]

(A) درس گاہ (B) درگاہ (C) بندرگاہ (D) عبادت گاہ

93. محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد سے قبل عرب کے قبائل جہالت کی زندگی گزار رہے تھے۔واحد لکھئے [ ]

(A) کمبیلہ (B) قبیلہ (C) طبیلہ (D) سنپولہ

94. ڈاکٹر ذاکر صاحب کاشی ودھیا پیٹھ کے متعلّمین سے مخاطب تھے [ ]

(A) متعلّم (B) معلم (C) معلّمین (D) معلومات

95. ہندوستان ایک ترقی پذیر ملک ہے [ ]

(A) ممالک (B) ملکوں (C) املاک (D) ملوک

96. اردو کا رسالہ خریدو اور پڑھو [ ]

(A) رسائل (B) رسالوں (C) رسالت (D) رسال

97. دواساز کی دکان سے ادویات خرید کر لاؤ [ ]

(A) دوا　(B) ادویہ　(C) دوائی　(D) دوائیاں

98. اخبارات سے اچھے مضامین جمع کرواور پڑھو [ ]

(A) مضمونوں　(B) مضمون　(C) مضمونات　(D) مصنوعات

99. اطراف واکناف کے ماحول کوصاف ستھرارکھو [ ]

(A) طرفہ　(B) طرف　(C) طرفوں　(D) اطرفوں

100. اس کتاب کا عنوان اچھا ہے [ ]

(A) عنوانوں　(B) عنوانات　(C) عناوین　(D) اعنان

101. یہ توخداترس آدمی کی صفت ہے [ ]

(A) منصف　(B) صفات　(C) صفوں　(D) صفتوں

102. درختوں پرطیور اپنابسیراکرتے ہیں [ ]

(A) طائر　(B) طیر　(C) طائروں　(D) اطار

103. آپ کے علاقے میں اگرکوئی بہترین اوصاف کے حامل شخصیت ہوتوانٹرویولیجئے [ ]

(A) صفت　(B) صفات　(C) وصف　(D) وصفوں

104. اس سبق میں مصنف نے کیابیان کیاہے؟ [ ]

(A) اسباق　(B) سبقوں　(C) سبقت　(D) سباق

105. سلطان محمدقلی قطب شاہ نے جہانگیرعلی کے جذبات کی قدرکی۔ [ ]

(A) جذبہ　(B) جذبوں　(C) جذبے　(D) جاذب

## الفاظ معنی

نوٹ: ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ الفاظ کے مناسب معنی کاانتخاب کرکے علامت(A/B/C/D) کوقوسین میں لکھئے۔

106. رفیق فرقت کے دن کاٹ رہاہے [ ]

(A) جدائی　(B) قربت　(C) اکیلاپن　(D) دوستی

107. نیک لوگوں کی معیت میں رہو [ ]

(A) ساتھ　(B) میت　(C) جنازہ　(D) تدفین

108. اللہ نے ہرمخلوق کوایک دوسرے پرفضیلت دی ہے [ ]

(A) برتری　(B) بہتری　(C) بدتری　(D) سرخ روئی

109. درویش کوکچھ نہ کچھ دےکررخصت کرو [ ]

(A) سائل　(B) انسان　(C) حاجت مند　(D) پڑوسی

110. اگرآپ کسی چڑیاکوقیدمیں رکھیں گے توایک دن داغ مفارقت دے جائے گا [ ]

(A) دوستی (B) تکلیف (C) نشان (D) جدائی

111. ہندی کے ملاپ سے اردو کی شوبھا بڑھ جاتی ہے [ ]

(A) خوشی بڑھنا (B) زبان بڑھنا (C) اہمیت بڑھنا (D) خوبصورتی بڑھنا

112. حمید راشد سے بازی لے گیا [ ]

(A) بازی ہارنا (B) بازرضا (C) دور ہونا (D) آگے بڑھنا

113. یہ آس کا بندہ ہے اس لیے انتظار کر رہا ہے [ ]

(A) حوصلہ (B) ضرورت (C) ناامید (D) امید

114. احمد کی تعلیمی حالت بتدریج بہتر ہوتی جارہی ہے [ ]

(A) آہستہ آہستہ (B) بہت اچھا (C) جلد (D) اچھا

115. لکھی ہوئی بات پڑھنے سے سوچنے کی آزادی سلب ہوجاتی ہے [ ]

(A) بڑھ (B) بہتر (C) ختم (D) خراب

116. مسکان اور افراح آپس میں افہام و تفہیم سے کام لیتے ہیں [ ]

(A) جھگڑکر (B) ناسمجھی (C) عقلمندی (D) سمجھداری

117. اس کے دل میں دغدغہ لگا رہتا ہے [ ]

(A) بغاوت (B) خوف (C) اندیشہ (D) آسانی

## متفرق (جنرل)

نوٹ: ذیل کے جملوں میں مناسب جواب کا انتخاب کرکے علامت(A/B/C/D) کو قوسین میں لکھئے۔

118. یہ فقیر درویش بڑے پہنچے ہوئے ہوتے ہیں۔خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھئے۔ [ ]

(A) اللہ والے (B) دنیا والے (C) دولت والے (D) سوال کرنے والے

119. ''نشیبی زمینوں پر چھینٹے اڑالے'' خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھئے۔ [ ]

(A) سنگلاخ (B) دلدلی (C) اونچی (D) نچلی

120. حلال کمائی کھانے والے کے گھر برکت رہتی ہے۔خط کشیدہ لفظ کی ضد لکھئے۔ [ ]

(A) سخی (B) قناعت (C) حیات (D) حرام

121. عقلمند انسان دنیا میں ہی آخرت کا سامان کرلیتا ہے۔خط کشیدہ لفظ کی ضد لکھئے۔ [ ]

(A) بیوقوت (B) جاہل (C) کم بخت (D) کنجوس

122. اللہ کے بندوں پر لامحدود احسانات ہیں۔خط کشیدہ لفظ کا واحد لکھئے۔ [ ]

(A) احترام (B) حسام (C) حسان (D) احسان

123. حضرت عمر فاروقؓ کا شمار خلفاء راشدین میں ہوتا ہے۔خط کشیدہ لفظ کا واحد لکھئے۔ [ ]

(A) خلافت (B) قبیلہ (C) قبلہ (D) خلیفہ

124. ہمارے ملک میں بے شمار مذہب کو ماننے والے رہتے ہیں۔خط کشیدہ لفظ کی جمع لکھئے۔ [ ]

(A) راہب (B) راہبوں (C) مذہبوں (D) مذاہب

125. اکبر بادشاہ کے دربار میں بیربل نامی وزیر بہت مشہور تھا۔خط کشیدہ لفظ کی جمع لکھے۔ [ ]

(A) امراء (B) امیروں (C) وزیروں (D) وزراء

126. حج سے واپس آنے والے آبِ زم زم لے کے آتے ہیں۔خط کشیدہ لفظ کے معنی ہے۔ [ ]

(A) دہی (B) دودھ (C) پانی (D) شربت

127. نیک شخص ہمیشہ اللہ کا شکر گزار رہتا ہے۔خط کشیدہ لفظ کے جمع لکھئے۔ [ ]

(A) آدمیوں (B) آدمی (C) شخصوں (D) اشخاص

128. صبح سویرے اٹھنے والے کے گھر میں برکت ہوتی ہے۔خط کشیدہ لفظ کی جمع ہے۔ [ ]

(A) رحمتوں (B) برکات (C) برسات (D) برکتوں

129. تلنگانہ میں 31 اضلاع بنائے گئے ہیں۔خط کشیدہ لفظ کا واحد لکھئے۔ [ ]

(A) ضلع (B) ضلعوں (C) ضر (D) ضمیر

130. نیک اصحاب اللہ کی عبادت میں وقت گزارتے ہیں۔خط کشیدہ لفظ کا واحد لکھئے۔ [ ]

(A) صاد (B) صیف (C) صاف (D) صاحب

131. غزل میں اب موضوع باندھے جاتے ہیں [ ]

(A) سماجی (B) سیاسی (C) اخلاقی (D) سماجی، سیاسی، اخلاقی

132. لفظ ''وہ قلم'' کے کل اعداد کتنے ہوں گے [ ]

(A) 120 (B) 180 (C) 177 (D) 181

133. وتد + سبب + سبب سے بننے والا رکن [ ]

(A) مفاعیلن (B) فاعلاتن (C) فاعلن (D) فعولن

134. کس صنف کو چاول پر قل لکھنے کا فن کہتے ہیں [ ]

(A) ناول (B) مختصر افسانہ (C) رباعی (D) نظم

135. یہ شعراء اُردو کے ہیں۔خط کشیدہ لفظ کا واحد لکھئے۔ [ ]

(A) شاعر (B) شاعروں (C) شاعران (D) شاعریں

136. حسب ذیل لاحقہ والا لفظ ہے [ ]

(A) دل دار (B) ہم سفر (C) خوش مزاج (D) بااخلاق

137. ''استاد بہت _____ ذوق ہیں۔سابقہ لگائیے [ ]

(A) با (B) ہم (C) خوش (D) نا

138. اچھے کام کی ستائش ہونی چاہئے۔خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھئے۔ [ ]

(A) انعام (B) فائدہ (C) آسائش (D) تعریف

139. ''زاہد نے ایک لقمہ وبھی نہیں کھایا''۔ خط کشیدہ لفظ کے معنی لکھئے۔ [ ]

(A) کھانا (B) نوالہ (C) روٹی (D) پانی

140. مدرسہ وقت پر پہنچو۔خط کشیدہ لفظ کی جمع لکھئے۔ [ ]

(A) بےوقت (B) اوقات (C) ساعت (D) وقتیں

141. ہمارا ملک جنت نشان ہے۔ خط کشیدہ لفظ کی جمع لکھئے۔ [ ]

(A) مالک (B) املاک (C) ملکیں (D) ممالک

142. ''خوبصورت مناظر دل کو بھلے لگتے ہیں''۔خط کشیدہ لفظ کا واحد لکھئے۔ [ ]

(A) منظر (B) نظارے (C) نظر (D) نظاروں

## جوابات KEY

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. A | 2. C | 3. D | 4. C | 5. B | 6. B | 7. C | 8. A | 9. B | 10. D |
| 11. A | 12. D | 13. B | 14. C | 15. D | 16. B | 17. B | 18. D | 19. A | 20. D |
| 21. B | 22. C | 23. C | 24. A | 25. B | 26. B | 27. B | 28. B | 29. B | 30. B |
| 31. B | 32. C | 33. B | 34. A | 35. A | 36. C | 37. C | 38. C | 39. C | 40. C |
| 41. C | 42. B | 43. A | 44. B | 45. A | 46. D | 47. B | 48. C | 49. C | 50. B |
| 51. D | 52. B | 53. D | 54. C | 55. B | 56. C | 57. D | 58. B | 59. B | 60. B |
| 61. B | 62. B | 63. B | 64. B | 65. B | 66. B | 67. B | 68. B | 69. B | 70. A |
| 71. A | 72. D | 73. B | 74. A | 75. A | 76. A | 77. A | 78. A | 79. A | 80. A |
| 81. A | 82. C | 83. C | 84. A | 85. A | 86. A | 87. A | 88. B | 89. A | 90. A |
| 91. B | 92. A | 93. B | 94. A | 95. A | 96. A | 97. A | 98. B | 99. B | 100. B |
| 101. B | 102. A | 103. A | 104. A | 105. A | 106. A | 107. A | 108. A | 109. D | 110. D |
| 111. D | 112. D | 113. A | 114. A | 115. C | 116. D | 117. C | 118. D | 119. D | 120. D |
| 121. A | 122. D | 123. D | 124. D | 125. D | 126. C | 127. D | 128. B | 129. A | 130. D |
| 131. D | 132. D | 133. D | 134. B | 135. A | 136. A | 137. A | 138. D | 139. B | 140. B |
| 142. D | 142. A | | | | | | | | |

# طریقۂ تدریس اردو

## منصوبہ سبق

منصوبہ اس کو کہتے ہیں جو کسی کام کے آغاز سے پہلے تیار کیا جاتا ہے اور اس منصوبہ کو روبہ عمل لایا جاتا ہے۔ اسی طرح تدریسی کے لیے بھی منصوبہ بندی ضروری ہے۔ منصوبہ بندی کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1) سالانہ منصوبہ بندی Year Plan    2) اکائی کی منصوبہ بندی Unit Plan    3) سبق کی منصوبہ بندی Lesson Plan

معلم کو اپنے درس کو کامیاب اور موثر بنانے کے لیے پہلے ایک سال کے ایام کار کی منصوبہ بندی کرنی پڑتی ہے۔ جو بارہ ماہ پر مشتمل ہے۔ ہر ایک ماہ کے ایام کار کی مناسبت سے جو نصاب ہوتا ہے اس کو تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ تا کہ معلم آسانی سے اپنا نصاب مکمل کر سکے۔ اور آسانی سے اسباق کی تقسیم کر کے اپنا مقصد حاصل کرتا ہے۔

یونٹ پلان میں معلم ایک اکائی کی منصوبہ بندی کرتا ہے۔ اور اس کو نفس مضمون کی مناسبت سے تقسیم کر کے اپنے مقرر کردہ وقت میں نصاب کی تکمیل کرتا ہے۔ سبق کو کتنے دن میں تقسیم کیا جائے اور اس کے مقاصد کا تعین کر لیا جائے اور مقاصد کے حصول کے لیے پوری کوشش جائے گی تا کہ معلم اپنے سبق کی کامیابی اور ناکامی کے بارے میں جان سکے۔ سبق کی تیاری سے پہلے انسان اپنے کام کے بارے میں غور و فکر کر لیتا ہے۔ اس کے بعد صحیح طریقہ سے فیصلہ کرتا ہے کیسے پڑھایا جائے۔

تدریس شروع کرنے سے پہلے معلم اپنے تدریسی مقاصد کی تکمیل کرتا ہے۔ اور لیسن پلان کو ترتیب دیتا ہے۔ جو طلبا کی درجہ عمر اور صلاحیتوں کو مدنظر رکھ کر تیار کیا جاتا ہے۔ کیونکہ لیسن پلان ایک وقفہ کے لیے ہوتا ہے اور اسی میں تکمیل کرنی پڑتی ہے۔

لیسن پلان کا موجد John Friedrich Herbart ہے جس نے حسب ذیل اقدام کا ذکر کیا ہے۔

1) تیاری (Preparation)  2) پیش کش (Presentation)  3) مشاہدہ و موازنہ (Comparsion)

4) تفہیم (Generalisation)  5) اطلاق (Application)

فی الوقت ان پانچ اقدام کو کم کرتے ہوئے تین پر سبق تیار کیا جاتا ہے۔

1) تیاری (Preparation)  2) پیش کش (Presentation)  3) اطلاق (Application)

سبق کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اول علمی اور دوم معلوماتی۔ سبق کو دلچسپ بنانے کے لیے امدادی ذرائع کا استعمال ضروری ہے۔ کیونکہ طلبا کے ذہن اس کا دیرپا اثر ہوتا ہے۔ اور طلبا جہاں کہیں بھی دیکھیں گے اس کے بارے میں جانکاری حاصل کریں گے۔ سبق کی تیاری میں جن اقدامات کو مدنظر رکھا جاتا ہے وہ یہ ہے۔

**تمہید:** تمہید میں طلبا سے عام معلوماتی سوال کیے جاتے ہیں جو آسانی سے جواب دے سکے۔

**محرکہ:** اس سے طلبا میں حوصلہ یا تحریک پیدا کرنا اور ان کو تفکر انگیز سوالات کے ذریعہ عنوان سبق کی طرف راغب کرنا۔

**اعلان سبق:** طلبا اپنی جانب سے سبق کا اعلان کریں گے۔

**پیشکش:** عبارت کو پیش کیا جاتا ہے۔ معلم شاعر یا مصنف کے حالات زندگی بتلاتا ہے۔ اور بلند خوانی کے ذریعہ نفس مضمون کو پیش کرتا ہے۔ اور مشکل الفاظ کے معنی بتاتا ہے جو مختلف طریقوں سے پیش کرتا ہے۔ اور تفہیم سبق جو لیسن پلان میں بہت اہمیت رکھتا ہے۔ جس میں معلم امدادی

ذرائع کا استعمال کر کے سبق کی تفہیم کرتا ہے۔اور طلبا سے انفرادی بلند خوانی کروائی جاتی ہے اور صحیح لب ولہجہ سے تلفظ کی ادائیگی روانی وغیرہ کا خیال رکھا جاتا ہے۔آخر میں معلم اپنے درس کی کامیابی اور ناکامی کو جانچنے کے لیے سوالات کرتا ہے۔جس سے طریقہ تدریس کا اندازہ ہوتا ہے۔ اگر طلبا صحیح طور پر جواب دیں گے تو معلم کا سبق کامیاب کہلائے گا۔ورنہ دوسرے دن طریقہ تدریس اور اپنے پیشکش کو بدل کر پڑھانا چاہیے تاکہ کامیاب ہوسکے۔

کمرہ جماعت میں معلم تختہ سیاہ کا استعمال کرے جو لیسن پلان میں شروع سے لے کر آخر تک ضروری ہے۔سبق کا نام شاعر یا مصنف کا نام تمام واقعات تدریسی' نکات خلاصہ اور گھر کا کام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

**گھر کا کام:** طلبا کو مدرسہ کے بعد جو وقت رہتا ہے اس وقت اس کی تکمیل کرتا رہتا ہے۔جو مختصر دیا جاتا ہے۔

## کثیر جوابی سوالات

1) منصوبہ کسے کہتے ہیں؟

1) کام کے آغاز سے پہلے 2) کام شروع کرنے کے بعد 3) کام کی اہمیت وافادیت 4) تمام

2) منصوبہ بندی کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1) چار 2) تین 3) دو 4) ایک

3) منصوبہ بندی پہلے کیسی کرنی چاہیے۔

1) سبق کی منصوبہ بندی 2) سالانہ منصوبہ بندی 3) مہینہ کی منصوبہ بندی 4) اکائی کی منصوبہ بندی

4) ایک وقفہ کی منصوبہ بندی کو کیا کہتے ہیں۔

1) سالانہ منصوبہ بندی 2) سبق کی منصوبہ بندی 3) کام کی منصوبہ بندی 4) مقاصد کی منصوبہ بندی

5) یونٹ پلان کسے کہتے ہیں۔

1) اکائی کی منصوبہ بندی 2) اخلاقی کی منصوبہ بندی 3) سبق کی منصوبہ بندی 4) تحصیل علم کی منصوبہ بندی

6) جانچ کے کیا معنی ہے۔

1) امتحانات کا انعقاد 2) معلم کی کامیابی وناکامی 3) طلبا کی کامیابی 4) تمام

7) طلبا کی حصول یابی کو معلوم کرنے کے لیے کیا کرنا چاہیے۔

1) تعین قدر 2) جانچ 3) امتحان 4) کوئی بھی نہیں

8) تدریسی علاقوں کا تعین اس ماہر تعلیم نے کیا۔

1) ہربارٹ 2) بنجامن بلوم 3) اسکنر 4) تھارن ڈائک

9) تدریس شروع کرنے سے پہلے معلم کو کن چیزوں کو طے کرنا ہوتا ہے۔

1) اخلاق 2) مقاصد 3) اقدامات 4) اعادہ

10) مقاصد کی درجہ بندی کن امور کو مدنظر رکھ کر ترتیب کی جاتی ہے۔

1) درجہ عمر اور صلاحیت 2) معلومات اخلاق معاشرہ 3) اقدامات 4) تینوں بھی

11) ہربارٹ اسپنسر نے کتنے اقدامات کا ذکر کیا ہے۔

1) چار 2) تین 3) پانچ 4) دو

12) پہلا اقدام کونسا ہے۔

1) تیاری 2) پیشکش 3) تفہیم 4) اعادہ

13) لیسن پلان میں سب اہم اقدام کونسا ہے۔

1) پیش کش 2) اعادہ 3) تفہیم 4) بلندخوانی

14) تدریس کے دوران کونسے اقدام پر امدادی ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے۔

1) تمہید 2) محرکہ 3) اعادہ 4) تفہیم

15) کمرہ جماعت میں سب سے اہم امدادی ذریعہ کونسا ہے۔

1) تختہ سیاہ 2) چارٹ 3) ماڈل 4) درسی کتاب

16) تفہیم کے سوالات اس طرح ہونے چاہیے۔

1) مختصراورمربوط 2) طویل 3) غیرمربوط 4) معروضی

17) طلبا کی توجہ سبق کی طرف مبذول کروانے کے لیے کونسا اقدام ضروری ہے۔

1) تمہید 2) محرکہ 3) اعادہ 4) اعلان سبق

18) بلندخوانی کا مقصد یہ ہوتا ہے۔

1) صحیح تلفظ کے ساتھ ادائیگی 2) پڑھنا 3) روانی 4) تغیرلحن

19) گھر کے کام کا مقصد

1) اکتساب کو مستحکم کرنا 2) گھر پر فرصت کے وقت کا استعمال 3) والدین کو مرعوب کرنا 4) 1اور2

20) ہوم ورک کیسا ہونا چاہیے۔

1) بچہ بغیر کسی کی مدد کے کرسکے 2) بچہ گھر میں مدد لیکر کرسکے

3) بچہ مدرسہ میں ساتھیوں کے ساتھ کرسکے 4) بچہ معلم سے پوچھ کر کرسکے

21) خاموش مطالعہ کا مقصد

1) طلبا میں زودخوانی کی صلاحیت پیدا کرنا 2) خاموش رہنے کی عادت ڈالنا 3) تلفظ کی مشق 4) ہجے کی مشق

22) تختہ سیاہ پر لکھنے کا صحیح طریقہ

1) تلفظ واضح اورخوش خط ہوں 2) غیرضروری الفاظ نہ لکھیں 3) مضمون سے متعلق لکھیں 4) بے ترتیبی سے نہ لکھیں

23) الفاظ کے معنی بتانا اس لیے ضروری ہے۔

1) طلبا کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہو 2) طلبا کے معلومات میں اضافہ ہوں 3) طلبا کو پڑھنے میں آسانی ہو 4) تمام

KEY

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1) **1** | 2) **2** | 3) **2** | 4) **1** | 5) **1** | 6) **2** | 7) **2** | 8) **2** | 9) **2** | 10) **1** |
| 11) **3** | 12) **1** | 13) **3** | 14) **4** | 15) **1** | 16) **1** | 17) **2** | 18) **1** | 19) **4** | 20) **1** |
| 21) **1** | 22) **1** | 23) **1** | | | | | | | |

# مسلسل جامع جانچ C.C.E

## نصابی اورزائدنصابی سرگرمیاں

**نصاب کسے کہتے ہیں:** تعلیم وتربیت کے عمل میں نصاب قلب کی حیثیت رکھتا ہے۔مدرسہ میں تمام وسائل موجود ہوں مگر درس وتدریس کے لیے نصاب نہ ہوتو تمام بےکار ہیں۔نصاب کے ذریعہ ہی نصابی اور ہم نصابی سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں اوراس کو روبہ عمل لانے کے لیے مدرسہ معلم اور دیگر چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

نصاب کے معنی دوڑنا یا کسی منزل کو پہنچنا ہے۔مدرسہ میں پڑھایا جانے والا مواد جس کو نفس مضمون کہتے ہیں۔نصاب کے ذریعہ معلم طلبا کو صحیح طور پر تربیت کرتا ہے۔

نصاب کی تیاری کے وقت مندرجہ ذیل امور کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔

1) **تعلیم کا مقصد:** تعلیم کا مقصد بچوں کی ہمہ رخی ترقی ہے بچوں کو اجتماعی اور انفرادی طور پر زندگی گزارنے کے قابل بنانا۔نصاب معلوم سے نامعلوم اور آسان سے پیچیدہ ہونا چاہیے۔نصاب اور روزمرہ زندگی سے ہم آہنگ ہونا چاہیے۔

2) بچوں کی فطرت کے مطابق ہونا چاہیے۔نفسیات۔رجحانات۔دلچسپیاں۔صلاحتیں۔تخلیقی اوصاف اور پڑھنے کا جذبہ ہونا چاہیے۔نصاب میں بچوں کی زبان وادب سے دلچسپی شوق ہونا چاہیے۔

3) نصاب میں بچوں کو سماج میں کیسے رہنا چاہیے۔اور سماجی زندگی سے روشناس کروایا۔مختلف مضامین اور سماجی زندگی سے ہم آہنگ ہونا۔آج کا بچہ کل سماج کا رکن ہوگا۔سماجی ذمہ داریوں کو نبھانا۔سماج کے ساتھ ملکر چلنے کی صلاحیت پیدا ہونا۔انفرادی اور اجتماعی زندگی میں سماج کے ساتھ رہنے کی اور اصولوں پر کاربند ہونا۔

4) نصاب اس طرح ہو کہ صحیح طور پر زبان بولنا' پڑھنا' لکھنے پر عبور حاصل کرنا ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہونا۔ادب وانشا پر عبور حاصل ہو۔تخیلاتی اور تصوراتی ادب کی تخلیق کرسکیں۔

5) ماہرین تعلیم کے افکار وخیالات کا خیال رکھنا ضروری ہے۔اور اس کے لیے معلمین کی رائے اور ظاہر کردہ خیالات اور مختلف کمیشنوں کی سفارشات بھی پیش نظر ہونا چاہیے۔

**ہم نصابی سرگرمیوں کی اہمیت وافادیت:** ہم نصابی یا معاون نصابی سرگرمیوں کی تعلیم میں بہت اہمیت ہے۔کیونکہ نصابی کتابوں سے زباں کی تعلیم یا مقصد پورا نہیں ہوتا۔اس لیے دیگر سرگرمیوں کو روبہ عمل لانا ضروری ہے۔جس سے انفرادی واجتماعی صلاحیتوں کا اظہار ہوسکے۔معاون نصابی سرگرمیاں مثلاً ادبی محفلیں' مشاعرے' مباحثے' بیت بازی' اور دیگر سرگرمیاں انجام دی جاتی ہیں۔

نصابی اور ہم نصابی سرگرمیوں کے ذریعہ طلبا کی ذہنی' سماجی اور جسمانی صلاحیتیں ترقی کرتی ہیں۔

معاون نصابی سرگرمیوں میں معلم کا بھی بہت بڑا حصہ ہے۔جس کے ذریعہ معلم طلبا کو صحیح طور پر رہنمائی کریں تاکہ دیگر سرگرمیوں میں حصہ لے سکے اور طلبا میں دلچسپی پیدا کروانے کے لیے محرکہ پیدا کروانا تاکہ صحیح طور پر انجام دے سکے۔

کھیل کود کے ذریعہ جسمانی نشوونما ہوتی ہے۔جیسے مختلف کھیل سے طلبا اپنے آپ کو تمام صلاحیتوں کا کھل کر اظہار کرتے ہیں۔اس سے جسمانی' سماجی' اور اخلاقی نشوونما ہوتی ہے۔

## کثیر جوابی سوالات

1) نصاب کے معنی کیا ہیں؟
1) اپنی منزل تک پہنچنا 2) دوڑنا 3) حاصل کرنا 4) مکمل کرنا

2) تعلیم وتربیت میں نصاب کی حیثیت یہ ہے۔
1) نصاب قلب کی حیثیت رکھتا ہے 2) نصاب بہت اہمیت کا حامل ہے
3) نصاب تقاضوں کی تکمیل کرتا ہے 4) نصاب اپنی منزل کی طرف لے جاتا ہے

3) نصاب کتنے حصوں پر مشتمل ہے۔
1) نصاب ہم نصابی زائد نصابی 2) زائد نصابی 3) ہم نصابی 4) یہ تمام

4) نصاب ترتیب دیتے وقت کن باتوں کو مدنظر رکھنا چاہیے۔
1) درجہ عمر صلاحیت 2) عمر 3) اخلاق 4) معلومات

5) علم کے ذریعہ بچہ کس سے ہم آہنگ ہوتا ہے۔
1) مدرسہ 2) سماج 3) گھر 4) والدین

6) مضامین کے ذریعہ بچہ کی ان چیزوں میں اضافہ ہوتا ہے۔
1) ذخیرہ الفاظ میں اضافہ 2) معلومات میں اضافہ 3) اخلاق میں اضافہ 4) مقاصد میں اضافہ

7) ہم نصابی سرگرمیاں کیوں ضروری ہے۔
1) تعلیم کا مقصد پورا کرنا 2) معلومات پہنچنا 3) تربیت کرنا 4) یہ تمام

8) مشاعرہ کا تعلق کس سرگرمی سے ہے۔
1) ہم نصابی 2) زائد نصابی 3) غیر نصابی 4) نصابی

9) بحث ومباحثہ کے ذریعہ طلبا میں یہ چیز پروان چڑھتی ہے۔
1) اظہار مافی الضمیر کا موقع فراہم ہوتا ہے 2) تخیل پروان چڑھتا ہے
3) اخلاق کی تربیت ہوتی ہے 4) یہ تمام

10) زائد نصابی سرگرمیاں کیا ہیں؟
1) کھیل کود 2) امتحان 3) جسمانی ورزش 4) علم کا حصول

11) زائد نصابی سرگرمیوں کے ذریعہ یہ ترقی کرتی ہے۔
1) ذہنی جسمانی اور سماجی 2) ذہنی 3) سماجی 4) جسمانی

12) ان سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے کون محرکہ پیدا کرتا ہے۔
1) والدین 2) معلم 3) ساتھ 4) مدرسہ

13) بچہ کو کس سرگرمی منسلک کرنا چاہیے۔
1) رجحان کے مطابق 2) دلچسپی کے مطابق 3) ضرورت کے مطابق 4) تمام

14) بچہ اس کا ذمہ دار رکن ہے۔
1) مدرسہ 2) سماج 3) گھر 4) دوست

15) مختلف سرگرمیوں کے ذریعہ بچہ پروان چڑھتا ہے۔
1) تخیل تصور اور ادب 2) تخیل 3) تصور 4) علم

KEY

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1) **1** | 2) **1** | 3) **1** | 4) **1** | 5) **2** | 6) **1** | 7) **1** | 8) **1** | 9) **4** | 10) **1** |
| 11) **1** | 12) **2** | 13) **1** | 14) **2** | 15) **1** | | | | | |

# تدریسی واکتسابی آلات، اہمیت وافادیت، استعمال، اقسام

**تدریسی واکتسابی آلات:** آج کے دور میں درس وتدریس کو کامیاب اور موثر ودلچسپ بنانے کے لیے امدادی وسائل کا استعمال کیا جاتا ہے تاکہ طلبا کونفس مضمون کے بارے میں مکمل جانکاری حاصل ہوسکے۔ پہلے درس وتدریس معلم پر مرکوز ہوا کرتی تھی۔مگر بعد میں طالب علم کو مرکز بنایا گیا۔اور سمجھنے سمجھانے کے لیے کئی طریقے اور ٹکنکس اور امدادی ذرائع کا استعمال کیا جانے لگا۔اس سے اسباق متحرک اور خیالات صاف اور واضح ہوجاتے ہیں جس سے طلبا میں جوش ولولہ اور شوق پیدا ہوتا ہے۔

تدریسی آلات کا مطلب یہ ہیکہ نفس مضمون جو درس کے لیے تعین کیا جاتا ہے وہ تدریسی آلہ کہلاتا ہے۔کیونکہ معلم جب طلبا کو درس دینا چاہتا ہے تو کسی نہ کسی عنوان کا ہونا نہایت ضروری ہے بغیر کسی عنوان کے یا نفس مضمون کے پڑھنا ناممکن نہیں ہے۔اور اکتسابی آلات کا مطلب یہ ہے جو سبق پڑھایا جارہا ہے اس کو دلچسپ اور موثر بنانے کے لیے جو امدادی ذرائع کا استعمال ہوتا ہے۔اور طلبا کو سیکھنے میں مدد دیتے ہیں وہ اکتسابی آلات کہلاتے ہیں۔جو تین قسم کے ہوتے ہیں۔

1) سمعی 2) بصری 3) سمعی وبصری آلات

**اہمیت وافادیت:** حسب ذیل آلات کے استعمال طلبا کے دل اور دماغ پر راست اثر کرتا ہے۔اور ان کے تخیل کو پروان چڑھایا ہے۔اور سبق کی طرف آمادہ کرتا ہے اور طلبا میں شوق وذوق بڑھ جاتا ہے۔اور طلبا میں رٹنے کی عادت ختم ہوجاتی ہے۔کسی بھی عنوان پر سوچنے سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔اس سے ذہین اور کمزور طلبا کو فائدہ پہنچتا ہے۔اور ہر بچہ سبق میں دلچسپی لیتا ہے اور معلم کی طرف متوجہ رہتا ہے تاکہ تدریسی نکات کو سمجھ سکے۔اسی لیے جدید ماہرین تعلیم نے ان وسائل کی اہمیت وافادیت کو اجاگر کیا ہے۔اور اس کے استعمال کو ضروری قرار دیا ہے۔اشارات سبق میں تدریس کے دوران جن متعلقہ اشیا کا استعمال کیا جاتا ہے۔ان سے طلبا میں قوت مشاہدہ بڑھ جاتی ہے۔

**استعمال:** طریقہ تدریس میں سب سے زیادہ استعمال کی جانے والی Aid امداد بصری ہے جو مختلف سامان کے ذریعہ ہمیں حاصل ہوتی ہے۔اور جو چیز دیکھ کر اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں وہ دوسری اشیاء سے مشکل ہے۔جیسے نصابی کتابیں، تختہ سیاہ، چارٹ، ماڈل، نقشہ، جریدے، میگزین وغیرہ اشیا کے استعمال کے ساتھ ساتھ نفس مضمون کو سمجھانے کی صلاحیت اور امدادی ذرائع صاف ستھرے ہونے چاہیے ان کا استعمال طلبا کا درجہ، عمر اور ذہنی صلاحیت کے مطابق ہونا چاہیے۔ایک ہی چیز کو بار بار دکھانا مفید نہیں ہے۔بچوں کو مخصوص وقت میں دکھایا جائے۔تاکہ ان میں دوبارہ دیکھنے کا جذبہ فروغ پاسکے۔

**امدادی وسائل کے اقسام:** امدادی وسائل تین طرح کے ہوتے ہیں۔ 1) سمعی 2) بصری 3) سمعی وبصری آلات

1) نفس مضمون 2) تختہ سیاہ 3) چارٹ 4) ماڈل 5) جریدے 6) مگزین وغیرہ

**سمعی آلات:** ان کا تعلق سے سننے سے ہوتا ہے۔طلبا سن کر اور سمجھ کر اپنے معلومات کا اظہار کرتے ہیں۔جیسے ریڈیو، ٹیپ ریکارڈ، فون وغیرہ

**سمعی وبصری آلات:** ٹیلی ویژن، کمپیوٹر، فلمس وغیرہ۔

اردو ادب میں ان کے علاوہ دیگر وسائل کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔بحث ومباحثہ۔دیواری رسالہ۔مشاعرہ۔بیت بازی۔ڈرامہ وغیرہ۔

# کثیر جوابی سوالات

(1 تدریسی آلہ کونسا ہے۔

1) چارٹ 2) ماڈل 3) کتب 4) ٹی وی

(2 تدریسی آلہ کا اثر ہوتا ہے۔

1) سننے پر 2) ذہن اور دل پر 3) بولنے پر 4) دیکھنے پر

(3 پہلے دور میں تعلیم کا طریقہ یہ تھا۔

1) معلم پر مرکوز 2) طلبا پر مرکوز 3) معلم اور طلبا 4) کوئی بھی نہیں

(4 آج کے دور میں تعلیم کا مرکز یہ ہے۔

1) طلبا پر مرکوز 2) معلم اور طلبا 3) معلم 4) تدریسی وسائل

(5 اکتسابی آلات کا مطلب ہے۔

1) سبق کو سمجھنا 2) سبق کو دلچسپ اور موثر بنایا 3) سبق کو ذہن نشین کرنا 4) سبق یاد کرنا

(6 سبق کو دلچسپ اور موثر بنانے کے لیے کن ذرائع کا استعمال ہوتا ہے۔

1) امدادی ذرائع 2) تختہ سیاہ 3) چارٹ 4) تمام

(7 تدریس میں مدد دینے والے آلات کتنے قسم کے ہیں۔

1) چار 2) تین 3) دو 4) ایک

(8 تین قسم کے آلات کون کونسے ہیں۔

1) بصری 2) سمعی 3) بصری، سمعی، بصری و سمعی 4) تمام

(9 تختہ سیاہ کا تعلق اس تدریسی آلہ سے ہے۔

1) سمعی 2) بصری 3) سمعی و بصری 4) کوئی بھی نہیں

(10 ٹیپ ریکاڈر کا تعلق اس تدریسی آلہ سے ہے۔

1) بصری 2) سمعی و بصری 3) سمعی 4) تمام

(11 سمعی و بصری آلہ یہ ہے۔

1) چارٹ 2) ٹیلی ویژن 3) ٹیپ ریکارڈر 4) ماڈل

(12 امدادی آلات کا استعمال کس وقت کرنا چاہیے۔

1) تدریس کے دوران 2) تفہیم کے وقت 3) مکمل سبق کے وقت 4) تمام

(13 امدادی آلات کا استعمال کرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے

1) عمر اور ذہنی صلاحیت 2) درجہ عمر اور ذہنی صلاحیت 3) ذہنی صلاحیت 4) درجہ کا لحاظ رکھ کر

(14 تدریسی آلہ کو کمرہ جماعت میں بار بار دکھانا ضروری ہے۔

1) ضروری نہیں 2) وقت مقررہ پر 3) کسی بھی وقت 4) تمام صحیح

(15) تدریسی آلہ کے استعمال سے طلبا میں۔

1) شوق وذوق بڑھتا ہے 2) ذہنی صلاحیت بڑھتی ہے 3) جذبہ پروان چڑھتا ہے 4) اخلاق کی تربیت ہوتی ہے

**جوابات**

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1-**3** | 2-**2** | 3-**1** | 4-**1** | 5-**2** | 6-**1** | 7-**2** | 8-**3** | 9-**2** | 10-**3** | 11-**2** | 12-**2** | 13-**2** | 14-**2** | 15-**1** |

# تعین قدر

تعین قدر یا جانچ موجودہ نظام تعلیم میں طلبا اساتذہ اور والدین سب کے لیے اہمیت کا حامل ہے۔استاد کی ذمہ داریوں میں سب سے اہم ذمہ داری یہ ہے کہ طلبا کی ترقی کا جائزہ لے اور معلوم کرے کہ طلبا کا کونسا پہلو کمزور ہے۔اس کی اصلاح کرنے کے لیے طریقہ تدریس اور مواد مضمون کو پیش کرنے کا طریقہ بدلنا پڑتا ہے۔طلبا کی صلاحیت کی جانچ کے لیے یا تحصیل علم کا اندازہ لگانے کے لیے امتحانات کا طریقہ رائج ہے۔

ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی کے لیے امتحان یا جانچ ضروری ہے۔نصاب کا صحیح تعین اور طلبا میں شوق وذوق معلوم کرنے کے لیے جانچ ضروری ہے۔جانچ قومی سطح پر ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی سطح پر رائج ہے۔

معلم کے لیے درس وتدریس سے پہلے مقاصد کا تعین ضروری ہے۔اور ان مقاصد کے حصول میں معلم کو کہاں تک کامیابی حاصل ہوئی۔اس کے تین اہم عناصر ہیں۔

1) تدریسی مقاصد Instructional Objectives

2) اکتسابی تجربات Learning Experiences

3) متعلم کی جانچ Learners Appraisal

ان تینوں میں باہمی ربط پایا جاتا ہے۔مقاصد سے مراد معلم طلبا کے طرز عمل اور پسند میں تبدیلی لانا چاہتا ہے۔اکتسابی تجربات سے مراد وہ تمام سرگرمیاں' تجربات اور ذرائع جن سے مطلوبہ طرز عمل حاصل کرنا چاہتا ہے۔متعلم جانچ سے مراد مطلوبہ مقاصد میں کس حد تک کامیابی حاصل ہوئی۔تعین قدر کی ضرورت واہمیت کے بارے میں حسب ذیل نکات ہیں (1) کمرہ جماعت کی تدریس کے مقاصد کو پورا کرتے ہیں۔ (2) طلبا کی اکتسابی دشواریوں کا اندازہ کرتے ہیں۔(3) یہ بات طے کی جاتی ہے کہ کیا طلبا نئے تجربات کے لیے تیار ہیں۔(4) طلبا کو تعلیمی ماحول سے ہم آہنگ ہونے میں معاون ہوتے ہیں۔مختلف ماہرین نے تعین قدر کے بارے میں مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے۔

تعین قدر ایک مسلسل عمل ہے۔یہ مکمل نظام تعلیم کا ایک اہم عنصر ہے۔مقاصد تعلیم سے بہت قریبی تعلق رکھتا ہے۔

کوٹھاری کمیشن نے تعین قدر کی تعریف اس طرح کی ہے کہ یہ ایک منظم عمل ہے۔جو تعین کرتا ہے کہ تعلیمی مقاصد کا حصول کس حد تک ہوا ہے۔آر سی شرما کے مطابق بعض قدر ایک مسلسل جامع عمل ہے جو اسکول اور اسکول کے باہر انجام پاتا ہے۔

**تعین قدر کے مختلف تصورات یہ ہیں:**

1) ٹسٹ 2) امتحان 3) پیمائش 4) اندازہ قدر 5) تعین قدر / جانچ

Examine ایک لاطینی لفظ ہے۔امتحان کے ذریعہ طلبا کی صلاحیتوں اور ان کے معیار کو معلوم کیا جاتا ہے۔ٹسٹ ایک معیاری صورت حال ہے۔جو کسی فرد کو نشانات فراہم کرتی ہے۔Test ایک لاطینی لفظ ہے جس کے معنی ہے چھوٹا مٹی کا گھڑا۔

پیمائش میں مواد مضمون کے کسی ایک پہلو یا مخصوص مہارت کی لیاقت پر زور دیا جاتا ہے۔

Assesment اندازہ قدر تمام اعمال طریقے اور آلات ہیں جو طلبا کی کامیابیوں کے لیے تیار کیے جاتے ہیں۔

ایک اچھے ٹسٹ کے لیے تین خصوصیات کا پایا جانا ضروری ہے۔1) Objectivity  2) Validity  3) Reliability

اندازہ قدر کا نیا تصور ڈاکٹر بنجامن بلوم Benjamin Bloom نے پیش کیا۔اندازہ قدر کا سب سے اہم پہلو طلبہ کی تحصیلی جانچ کے لیے حسب ذیل آلات کا استعمال کیا جاتا ہے۔

1) موضوعی آزمائش Subjective Test  2) معروضی آزمائش Objective Test  3) زبانی آزمائش Oral Test

### تعین قدر کی آلات اور ٹکنکس:

1) تحریری آزمائش Written Test  2) زبانی آزمائش Oral Test
3) سوال نامہ Questionaire  4) عملی امتحان Practical Exam
5) مشاہدہ Observation  6) انٹرویو Interview
7) گروہی مباحثہ Group Discussion  8) کیس اسٹڈی Case Study
9) ریٹنگ اسکیل Rating Scale  10) شخصیت کی جانچ Personality Test

### معروضی ٹسٹ مختلف قسم کے ہوتے ہیں:

1) جوڑ لگانے کا ٹسٹ  2) کثیر جوابی ٹسٹ Multiple Choice  3) صحیح یا غلط True or False
4) تکمیلی ٹسٹ Completion Test  5) مشابہت کا ٹسٹ Similarity Test
6) قیاسی ٹسٹ Analogy Test  7) ایک لفظی ٹسٹ One Word Answer

ان سب کو Achievement Test کہا جاتا ہے۔

N.M.Dounie کے مطابق تربیت و اکتساب کے دور کے بعد کسی فرد کی کامیابی اور حصول کی جانچ کے لیے آزمائش تحصیل کہا جاتا ہے۔

### SAT کی خصوصیت:

☆ SAT اکتساب کے ذریعہ برتاؤ میں لائی جانے والی تبدیلی کی پیائش کرتی ہے۔
☆ یہ ایک معیاری آزمائش ہے جو طلبا کی ضرورتوں کے مطابق تیار کی جاتی ہے۔
☆ طلبا کی ذہنی سطحوں پر مبنی ہوتی ہے۔
☆ اس آزمائش میں تینوں علاقوں سے متعلق سوالات پوچھے جاتے ہیں۔وقوفی (Cognitive)، تاثراتی (Effective) حرکیاتی (Psychomotor)

### تحصیلی آزمائش کے مقاصد:

☆ طلبا کو اگلے درجہ میں ترقی دینے کے لیے
☆ طالب علم کا مقام اور موقف کی نشان دہی کرنا
☆ معلم تدریس میں کسی حد تک کامیاب یا ناکام رہا اس کا تعین کرنا۔
☆ اکتسابی عمل میں معیار Quality اور کمیت Quantity کو یقینی بنانا۔
☆ درس و تدریس کے بعد طلبا کی کسی خاص مضمون میں جانچ کرنا۔

**SAT کے مختلف مراحل:**

آزمائش کی منصوبہ بندی: بلوپرنٹ کی تیاری، سوالات تیار کرنا، ٹسٹ منعقد کرنا، جانچنا اور نشانات دینا، ٹسٹ کی جانچ یا تعین قدر

☆ سوالات میں Reliability اور Validity ہونا چاہیے۔

☆ نصاب کے تمام حصوں کو ملا کر سوالات کیے جائیں۔

☆ سوالات عام فہم ہونا چاہیے۔

☆ سوالات درجہ عمر اور قابلیت کو مدنظر رکھ کر کرنا چاہیے۔

☆ سولات زیادہ ملا کر نہ پوچھے جائیں۔

☆ سوال اتنے طویل نہ ہو کہ جواب دینے میں مشکل ہو۔

## جانچ کے آلات-وضاحت

مسلسل جامع جانچ کے ذریعہ بچوں میں اکتسابی ترقی کا معلم وقتاً فوقتاً مشاہدہ کرتا رہے۔ کمرہ جماعت میں یا بیرونِ کمرہ جماعت منعقد ہونے والے تمام تدریسی و اکتسابی مشاغل کو مدنظر رکھتے ہوئے بچوں کی ترقی کی جانچ کرنا چاہیے۔ اس کے لیے معلم کو مختلف قسم کے جانچ کے آلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ عام طور پر تشکیلی جانچ کے لیے معلم، چیک لسٹ، بچوں کی کاپیاں، بچوں کی ڈائریاں، ریٹنگ اسکیل، پورٹ فولیو، Annecdotes، انفرادی مشاہدات، اساتذہ کی ڈائریاں وغیرہ جیسے آلات کے ذریعہ جانچ کرے۔ مجموعی اسسمنٹ Summative کے لیے بھی زبانی، تحریری امتحانات جیسے آلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ آیئے ان سے متعلق تفصیلات سے واقف ہوں گے۔

**تشکیلی جانچ Formative Assessment:**

تشکیلی جانچ میں خاص طور پر چار قسم کے آلات استعمال کرنا چاہیے۔

1. بچوں کی شراکت-ردعمل
2. تحریر (نوٹ بکس، گھر کا کام وغیرہ)
3. منصوبہ کام
4. مختصر امتحانات (Slip Tests)

**1. بچوں کی شراکت-ردعمل**

اسکولوں میں فراہم کیے جانے والے تدریسی و اکتسابی مناظر میں بچوں کی شرکت کا طریقہ، ان کے سیکھنے کے طرز کو ظاہر کرتا ہے۔ لہٰذا معلم کو چاہیے کہ وہ تدریسی و اکتسابی مشاغل میں بچے کس طرح حصہ لے رہے ہیں؟ کس طرح ردعمل ظاہر کر رہے ہیں؟ مشاہدہ کرتے ہوئے بچوں کی ترقی کی جانچ کرے۔ بچوں کی شراکت داری ذیل کے مناظر میں ان کے ردعمل اور حصہ داری کے ذریعہ مشاہدہ کی جا سکتی ہے۔

❖ موادِ مضمون پر ہونے والے مباحثہ میں۔
❖ مشاغل، گروہی کام انجام دیتے وقت۔
❖ منصوبہ کام میں حصہ لیتے وقت۔
❖ نمونے، تمثیل، نقشے، گراف تیار کرتے وقت۔

❖ تخلیقی مشاغل میں حصہ لیتے وقت۔ ❖ مائنڈ میاپنگ پر ہونے والے مباحثہ میں حصہ لیتے وقت۔

معلم کو چاہیے کہ وہ طلبہ کو کمرہ جماعت کے اندر اور باہر مشاہدہ میں رکھے۔ معلم کمرۂ جماعت میں سبق کی طلبہ کے ذریعہ سماعت کے طرز، آپسی ردعمل اور مباحثہ میں حصہ لینے یا نہ لینے کے طرز کو مدنظر رکھتے ہوئے اس مشاہدہ کو ایک آلہ کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔

کمرہ جماعت کے باہر طلبہ کے نظم وضبط، برتاؤ، مختلف نکات پر ردعمل، تصاویر اتارنا، گیت گانا، کھیل کھیلنا، غذائی عادتیں، صحت مند عادتیں، انفرادی ماحول کی صفائی، درجہ بندی کی صلاحیت جیسے نکات پر طلبہ کی جانچ کی جاسکتی ہے اور مشاہدہ کی بنیاد پر مختلف مشورے دے کر ان کی غلطیوں کا ازالہ بھی کیا جاسکتا ہے۔ اس کے لیے کمرۂ جماعت کے اندر اور باہر معلم ہمیشہ طالب علم کا مشاہدہ کرتے رہنا چاہیے۔

## زبانی امتحان (Oral Test):

کمرہ جماعت میں بچے اکتسابی مناظر کے ذریعہ سیکھنے کے عمل کا مشاہدہ کرنے کے لیے زبانی امتحان معلم کے لیے ایک آلہ کی حیثیت رکھتا ہے روزآنہ کمرہ جماعت میں تدریس کے وقت طالب علم موادِ مضمون کس حد تک سمجھ سکا ہے جاننے کے لیے معلم مختلف قسم کے سوالات کے ذریعہ طلبہ کے فہم سے واقف ہوتا رہتا ہے۔ اس طریقے کو بھی زبانی امتحان متصور کیا جاسکتا ہے۔ سننا/ بولنا جیسی استعداد کی جانچ کے لیے مختلف مواقع پر مختلف مشاغل منعقد کرتے رہتے ہیں۔ اُسی طرح مضمون ریاضی میں ''زبانی حساب'' سے متعلق نکات پر معلم مختلف سوالات کرتے ہوئے طلبہ کی استعداد سے متعلق واقف ہوتے رہتا ہے۔ اس طرح تحریر کے بغیر زبانی طور پر پوچھے جانے والے سوالات کا زبانی حل بتلانا ''زبانی امتحان'' کہلاتا ہے۔ یہ ایک متعینہ وقت کے لیے نہ ہوکر مسلسل اور جامع انداز میں جاری رہنے والا امتحان ہونا چاہیے۔

## ٹیچر ڈائری (Teacher Diary):

اسکول میں فراہم کیے جانے والے تدریسی تجربات میں بچوں کی ترقی، حصہ لینے کے طرز کو وقتاً فوقتاً درج کرنے کے ذریعہ معلم کو طلبہ کا اکتساب جاننے میں معلم کی ڈائری بہت فائدہ مند ہوتی ہے۔ دورانِ تدریس اور مابعد تدریس بچوں کے ردعمل اور بعض بچوں کی صلاحیتوں کو جاننے اور سمجھنے کے لیے، سمجھ نہ پانے کی وجوہات جان کر متبادل راہیں تلاش کرنے، طلبہ کو بہتر اکتساب فراہم کرنے کے لیے ڈائری کارآمد ہوتی ہے۔ چنانچہ معلم کی ڈائری بچوں کی استعداد کے مطابق انھیں تربیت فراہم کرنے کے لیے معلم کو روزانہ ایک آلہ کے طور پر مددگار ہوتی ہے۔

## 2. بچوں کے تحریری نکات:

بچے سیکھے ہوئے مواد کو اپنے خیالات سے جوڑتے ہوئے اپنے طور پر تحریر کرتے ہیں، یہ بچوں کے حاصل کردہ استعداد کو سمجھنے کے لیے ایک آلے کے طور پر مددگار ہوتے ہیں۔ کمرہ جماعت میں، گھر میں بچے کئی چیزیں سیکھتے رہتے ہیں۔ ان سب کو تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کے تحت لینا چاہیے۔ کمرہ جماعت میں پڑھائے گئے اسباق سے متعلق کئی باتیں بچے اپنی کاپیوں، گھر کے کام کے تحت، درسی کتابوں میں بھی لکھتے رہتے ہیں۔ ان سب کا مشاہدہ کرنے پر پتہ چلتا ہے کہ بچے کس طرح سیکھ رہے ہیں؟ کہاں کہاں غلطیاں کررہے ہیں؟ اس سے ان کی غلطیوں کی اصلاح کرنے کا موقع ملتا ہے۔

### A. نوٹ بکس:

اپنے گھر پر نوٹ بکس میں تحریر کردہ جوابات، حل کیے گئے حسابی سوالات کا جائزہ لے کر طالب علم کی ترقی معلوم کریں۔ طالب علم کس مضمون میں کس حد تک کمزور ہے جاننے سے مناسب اکتساب فراہم کرنے کا موقع حاصل ہوگا۔ تمام بچوں کو ترغیب دی

جائے کہ وہ نوٹ بکس لائیں۔ بچوں کو اپنے نوٹ بکس میں اسباق سے متعلق سوال و جواب، ان کے پسندیدہ نکات، طریقہ تجربات، شکلیں اتارنا، مختلف مسائل، منصوبہ کام، مفروضات، جیسے امور لکھنے کی ترغیب دیں۔

**B. انیکڈوٹل ریکارڈ (Anecdotal Record):**

طالب علم کے ساتھ پیش آنے والے واقعات یا مناظر کے بارے میں لکھنے سے متعلق ریکارڈ کو Anecdotal Record کہا جاتا ہے۔ Anecdote سے مراد ایک مخصوص واقعہ کے بارے میں مختصر طور پر لکھنا۔

چند مواقع پر بچے اس طرح پیش آتے ہیں کہ بڑے لوگ حیرت زدہ ہوجاتے ہیں۔ کسی ایک موضوع کے تئیں بچوں کے مثبت یا منفی ردعمل کا جائزہ لینے کے لیے یہ ریکارڈ معاون ہوتا ہے۔

❖ بچوں کی صلاحیت کو اجاگر کرنے والی مخصوص گفتگو یا حالت کے بارے میں لکھنا

**C. پورٹ فولیو (Portfolio):**

❖ طلبہ کے ذریعہ کیے گئے مشاغل یا ان کے ذریعہ اکٹھا کیے گئے مواد کا مظاہرہ کرنا، تفصیلات حاصل کر کے محفوظ کرنا ہی پورٹ فولیو ہے۔ جسے مختلف مراحل میں مظاہرہ کے لیے پیش کیا جاسکتا ہے۔ ان سب کو انفرادی پورٹ فولیو کہتے ہیں۔

❖ خاص واقعات، خصوصی صلاحیتوں کے مظاہرہ کو ریکارڈ کر کے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

❖ بچوں کے تحریر کردہ گیت، کہانیاں، گائے گئے نغمے، اتارے ہوئے اشکال، خطوط وغیرہ۔

**D. درسی کتب میں موجود سوالات، مشقیں:**

تشکیلی اکتسابی مناظر میں حصہ لیتے ہوئے استعدادوں کے حصول میں معاون درسی کتب تیار کی گئی ہیں۔ لہٰذا بچے درسی کتب میں بھی بہت سارے موضوعات پر مباحثہ کرتے ہوئے تحریر کرنا پڑتا ہے۔ سبق کے درمیان، سبق کے اختتام پر موجود سوالات کے جوابات، مشقوں میں موجود جدول کی خانہ پری، معلومات کو اکٹھا کرنے والے جدول پر کرنا، ضروری رپورٹ تحریر کرنا، جیسے تمام مشاغل درسی کتب میں بھی تحریر کرنا ہوتا ہے۔ سبق کی تدریس، مباحثہ کے موقع پر اور درسی کتب میں بچوں کے ذریعہ تحریر کردہ جوابات کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے ان کی ترقی کا تخمینہ لگانا چاہیے۔

**E. بچوں کی ڈائری:**

بچوں کی ڈائری میں ان کے ردعمل، سنے، دیکھے ہوئے واقعات، تجربات، وغیرہ کو درج کرکے رکھنے کو ہی بچوں کی ڈائری کہتے ہیں۔

بچوں کی ڈائری کے ذریعہ زبان کی استعداد، ایمانداری، دلچسپیاں، شوق اور زبان کا استعمال جان سکتے ہیں۔

**3. منصوبہ کام:**

کمرۂ جماعت میں صرف پڑھنے یا سننے کے ذریعہ ہی نہیں سیکھا جاتا بلکہ عمل کے ذریعہ، تجربات کے ذریعہ بھی سیکھنے کا موقع فراہم کرنے کا نام ہی منصوبہ کام ہے۔ جس کے ذریعہ بچوں میں مشاہدہ، تجربہ کرنے جیسی مہارت فروغ پاتی ہے۔ تدریسی و اکتسابی مشاغل میں دلچسپی سے حصہ لے سکتے ہیں۔ لسانی اور غیر لسانی موضوعات پر بچے اپنے طور پر معلومات حاصل کرنے کے لیے منصوبہ کام بہت ہی مددگار ہوتے ہیں۔ بچوں کے ذریعہ انجام دیئے جانے والے منصوبہ کام کے رپورٹوں کی بنیاد پر اس کی جانچ کرنا چاہیے۔

''دیئے گئے ایک موضوع پر طالب علم/ طلبہ سیر حاصل بحث و مباحثہ کر کے اُس مسئلہ کا مختلف زاویوں سے تجزیہ کرتے ہوئے، جائزہ لے کر ایک رپورٹ پیش کرنا''۔

### 4. مختصر امتحان(Slip Test):

تشکیلی جانچ میں بچوں کے اکتساب کو ایک مختصر امتحان کی مدد سے بھی جائزہ لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔تاہم یہ عام یونٹ ٹسٹ نہیں ہوتا۔اس کے لیے قبل از وقت پرچہ سوالات تیار کر لینا،امتحان کے نظام الاوقات کا اعلان کرنا،معین وقت کے اندر ہی اس کا انعقاد کرنا جیسے عوامل اس مختصر امتحان پر لاگو نہیں ہوتے۔ یہ امتحان معلم کی جانب سے پڑھائے گئے موادِ مضمون سے منتخبہ تعلیمی معیارات کی جانچ کے لیے حسب ضرورت منعقد کیا جانے والا امتحان Slip Test کہلاتا ہے۔جس کے ذریعہ بچوں کے اکتساب کا تعین کرنے میں مدد ملتی ہے۔اس امتحان سے متعلق قبل از وقت بچوں کو اطلاع دینے کی ضرورت نہیں ہے۔سوالات کو تختہ سیاہ پر لکھ کر یا ایک چارٹ پر درج کر کے بچوں کے سامنے پیش کرنا چاہیے۔کتاب میں موجود سوالات یا مشقیں جوں کی توں نہ دیں بلکہ بچوں کو غور وفکر کر کے جوابات اپنے طور سے لکھنے کے قابل سوالات تیار کر کے دینا چاہیے۔

### گریڈنگ کا طریقہ کار:

بچوں میں نشانات (Marks)، رینک (Rank) حاصل کرنے کے غیر صحت مند مقابلہ کے تدارک کے لیے حکومت گریڈنگ کے طریقہ کار کو مسلسل جامع جانچ کے حصے کے طور پر عمل درآمد کر رہی ہے۔اس کے تحت تشکیلی (Formative)، جامع (Summative) جانچ کے بعد بچوں کے حاصل کردہ نشانات کی بنیاد پر ان کی ترقی کو '5' پائنٹ اسکیل سے پیمائش کرتے ہیں۔ A+, A, B+, B, C گریڈز میں ان کی ترقی کو ظاہر کرتے ہیں۔بچوں کی ترقی کا استعداد واری تجزیہ کرتے ہوئے درج کرتے ہوئے ان کے اکتساب کو فروغ دینے کے لیے یہ طریقہ کار بہت کارآمد ہوتا ہے۔

### تشکیلی جانچ:

مسلسل جامع جانچ کے تحت تشکیلی جانچ کافی اہمیت کی حامل ہے۔یہ امتحان روایتی طور پر منعقد کیا جانے والا امتحان نہیں ہے۔یہ بچوں کو غیر محسوس طریقے سے دورانِ تدریس وقتاً فوقتاً منعقد کی جانے والی جانچ کا طریقہ ہے۔تدریس کے دوران بچہ کیسے سیکھ رہا ہے؟ کہاں کہاں غلطیاں سرزد ہو رہی ہیں؟ جان کر اپنی تدریس کو مؤثر بناتے ہوئے طالب علم کو درکار امداد فراہم کرتے ہوئے اکتساب کو بہتر انداز میں فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

تشکیلی جانچ کے چار آلے ہوتے ہیں۔ان کے مختص کردہ نشانات کا جائزہ لیں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | بچوں کی شراکت، ردعمل | - | 5 نشانات |
| 2. | تحریر | - | 5 نشانات |
| 3. | منصوبہ کام | - | 5 نشانات |
| 4. | مختصر امتحان(Slip Test) | - | 5 نشانات |

### 1. بچوں کی شراکت، ردعمل:

معلم کمرہ جماعت میں تدریس کے وقت یا مختلف مواقع پر بچوں کا مشاہدہ کرتے رہنا چاہیے۔اس مشاہدہ کے بعد انھیں مختلف

نکات میں گریڈ دینا چاہیے۔ آیئے مضمون واری بچوں کی شراکت اور انکے ردعمل کا کن نکات کے تحت مشاہدہ کرنا ہے، جانیں گے۔

**(الف) اردو:**

- ❖ سبق کی تدریس کے دوران بچوں کا آپس میں گفتگو کرنے کا مشاہدہ کرنا۔
- ❖ کیا وہ اپنے شک وشبہ کو دور کرنے کے لیے سوالات کر رہے ہیں؟ یا سوال کرنے کے طریقہ کا مشاہدہ کرنا۔
- ❖ بحث ومباحثہ میں حصہ لے کر اپنے جذبات واحساسات کے اظہار کرنے کے طرز کا مشاہدہ کرنا۔
- ❖ نغمہ گانا، یا کسی ایک موضوع کے تحت گفتگو کرنا، تقریر کرنا۔
- ❖ گروہی مشاغل میں حصہ لینے کے طرز کا مشاہدہ کرنا۔
- ❖ معلم کی جانب سے پوچھے گئے سوالات پر بچوں کے جواب دینے کا طریقہ۔
- ❖ بحث ومباحثہ میں بچوں کی شراکت کا طریقہ۔
- ❖ سبق کے دوران، سبق کے اختتام پر موجود مشقوں کے جوابات حاصل کرنے کے لیے کوشش کرنے کا طریقہ۔
- ❖ لسانی مشاغل میں حصہ لینے کا طریقہ۔
- ❖ ڈرامہ، ایک کردار اداکاری، گونگی اداکاری، بیت بازی، تقریری مقابلہ، تحریری مقابلہ، میلے وغیرہ میں حصہ لینا۔
- ❖ مطالعہ کتب، ان سے متعلق گفتگو کرنا، تجزیہ کرنے میں دلچسپی دکھانا، یعنی پڑھی ہوئی کتاب سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لیے دلچسپی سے حصہ لینا۔

### 2. مضمون واری تحریر کردہ نکات:

بچوں کے نوٹ بکس، گھر کے کام کے بکس، درسی کتب میں تحریر کردہ نکات کی تصحیح اور ہدایات دینا۔

**(الف) اردو:**

- ❖ درسی کتب میں ''یہ کیجیے'' کے تحت دی گئی تمام مشقیں حل کر کے/ پُر کر کے رہنا۔
- ❖ درسی کتب میں تحریر کے ضمن میں دی گئی تمام مشقیں بچے اپنے طور پر لکھ کر رکھنا۔
- ❖ سبق کے اختتام پر بچے ''یہ کیجیے'' کے تحت دی گئی مشقیں خود سے نوٹ بکس میں لکھنا، گائیڈ، اسٹڈی میٹریل وغیرہ میں دیکھ کر نہیں لکھنا چاہیے۔
- ❖ دیواری رسالے کے لیے، پورٹ فولیو کے لیے اکٹھا کردہ مواد خود سے تحریر کردہ/ تیار کردہ مواد مظاہرہ کے لیے رکھنا۔
- ❖ تخلیقیت، ستائش سے متعلق مشقوں کو تحریر کرنا، تصاویر اکٹھا کرنا، تصاویر اتارنا اور ان کے متعلق لکھنا۔
- ❖ طالب علم کی ڈائری/ کہاوتیں، سنہری باتیں، مختلف اسباق سے متعلق نعرے تحریر کرنا۔
- ❖ سبق کے درمیان اور آخر میں دیئے گئے سوالات، مشقوں کے اپنے طور پر جوابات لکھنا۔
- ❖ بچے اپنے طور پر مطالعہ کردہ، کہانیوں، گیتوں، خبروں وغیرہ سے متعلق اپنی ڈائری میں لکھنا۔
- ❖ منصوبہ کام کے رپورٹس تحریر کرنا وغیرہ۔

### .3 منصوبہ کام:

درسی کتاب کے ہر سبق میں منصوبہ کام دیئے گئے ہیں۔انھیں بچوں سے کروائیں۔رپورٹ تحریر کروائیں،مظاہرہ کروا کر بحث کے ذریعہ فہم پہنچائیں۔منصوبہ کام صرف گروہی کام کے طور پر ہی دینا چاہیے۔

**(الف)اردو:**

- ❖ منصوبہ کام کی فراہمی کے لیے قبل از وقت منصوبہ بندی کر کے رہنا۔
- ❖ دیئے گئے منصوبہ کام سے متعلق معلومات دستیاب رہنا۔
- ❖ اکٹھا کردہ معلومات سلیقہ سے مظاہرہ کے لیے پیش کرنا۔
- ❖ دیئے گئے منصوبہ کام کو کمرۂ جماعت میں مظاہرہ کے لیے رکھنا اور اس کے متعلق گفتگو کرسکنا۔
- ❖ رپورٹ تیار کر کے پیش کرنا۔

### .4 مختصر امتحان (Slip Test):

- ❖ یہ عام طور پر منعقد کیا جانے والا یونٹ ٹسٹ نہیں ہے۔اس امتحان کو یونٹ ٹسٹ کے بجائے قبل از وقت اطلاع دیئے گئے بغیر حسب ضرورت اپنے ہی پیریڈ میں منعقد کرنا چاہیے۔
- ❖ تحریری امتحان 20 نشانات کے لیے منعقد کریں۔
- ❖ اس کے لیے متعینہ وقت کی ضرورت نہیں۔کبھی بھی لیا جاسکتا ہے۔
- ❖ اس امتحان کے لیے ایک مخصوص نوٹ بک رکھنا چاہیے۔اسی میں جوابات لکھنے کو کہیں۔
- ❖ تحریری امتحان 20 نشانات کے لیے لیا جاتا ہے لہٰذا ہر مضمون میں 2 یا 3 معیارات کے تحت پرچہ سوالات معلم ہی تیار کر کے جانچ کرے۔سوالات کو تختہ سیاہ پر لکھ کر مختصر امتحان کا اہتمام کرنا چاہیے۔
- ❖ اس کے انعقاد کرنے میں معلم کو مکمل آزادی ہے۔

نوٹ بکس میں لکھے گئے جوابات کی جانچ کر کے محصلہ نشانات کی بنیاد پر گریڈ دینا چاہیے۔ایک ہی وقت میں تمام جانچ کے آلات کو مدنظر رکھنا ضروری نہیں ہے۔روزانہ کے مشاہدہ کی بنیاد پر اندازہ لگاتے ہوئے طالب علم کی ترقی کی جانچ کرنا چاہیے۔اس کی بنیاد پر نشانات دیں۔تشکیلی جانچ میں موجود چاروں آلات جانچ کے لیے نشانات مختص کرنا چاہیے۔کل محصلہ نشانات کی بنیاد پر گریڈ کا تعین کریں۔

## مجموعی جانچ (Summative Evaluation):

جامع جانچ سے مراد ایک معین وقت کے بعد 'اب تک پڑھائے گئے اسباق کے تعلیمی معیارات بچے کہاں تک حاصل کر پائے ہیں جاننے کے لیے منعقد کیا جاتا ہے۔جامع جانچ منعقد کرنے کا وقت اور تاریخ کا قبل از وقت مطلع کرنا ضروری ہے۔اس امتحان کے انعقاد سے قبل پڑھائے گئے تمام اسباق پر مشتمل تحریری امتحان ڈھائی گھنٹہ کے دوران منعقد کرتے ہیں۔

- ❖ گریڈ کا تعین کرتے وقت طالب علم کے جملہ محصلہ نشانات کو مدنظر رکھنا چاہیے۔ذیل کے جدول کے مطابق نشانات کے فیصد کے اعتبار سے گریڈ دینا چاہیے۔

| گریڈ | فیصد |
|---|---|
| A+ | 91-100 |
| A | 71-90 |
| B+ | 51-70 |
| B | 41-50 |
| C | 0-40 |

## تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کے تحت گریڈ کا تعین:

ایک تعلیمی سال میں چار مرتبہ منعقد کیے جانے والے تشکیلی جانچ کا گریڈ بھی جامع جانچ کے طرز پر ہی دیا جائے گا۔ایک طالب علم کو تشکیلی جانچ کے چاروں آلات امتحان میں محصلہ نشانات کی بنیاد پر گریڈ دینا چاہیے۔اس کے لیے ذیل کی مثال کا مشاہدہ کریں۔

رحیم جماعت چہارم کا طالب علم ہے۔ ماہ ستمبر میں منعقد کیے گئے دوسرے تشکیلی جانچ میں چاروں آلات امتحان میں حاصل کردہ نشانات اس طرح ہیں۔

| مضمون | تشکیلی جانچ - 2 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | بچوں کی شراکت ردعمل 10نشانات | تحریری نکات 10نشانات | منصوبہ کام 10نشانات | مختصرامتحان (Slip Test) 20نشانات | جملہ محصلہ نشانات | گریڈ |
| اردو | 8 | 7 | 9 | 16 | 40 | A |

رحیم نے تشکیلی جانچ -2 میں چاروں آلات امتحان میں جملہ 40 نشانات حاصل کیے ہیں۔گریڈ کے جدول کے مطابق 70% تا 90% نشانات کے لیے 'A' گریڈ مختص کیا جاتا ہے۔لہٰذا معلم نے تعین کیا کہ رحیم کو 'A' گریڈ حاصل ہوا ہے۔

مسلسل جامع جانچ کے تحت بچوں کی ترقی کو تشکیلی اور جامع جانچ کے ذریعہ متعین کر کے، CCE رجسٹر میں درج کرنا چاہیے۔معلم کو چاہیے کہ وہ ایک باضابطہ رجسٹر اس مقصد کے لیے مختص کرے اور تعلیمی سال کے اختتام پر بچوں کی کل ترقی (Consolidated report) عہدیداران بالا کے سپرد کرتے ہوئے اگلی جماعتوں کے لیے پرموٹ کیے گئے/نہیں کیے گئے بچوں کی رپورٹ پیش کریں۔

| سلسلہ نشان | طالب علم کا نام | شراکت وردعمل 10نشانات | تحریری کام 10نشانات | منصوبائی کام 10نشانات | مختصرامتحان 20نشانات | جملہ 50نشانات |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

## مجموعی جانچ-آلات

مجموعی جانچ کے ذریعہ معلم بچوں کی اکتسابی صلاحیتوں (استعداد) کو معلوم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔تشکیلی جانچ میں جس طرح مختلف آلات کا استعمال کر کے بچوں کی ترقی کا اندازہ کیا جاتا ہے۔اس طرح مجموعی جانچ میں ممکن نہیں۔ بلکہ تحتانوی سطح پر زبان (لسانیات) کا جانچ کرتے وقت تحریری امتحان کے ساتھ ساتھ زبانی امتحان کو بھی ایک آلے کے طور پر معلم استعمال کرسکتا ہے۔مجموعی جانچ میں سوالات تعلیمی معیارات کے تحت ہونے چاہئیں۔ چند تعلیمی معیارات کی جانچ کے لیے زبانی امتحان کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔(مثال کے طور پر پہلی' دوسری جماعتوں میں زبان' ریاضی میں چند استعداد)اس کے لیے معلم کمرۂ جماعت میں طالب علم حاضر جوابی،اظہار خیال کو مدنظر رکھتے ہوئے نشانات دیں۔یعنی اس کو تحریری امتحان میں شامل کرتے ہوئے منعقد کرنے کی ضرورت نہیں ہے)۔

### تحریری امتحان:

کسی تعلیمی سال میں مقررہ وقت پر نصاب اور تعلیمی معیارات کو ملحوظ رکھتے ہوئے معلم کو از خود تیار کیے گئے پرچہ سوالات کے ذریعہ تحریری امتحان منعقد کیا جانا چاہئے۔بچوں کے جوابی بیاضات کا مشاہدے کے ذریعہ بچوں کی ترقی کی سطح کا اندراج کرنا چاہئے۔

تحریری امتحان بچوں کے لکھنے کی مہارت کو ظاہر کرتا ہے۔ بچوں کے اکتسابی کے عمل میں تحریری امتحان ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔تحریری امتحان ایک ایسا آلہ ہے جس کے ذریعہ اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ بچوں نے اپنے خیالات واحساسات کا کس حد تک اظہار کیا ہے اور ان کی ترتیب کس طرح کی ہے۔یہی نہیں بلکہ بچوں میں خطاطی کی مہارت' لکھنے کا گُر (تکنیک)'لفظیات وغیرہ جیسے نکات میں ان کی صلاحیتوں کا تعین کیا جاسکتا ہے۔ یہ امتحان ایسے ہوں جو بچوں کو سوچ کر از خود اپنے خیالات مربوط کرنے کا موقع فراہم کریں۔کسی بھی حالت میں گائیڈس' کوئسچن بینکس (Question banks)' درسی کتب میں موجود مواد کا جوں کا توں استعمال نہیں ہونا چاہئے۔از خود لکھنے میں ابتدائی سطح پر جوابات نامکمل ہوسکتے ہیں۔ چند غلطیاں بھی ہوسکتی ہیں۔سیکھنے کے دوران ایسی غلطیاں فطری ہیں۔وقت کے ساتھ ساتھ بچے اپنے آپ ان غلطیوں کو سدھار کر وضاحت سے اظہار کرسکتے ہیں اور لکھ سکتے ہیں۔اس لیے معلم اگر طلبا کو از خود لکھنے کا موقع فراہم کرتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کرے تو طلبا کے اندر موجود فطری صلاحیتیں ابھر سکتی ہیں۔معلم تعلیمی معیارات کی بنیاد پر پرچہ سوالات از خود تیار کرکے امتحان منعقد کریں' جوابی پرچوں کی فوری جانچ اور نتائج کو ریکارڈ کرتے ہوئے طلبا کو واقف کروائیں۔

### زبانی امتحان:

(Language) زبان میں بولنا' پڑھنا' پڑھتے ہوئے مواد کا فہم حاصل کرتے ہوئے ذاتی جملوں میں ظاہر کرنا شامل ہے۔ان صلاحیتوں کی پیمائش زبانی امتحانات کے ذریعہ ہی کی جانی چاہئے۔کیونکہ یہ عمل ڈھائی گھنٹے کے تحریری امتحان میں نہیں کیا جاسکتا۔ چونکہ ہر معلم کو تشکیلی جانچ کے ذریعہ ہو چکا ہوتا ہے کہ بچے کس طرح پڑھتے ہیں' بات کرتے ہیں اور کس طرح اظہار خیال کرتے ہیں؟ اسی فہم کی بنیاد پر ہی نشانات اور گریڈ دیے جانے چاہئیں۔

☆☆☆

## کثیر جوابی سوالات

1) طلبا کی جانچ کیوں ضروری ہے۔

1) ایک درجہ سے دوسرے درجہ میں ترقی دینے  2) طلبا کے معلومات کے لیے

3) طلبا کی اہمیت کے لیے  4) معلم کے لیے سبق کی کامیابی

(2 درس وتدریس کے لیے پہلے کس کا تعین ضروری ہے۔

1) کتب 2) مقاصد 3) امدادی وسائل 4) تمام

(3 جانچ کے ذریعہ ہمیں کیا معلوم ہوتا ہے۔

1) اکتساب 2) طلبا کہاں تک سیکھے 3) طلبا کے معلومات 4) ذہنی صلاحیت

(4 معلم اپنے مقاصد کی تکمیل کہاں کرتا ہے۔

1) مدرسہ 2) کمرہ جماعت 3) طلبا میں 4) اکتساب کے ذریعہ

(5 تعین قدر کونسا عمل ہے۔

1) مسلسل عمل 2) جامع عمل 3) اخلاق کی تربیت 4) سب نہیں

(6 کوٹھاری کمیشن نے تعین قدر کی تعریف یوں کی ہے۔

1) ایک منظّم عمل ہے 2) اخلاقی عمل ہے 3) معیاری عمل ہے 4) سب کے لیے اہم ہے

(7 ٹسٹ کی تعریف یوں ہے۔

1) کبھی بھی کیا جاتا ہے 2) وقت مقررہ پر 3) کام تکمیل کرنے پر 4) کوئی نہیں

(8 امتحان کا انعقاد کب عمل میں آتا ہے۔

1) مقررہ معیاد کی تکمیل پر 2) حسب ضرورت 3) کسی بھی وقت 4) کئی مواقع پر

(9 امتحانات کے ذریعہ کن چیزوں کو جانچا جاتا ہے۔

1) طلبا کے معلومات اور صلاحیت 2) طلبا کے اخلاق 3) طلبا کہاں علم حاصل کیے 4) تمام

(10 اندازہ قدر کا تصور کس کا ہے۔

1) جان ڈیوی 2) بنجامن بلوم 3) ایلیٹ 4) اسکنر

(11 جانچ کرنے کے آلات کون کونسے ہیں۔

1) موضوعی، معروضی، زبانی 2) کیس اسٹڈی 3) سوالنامہ 4) انٹرویو

(12 موضوعی امتحان کسے کہتے ہیں۔

1) لکھ کر 2) پڑھ کر 3) سن کر 4) سمجھ کر

(13 معروضی امتحان کسے کہتے ہیں۔

1) مختلف طریقوں سے 2) جوابات کے ذریعہ 3) تحریر کے ذریعہ 4) سوالنامہ کے ذریعہ

(14 انٹرویو کا تعلق اس ٹسٹ سے ہے۔

1) انٹرویو 2) مشاہدہ 3) عملی امتحان 4) تحریری امتحان

(15 SAT کی خصوصیات یہ ہیں۔

1) طلبا کی ذہنی سطحوں پر مبنی ہے 2) طلبا کی معلومات پر مبنی ہے 3) طلبا کے اخلاق پر مبنی ہے 4) طلبا کے معیار پر مبنی ہے

(16 سوالات کی ترتیب کے وقت کتنے علاقوں کا خیال رکھا جاتا ہے۔

1) 2علاقوں 2) 3علاقوں 3) 4علاقوں 4) تمام

(17 تحصیل علم کا تعلق اس علاقہ سے ہے۔

1) وقوفی 2) تاثراتی 3) اخلاقی 4) حرکیاتی

(18 LSRW کا تعلق اس علاقہ سے ہے۔

1) حرکیاتی 2) تاثراتی 3) معلوماتی 4) وقوفی

(19 تحصیلی آزمائش کے ذریعہ معلم کے درس کے بارے میں معلوم کیا جاتا ہے۔

1) درس کی کامیابی اور ناکامی 2) طلبا کی کامیابی 3) طلبا کی ناکامی 4) معلم کے درس کی کامیابی اور ناکامی

(20 سوالات کا معیار کیسا ہونا چاہیے۔

1) بہت اعلی 2) درمیانی 3) معلوماتی 4) بہت کم

(21 سوالات کے اقسام کتنے ہیں۔

1) طویل،مختصر،بہت مختصر،معروضی 2) طویل سوالات 3) مختصر سوالات 4) مختصر،طویل اور بہت مختصر،معروضی

(22 یہ تحصیلی جانچ کی قسم نہیں ہے۔

1) موضوعی 2) معروضی 3) زبانی 4) اخلاقی

(23 زبانی جانچ اس سطح پر کی جاتی ہے۔

1) پرائمری 2) مڈل 3) ثانوی 4) اعلیٰ ثانوی

(24 تحریری جانچ کی قسم ہے۔

1) موضوعی 2) نظم خوانی 3) عبارت خوانی 4) تمام

(25 معروضی سوالات کا

1) جواب صرف ایک ہی لفظ ہوتا ہے 2) طریقہ مشکل ہوتا ہے

3) سوالنامہ تیار کرنا مشکل ہے 4) جواب کئی الفاظ پر ہوتا ہے

KEY

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1) **1** | 2) **2** | 3) **2** | 4) **2** | 5) **1** | 6) **1** | 7) **1** | 8) **1** | 9) **1** | 10) **2** |
| 11) **1** | 12) **1** | 13) **1** | 14) **1** | 15) **1** | 16) **2** | 17) **1** | 18) **1** | 19) **4** | 20) **2** |
| 21) **1** | 22) **4** | 23) **1** | 24) **1** | 25) **1** | | | | | |

# مشقی سوالات - 1

(1) لفظ ''زبان'' کا اطلاق اس پر ہوتا ہے ؟

(a) جس سے خیال ایک شخص کے ذہن سے دوسرے شخص کے ذہن میں منتقل کیا جاتا ہے

(b) جس سے الفاظ ایک شخص کی زبان سے دوسرے شخص کے کان میں منتقل ہوتے ہیں

(c) زبان سونگھنے کا ذریعہ ہے

(d) کوئی بھی نہیں

(2) زبان کے تعلق سے کون سا بیان غلط ہے

(a) زبان ترسیل خیالات کا ذریعہ ہے (b) زبان ایک اکتسابی عمل ہے

(c) سماج کے بغیر زبان سیکھنے کا تصور بھی ناممکن ہے (d) زبان خود بہ خود سیکھی جاتی ہے

(3) اظہار خیال کا ابتدائی ذریعہ یہ ہے

(a) اشاروں کی زبان (b) گفتگو کی زبان (c) تحریری زبان (d) یہ تمام

(4) اشاروں کی قسمیں ہوتی ہیں

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(5) حرکات وسکنات کی زبان اظہار خیال کا ذریعہ ہے ؟

(a) بہرے اور گونگوں کے لئے (b) غیر متمدن قوموں کیلئے (c) ناقص القوی افراد کیلئے (d) یہ تمام

(6) متمدن اقوام جب دوسروں کی زبان سے ناواقف ہوتی ہیں تو اپنا مافی الضمیر اس طرح ادا کرتی ہیں

(a) گفتگو کے ذریعہ (b) اشاروں کے ذریعہ (c) تحریر کے ذریعہ (d) خاموشی کے ذریعہ

(7) زبان کے تعلق سے غلط بیان ہے

(a) زبان خیال کا آلہ ہے (b) زبان ہمدردی کا ذریعہ ہے

(c) زبان دوسروں کے احساسات سے واقف ہونے کا ذریعہ ہے (d) انسانوں اور جانوروں کی زبانوں میں کوئی فرق نہیں

(8) منہ پر کلمہ کی انگلی رکھ کر خاموش رہنے کی ہدایت کرنا زبان کی قسم کہلاتی ہے

(a) تحریری زبان (b) خاموشی کی زبان (c) حرکات کی زبان (d) آواز کی زبان

(9) بین الاقوامی یا قدرتی اشاروں کا مطلب ہے

(a) ایسے اشارے جو ہر خطے کے لوگ سمجھ سکتے ہیں (b) ایسے اشارے جو کسی خاص ملک یا قوم کے لئے مخصوص ہیں

(c) ایسے اشارے جو ہر قسم کے مطلب کے لئے کام میں آتے ہیں (d) ایسے اشارے جو کسی بھی مطلب کو ادا نہیں کر سکتے

(10) ذیل میں سے کون سی مثال قدرتی اشاروں میں شمار ہوتی ہے ؟

(a) دکن کے باشندوں کا خاص انداز سے سر کو جنبش دے کر 'ہاں' یا 'نہیں' ظاہر کرنا

(b) جاپانیوں کا ایک خاص انداز میں تعظیم کے لئے جھکنا

(c) فرانسیسیوں کا کندھا ہلا کر اظہار نفی و اثبات کرنا

(d) آنکھ بند کرنے سے سونا یا مرجانا

(11) درد یا کراہ کے اظہار کی آوازیں کہلاتی ہیں

(a) نقلی یا صوتی آوازیں (b) فجائیہ آوازیں (c) لفظ یا بول (d) بے ترتیب آوازیں

(12) فجائیہ آوازوں کے ذریعے کس چیز کا اظہار نہیں کیا جاتا ہے ؟

(a) غصہ کا (b) رحم و ہمدردی کا (c) ہوا کے گذرنے کا (d) رنج و تکلیف کا

(13) گھڑی کا تصور ظاہر کرنے کے لئے ''ٹِک ٹک'' کہلاتی ہے

(a) صوتی آواز (b) فجائیہ آواز (c) لفظ (d) یہ تمام

(14) زبان کی ابتداء کے تعلق سے کون سا بیان صحیح ہے

(a) زبان کی ابتداء انسانی زندگی کے ساتھ ہی ہوئی

(b) انسانی تہذیب کے بہت بعد زبان وجود میں آئی

(c) زبان کی ابتدا پہلے ہوئی بعد میں تہذیب وجود میں آئی

(d) تحریری زبان کو تقریری زبان پر تقدم حاصل ہے

(15) زبان Language اور بولی Dialect میں کیا فرق ہے ؟

(a) Language زبانی و تحریری شکل ہے جب کہ Dialect صرف زبانی بول چال کی شکل ہے

(b) زبان قدیم ہوتی ہے جب کہ بولی جدید ہوتی ہے

(c) ہر زبان میں ایک سے زیادہ بولیاں ہوتی ہیں

(d) (a) اور (c) دونوں

(16) سر کو مخصوص انداز میں ہلا کر ''ہاں'' یا ''نہیں'' ظاہر کرنا کا تعلق زبان کی اس قسم سے ہے

(a) علامتوں کی زبان (b) آوازوں کی زبان (c) اشاروں کی زبان (d) کوئی زبان نہیں

(17) موجودہ زمانے میں دکنی کہلاتی ہے

(a) معیاری زبان (b) مادری زبان (c) بولی یا Dialect (d) زبان

(18) مادری زبان اس زبان کو کہتے ہیں جو

(a) ماں بولتی ہے

(b) خاندان والے بولتے ہیں

(c) بچہ سب سے پہلے خاندان اور ماحول سے سیکھتا ہے

(d) اسکول میں سیکھی جانے والی زبان

(19) مادری زبان کے تعلق سے کونسا بیان صحیح ہے

(a) ہر انسان کی ایک ہی مادری زبان ہوتی ہے

(b) مادری زبان ایک سے زائد بھی ہوسکتی ہے

(c) مادری زبان کا سیکھنا ایک غیر اکتسابی عمل ہے

(d) ان میں کوئی نہیں

(20) ہندوستان کی قومی زبان ہے

(a) اردو (b) انگریزی (c) سنسکرت (d) ہندی

(21) دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی زبان ہے

(a) انگریزی (b) فرانسیسی (c) عربی (d) چینی

(22) تلنگانہ کی علاقائی زبان ہے

(a) تلگو (b) اُردو (c) ہندی (d) انگریزی

(23) ریاست کیرالا کی مقامی زبان ہے

(a) ہندی (b) ٹامل (c) تلگو (d) ملیالی

(24) وہ زبان جو مختلف علاقائی بولیوں اور مختلف قوموں اور زبانوں کے بولنے والوں کے درمیان رابطے کا کام دیتی ہے کہلاتی ہے

(a) قومی زبان (b) رابطے کی زبان (c) مقامی زبان (d) معیاری زبان

(25) ایک ایسے خاندان میں جہاں ماں کی زبان تلگو ہے اور باپ کی ٹامل اور دونوں زبانیں مساوی طور پر اثر رکھتی ہیں تو بچہ کی مادری زبان ہوگی

(a) تلگو (b) ٹامل (c) تلگو اور ٹامل دونوں (d) دونوں بھی نہیں

(26) ایک بڑے لسانی گروہ میں جو کسی بڑے علاقہ میں آباد ہو کچھ مقامی خصوصیات پیدا ہو جاتی ہیں۔اس اختلاف سے زبان تقسیم ہو جاتی ہے

(a) مختلف لوگوں میں (b) مختلف بولیوں میں (c) مختلف شہروں میں (d) ان میں کوئی نہیں

(27) لسانیات کی رو سے ہر وہ زبان جو بچہ اپنی مادری زبان کے بعد سیکھے گا ،کہلائے گی

(a) نئی زبان (b) مشکل زبان (c) بولی (d) دوسری زبان یا Second Language

(28) سائنس و ٹکنالوجی اور دیگر علوم کی معلوماتی کتابیں جس زبان میں لکھی جاتی ہیں وہ زبان کہلاتی ہیں

(a) بین الاقوامی زبان (b) قومی زبان (c) لائبریری کی زبان (d) معیاری زبان

(29) وہ زبان جو حکومتی یا سرکاری سطح پر انتظامی امور کی انجام دہی کے لئے استعمال کی جاتی ہے، کہلاتی ہے

(a) سرکاری یا Official (b) رابطے یا Link Language (c) قومی یا National Language (d) علاقائی یا مقامی

(30) تدریس اُردو کے.................. بنیادی مقاصد ہیں

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(31) ہر زبان بشمول اُردو کی تدریس کے.................. افادی مقاصد ہوتے ہیں

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(32) کونسا مقصد تدریس زبان کا افادی مقصد نہیں ہے

(a) گفتگو سکھانا (b) پڑھنا سکھانا (c) لکھنا سکھانا (d) اخلاق کی تربیت دیا

(33) '' ذوق سلیم کی تربیت'' تدریس اُردو کا کونسا مقصد ہے ؟

(a) افادی (b) کلچری (c) بنیادی (d) غیر اہم

(34) بقول ملا فخر الحسن تدریس اُردو کے کلچری مقاصد کی تعداد ہے

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(35) ذیل میں سے کون سا مقصد کلچری نہیں ہے ؟

(a) اخلاق کی تربیت (b) اردو ادب کا ذوق سلیم پیدا کرنا

(c) اُردو زبان میں گفتگو کرنا (d) اُردو ادب کے ذریعے فیصلہ اور تخیل کی مشق کا موقع فراہم کرنا

(36) پرائمری سطح پر بچوں کو گفتگو سکھانے کے لئے کونسا طریقہ استعمال کیا جاسکتا ہے ؟

(a) فرضی کھیلوں کے متعلق گفتگو (b) قصہ گوئی کا طریقہ (c) مکالموں کا طریقہ (d) اوپر دیئے گئے تمام

(37) تصاویر کے ذریعے گفتگو سکھانے میں کس بات کو پیش نظر رکھنا ضروری ہوتا ہے

(a) موزوں ومناسب تصاویر کا انتخاب کریں (b) تصاویر بچوں کی روزمرّہ تجربات سے متعلق ہوں

(c) تصاویر دلچسپ، واضح اور غیر مبہم ہوں (d) اوپر دئے گئے تمام

(38) گفتگو سکھانے کے لئے کونسا طریقہ درج ذیل میں سے نہیں ہے ؟

(a) قصہ خوانی (b) غیر رسمی گفتگو (c) بچوں کی نظمیں اور گیت (d) دیکھو اور بولو کا طریقہ

(39) فرضی کھیلوں کے متعلق گفتگو سے بچوں کو بولنا سکھانے کا مقصد بخوبی پورا ہوتا ہے کیونکہ

(a) بچوں کو کھیل فطرتاً پسند ہوتے ہیں (b) کھیلوں کے ذریعے اظہار مافی الضمیر کا موقع ملتا ہے

(c) (a) اور (b) دونوں (d) ان میں کوئی نہیں

(40) مادری زبان اُردو والے طلباء اسکول میں داخلہ تک بہ آسانی بات چیت کر سکتے ہیں۔ان کو گفتگو سکھانے کا مقصد ہے

(a) معیاری اور شستہ زبان میں بات چیت کے قابل بنانا (b) بلا جھجک اظہار خیال کی صلاحیت پیدا کرنا

(c) تحریر پڑھ کر سمجھنے میں آسانی پیدا کرنا (d) یہ تمام

(41) ماہرین تعلیم کے خیال میں بچہ کو پڑھنا (Reading) سکھانے کی ابتدا کس عمر سے ہونی چاہیئے ؟

(a) پیدائش سے (b) پانچ سال کے بعد سے (c) پانچ سال کی ابتدا سے (d) آٹھ سال سے

(42) پڑھنا سکھانے کے مختلف طریقوں کو کتنے سرخیوں کے تحت تقسیم کر سکتے ہیں ؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(43) ذیل میں سے کونسی قسم پڑھنا سکھانے کے طریقوں میں شامل نہیں ہے ؟

(a) ترکیبی طریقے (b) تحلیلی طریقے (c) تدریسی طریقے (d) مخلوط طریقے

(44) وہ طریقے جن میں پہلے حروف سکھائے جاتے ہیں اور پھر ان حرفوں کو ملا کر لفظ بنانا سکھایا جاتا ہے، کہلاتے ہیں

(a) تحلیلی طریقے (b) پڑھنے کے طریقے (c) ترکیبی طریقے (d) مخلوط طریقے

(45) وہ طریقے جن میں آغاز لفظوں یا ارکان (اجزائے لفظ) سے ہوتا ہے اور لفظوں کو پہچاننے کے بعد ان حرفوں کی آواز اور شکل کی شناخت کرائی جاتی ہے، کہلاتے ہیں

(a) تحلیلی طریقے (b) لفظی طریقے (c) ترکیبی طریقے (d) اشکالی طریقے

(46) اس طریقہ میں پڑھنے اور ہجے کرنے کی دشواریاں الگ کردی جاتی ہیں

(a) تحلیلی طریقہ (b) ابجدی طریقہ (c) صوتی طریقہ (d) صوتیاتی طریقہ

(47) ترکیبی اور تحلیلی ہر دو طریق کی مفید باتیں لے کر بنایا جانے والا طریقہ کہلاتا ہے

(a) بہترین طریقہ (b) کارآمد طریقہ (c) سجاد مرزا کا طریقہ (d) مخلوط طریقہ

(48) ذیل میں سے کونسا طریقہ سب سے قدیم پڑھنا سکھانے کا طریقہ ہے ؟

(a) دیکھو اور بولو (b) ابجدی طریقہ (c) صوتی طریقہ (d) صوتیاتی طریقہ

(49) وہ کونسا طریقہ ہے جس کے ذریعہ پہلے حروف تہجی کے نام سکھائے جاتے ہیں اور ان کی صورتیں شناخت کرائی جاتی ہیں اس کے بعد حروف مفردہ کو جوڑ کر لفظ سکھائے جاتے ہیں ؟

(a) ابجدی طریقہ (b) صوتی طریقہ (c) صوتیاتی طریقہ (d) ارکانی طریقہ

(50) ذیل میں سے کونسا طریقہ ترکیبی نہیں ہے ؟

(a) ابجدی (b) صوتی (c) صوتیاتی (d) اجزائی

(51) وہ طریقہ جس میں ابتدا حرفوں کی آواز سے کی جاتی ہے نام پہلے سکھائے نہیں جاتے

(a) حروف تہجی کا طریقہ (b) صوتی طریقہ (c) اجزائی طریقہ (d) صوتیاتی طریقہ

(52) صوتیاتی رسم الخط کے ذریعہ پڑھنا سکھانے کے طریقے کو کہتے ہیں

(a) دیکھو اور بولو (b) صوتی طریقہ (c) ابجدی طریقہ (d) صوتیاتی طریقہ

(53) وہ ماہر تعلیم جس نے سب سے پہلے یہ تجویز رکھی کہ حروف کے نام سے قبل اس کی آواز سکھائی جائے ؟

(a) بلوم (b) ایکل سامر (c) مانٹی سوری (d) ڈیوی

(54) اس طریقہ میں لفظ کو وحدت قرار دیا جاتا ہے نہ کہ حرف کو

(a) دیکھو اور بولو کا طریقہ (b) اجزائی طریقہ (c) ارکانی طریقہ (d) جملہ واری طریقہ

(55) یہ طریقہ ''معلوم سے نامعلوم کی طرف'' کے تعلیمی اصول پر مبنی ہے

(a) صوتی طریقہ (b) حرفی طریقہ (c) دیکھو اور بولو کا طریقہ (d) مخلوط طریقہ

(56) پسٹالوزی نے اس طریقہ کو پہلے پہل رائج کیا ؟

(a) جملے کا طریقہ (b) قصہ گوئی کا طریقہ (c) صوتی طریقہ (d) ارکانی یا اجزائی طریقہ

(57) شیخ چاند کا مرتب کردہ ''بولتا قاعدہ'' اس طریقہ پر مبنی ہے

(a) جملے کا طریقہ (b) قصہ گوئی کا طریقہ (c) ارکانی یا اجزائی طریقہ (d) صوتی طریقہ

(58) قصہ گوئی کے طریقہ سے پڑھنا سکھانے کا شمار ہوتا ہے

(a) تحلیلی طریقوں میں (b) ترکیبی طریقوں میں (c) مخلوط طریقوں میں (d) کوئی نہیں

(59) مس اسٹیونس کا تعلق اس ملک سے ہے ؟

(a) امریکہ (b) جرمنی (c) انگلستان (d) فرانس

(60) ذیل کے کونسے طریقے کو ''طریقہ خیال'' کہہ سکتے ہیں

(a) جملہ واری (b) قصہ واری (c) ارکانی (d) دیکھو اور بولو

(61) جملوں کو بصورت وحدت خیال پیش کر کے پڑھنا سکھایا جاتا ہے اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ

(a) جملے دلچسپ ہوں (b) جملہ قدرتی ہوں (c) جملے توازنی ہوں (d) یہ تمام

(62) دیکھو اور بولو کا طریقہ اس پر مبنی ہے

(a) قانون تلازم مقارنت (b) قانون انتقال اکتساب (c) قانون کل (d) کوئی نہیں

(63) جملہ واری طریقہ کے تعلق سے کون سا بیان غلط ہے

(a) جملہ واری طریقہ مکمل خیال ظاہر کرتا ہے (b) بچوں کے سامنے جملہ بصورت وحدت خیال پیش کیا جاتا ہے

(c) جملوں میں استعمال ہونے والے الفاظ بچوں کی لغات سے لئے جاتے ہیں

(d) ہر جملہ اس طریقے کے لئے مفید اور کارآمد ہوتا ہے

(64) مخلوط طریقے اس مفروضہ پر قائم ہیں کہ

(a) ایک ہی طریقہ تدریس کے لئے اہم ہوتا ہے باقی غیر اہم ہوتے ہیں

(b) ہر طریقے میں کچھ نہ کچھ خوبیاں اور خامیاں ہوتی ہیں اور ایک سمجھدار مدرس ہر طریقے کی خوبیوں کو لے کر تدریس کو آسان اور دلچسپ بنا سکتا ہے

(c) مخلوط طریقے غیر لچک دار ہوتے ہیں (d) ہر مدرس ہر طریقے سے پڑھا سکتا ہے

(65) بچہ کو کوئی لفظ دکھایا جاتا ہے اور پورا لفظ کہلوایا جاتا ہے۔ یہ طریقہ کہلاتا ہے

(a) ابجدی طریقہ (b) دیکھو اور بولو کا طریقہ (c) لفظی طریقہ (d) ترکیبی طریقہ

(66) پرنسپل سجاد مرزا کا ایجاد کردہ طغریٰ جو جملہ اُردو حروف بتاتا ہے

(a) لفظوں کا طغریٰ (b) خطوط کا طغریٰ (c) دائرہ حروف (d) کوئی نہیں

(67) اُردو لکھنا سکھانے کے لئے مانٹے سوری کا طریقہ

(a) بہت کارآمد ہے (b) حروف سکھانے کی حد تک مفید ہے لیکن ان کو ملا کر لکھنے کے لئے نہیں

(c) زیادہ مشکل ہے (d) بے کار ہے

(68) مانٹے سوری کا لکھنا سکھانے کا طریقہ اس اصول پر مبنی ہے

(a) اصول حسّی (b) آسان سے مشکل کی طرف (c) مشکل سے آسان کی طرف (d) اصول ذہنی

(69) بچہ کی ابتدائی تعلیم مادری زبان میں ہونی چاہیئے کیونکہ

(a) مادری زبان سے آموزش یا تفہیم میں سہولت ہوتی ہے

(b) مادری زبان میں تعلیم سے جو تسکین حاصل ہوتی ہے وہ ذہنی، سماجی اور جذباتی نشوونما کی ضمانت کرتی ہے

(c) مادری زبان کے ذریعے ہی بچہ اپنی تہذیب و معاشرت سے مطابقت اور رابطہ پیدا کرتا ہے (d) اوپر دئے گئے تمام

(70) زبان اور ادب کے باہمی رشتہ کے تعلق سے کونسا بیان غلط ہے

(a) ادب زبان کی تحریری صورت ہے (b) ادب زبان کا آرائشی پہلو ہے

(c) ادب ایک تخلیقی عمل ہے (d) ادب اور زبان مترادفات ہیں

(71) ثانوی منزل پر تدریس اُردو کا اہم مقصد ہے

(a) گفتگو سکھانا (b) طلباء میں جمالیاتی، تخیلی اور تخلیقی صلاحیتوں کو پیدا کرنا

(c) صحیح تلفظ سے پڑھنا سکھانا (d) کوئی نہیں

(72) اُردو کی درسی کتاب میں کون سی خوبی ہونی چاہیئے ؟

(a) اسباق بچوں کی استعداد کے مطابق ہوں (b) اسباق میں تنوع ہو

(c) درسی کتاب اس طرح ترتیب دی گئی ہو کہ بچوں کے ذخیرہ الفاظ میں بتدریج اضافہ ہوتا جائے (d) اوپر دئے گئے تمام

(73) کسی لکھی ہوئی چیز کو پڑھنا اور اس کا مطلب سمجھنا اس کو کہتے ہیں ؟

(a) املانویسی (b) عبارت خوانی (c) تلفظ اور ہجے کی مشق (d) کوئی نہیں

(74) عبارت خوانی کی..................قسمیں ہوتی ہیں

(a) 1 (b) 2 (c) 3 (d) 4

(75) ذیل میں سے ایک عبارت خوانی کی خصوصیت نہیں ہے

(a) مطلب فہمی (b) رفتار (c) آواز یا تلفظ (d) خوش خطی

(76) عبارت خوانی کی وہ قسم جس کی خصوصیت یہ ہے کہ ہر لفظ کی آواز منہ سے ادا کی جائے

(a) بلندخوانی (b) خاموش خوانی (c) نظم خوانی (d) غزل خوانی

(77) کم سے کم وقت میں عبارت کا مطلب حاصل کر لینا مقصد ہوتا ہے

(a) عبارت خوانی کا (b) بلندخوانی کا (c) خاموش مطالعہ کا (d) زور سے پڑھنے کا

(78) کمرۂ جماعت میں بلندخوانی کی..................صورتیں کی جاتی ہیں

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

(79) خاموش مطالعہ کی ابتداء بچوں میں اس عمر سے کی جائے

(a) آٹھ سال (b) نو سال (c) چار سال (d) چھ سال

(80) بچوں کے تلفظ اور ہجے کی انفرادی غلطیوں کی نشاندہی اور ان کی اصلاح و درستگی اس طریقے سے ممکن ہے

(a) انفرادی بلندخوانی (b) اجتماعی بلندخوانی (c) نمونے کی بلندخوانی (d) خاموش مطالعہ

(81) شرمیلے بچوں کی جھجک دور کرنے اور رفتار میں یکسانیت پیدا کرنے کے لئے عبارت خوانی کا یہ طریقہ بہت مفید ہے

(a) انفرادی بلندخوانی (b) اجتماعی بلندخوانی (c) مدرس کی نمونے کی بلندخوانی (d) نظم خوانی

(82) خوش خوانی کے تمام اوصاف جیسے تلفظ، تفصیل، روانی، تغیر لحن اور رموز واوقاف کو ملحوظ رکھا جاتا ہے

(a) اجتماعی بلندخوانی میں (b) نمونے کی بلندخوانی میں (c) زودخوانی میں (d) کسی میں نہیں

(83) خاموش مطالعہ کے لئے ضروری ہے کہ

(a) کمرہ جماعت میں مکمل خاموشی رہے (b) پڑھتے وقت طالب علم کسی قسم کی آواز نہ نکالیں، صرف نظر سے کام لیں

(c) اوپر دئے گئے دونوں (d) طلباء دھیمی آواز میں پڑھیں

(84) آواز کے اتار چڑھاؤ کی تبدیلی کو کہتے ہیں

(a) سلاست (b) تغیرلحن (c) اخراج (d) تلفظ کی ادائیگی

(85) عبارت خوانی کا سب سے اعلیٰ وصف سمجھا جاتا ہے

(a) تفصیل (b) روانی یا سلاست (c) اعراب واخراج (d) معنی آفرینی

(86) مصنف کے جذبات وتاثرات سے متاثر ہوکر اپنے لب ولہجہ اور رفتار کی کمی بیشی سے مسرت طنز، تعصب وغیرہ جذبات ظاہر کرنے کا وصف کہلاتا ہے

(a) فقرہ بندی (b) معنی آفرینی (c) تغیرلحن (d) سلاست

(87) دوران عبارت خوانی کبھی آواز اٹھائی اور بھاری کی جاتی ہے۔اسے کہتے ہیں

(a) تغیرلحن (b) تاکید (c) تخفیف (d) تکلف

(88) دوران عبارت خوانی آواز دھیمی کرنے کو کہتے ہیں

(a) تغیرلحن (b) تاکید (c) تخفیف (d) تسلسل

(89) حافظ خوانی سے بچوں میں یہ صلاحیت پیدا ہوتی ہے

(a) ذخیرۂ الفاظ میں گراں بہا اضافہ ہوتا ہے (b) اظہار مافی الضمیر ادا کرنے میں آسانی ہوتی ہے

(c) نئے نئے فقرے، تلمیحات، تشبیہیں اور استعارے وغیرہ کا استعمال کرنا آجاتا ہے (d) اوپر دئے گئے تمام

(90) کسی بھی سبق کی ابتدائی منزل ہوتی ہے

(a) تمہید (b) اعلانِ سبق (c) تفہیم (d) گزشتہ معلومات کا اعادہ

(91) تدریس سبق میں تمہید کا مقصد ہوتا ہے

(a) طلباء میں ذہنی آمادگی پیدا کرنا (b) طلباء کو سیکھنے کی طرف راغب کرنا

(c) سابقہ معلومات کی بنیاد پر نفس مضمون تک طلباء کی رہنمائی کرنا (d) اوپر دئے گئے تمام

(92) تمہید کی منزل اس اصول پر مبنی ہے

(a) نفسیاتی (b) سماجی (c) ذہنی (d) تعلیمی

(93) ''بغیر کسی تحریک یا آمادگی (Motivation) کے کسی بھی قسم کا اکتساب ممکن نہیں'' اس اصول کا اطلاق تدریس سبق کی اس منزل پر کیا جاتا ہے

(a) تفہیم (b) اعادہ (c) تمہید (d) انطباق

(94) ذیل میں سے کونسا بیان غلط ہے

(a) تمہیدی سوالات کے مابین ایک منطقی ربط پیدا کرنا ضروری ہوتا ہے

(b) تمہید باندھنے کے لئے صرف سوال و جواب کا پیرایہ اختیار کرنا پڑتا ہے

(c) تمہید میں ''معلوم سے نامعلوم کی طرف'' اصول کارفرما ہوتا ہے

(d) کہانی، سوانح یا سبق کے مرکزی خیال کو تمہید کا ذریعہ بنایا جاسکتا ہے

(95) تمہید کے آخری سوال کو استعمال کیا جاتا ہے

(a) محرکہ پیدا کرنے کے لئے (b) اعلان سبق کے لئے (c) استاد کی تشفی کے لئے (d) طلباء میں دلچسپی پیدا کرنے کیلئے

(96) تدریس سبق کے دوران اخذ معنی کی منزل

(a) تمہید سے پہلے ہوتی ہے (b) تفہیم کے بعد ہوتی ہے

(c) نمونے کی بلند خوانی اور خاموش مطالعہ کے درمیان ہوتی ہے (d) دوران تفہیم ہوتی ہے

(97) اخذ معنی کا اہم مقصد ہوتا ہے

(a) بچوں سے سوالات کرنا (b) ان کو ہمہ تن گوش رکھنا

(c) نئے اور مشکل الفاظ کے معنی سے طلباء کو واقف کرانا (d) الفاظ کا تلفظ سکھانا

(98) الفاظ کے تعلق سے کونسا بیان غلط ہے

(a) الفاظ بذات خود معنی نہیں رکھتے (b) الفاظ کے معنی طلباء کو براہِ راست بتادینا ضروری ہے

(c) استاد لفظی معنی کیساتھ مرادی معنی کی طرف بھی اشارہ کرتا جائے (d) الفاظ کو ان کے سیاق وسباق میں پیش کرنا چاہیئے

(99) اخذ معنی بذریعہ ایتلاف مادی سے مراد ہے

(a) مدرس کسی لفظ کا تلفظ کرے اور اس مقرون شئے یا صفت یا فعل کو چھو کر یا اشارہ کر کے یا وہ فعل انجام دے کر بتائے

(b) مترادفات کے ذریعہ معنی سمجھانا (c) آسان جملوں میں لفظ کو پیش کرنا

(d) براہِ راست معنی بتانا

(100) ایتلاف مادی کی کتنی قسمیں کی جاسکتی ہیں ؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) چھ

(101) تصویر، ماڈل، یا کوئی شئے کو چھو کر یا اشارہ کر کے معنی سمجھانے کو کہتے ہیں

(a) ایتلاف مادی بصری (b) ایتلاف مادی سمعی (c) ایتلاف مادی ذوقی (d) ایتلاف مادی شمّی

(102) ''لفظ ڈگمگانا'' کی وضاحت کرنے کے لئے کون ساطریقہ مناسب ہے

(a) ایتلاف مادی حرکی (b) مترادفات کا طریقہ (c) تحلیل کا طریقہ (d) ان میں کوئی نہیں

(103) ''دوش بہ دوش'' اس محاورہ کے معنی کس طریقہ پر بہتر اخذ کروائے جاسکتے ہیں

(a) تحلیل کے ذریعے (b) متضاد الفاظ کو پیش کر کے (c) ایتلاف مادی کے ذریعے (d) براہِ راست

(104) درج ذیل میں کون سے لفظ کے لئے تحلیل کا طریقہ مفید ہوگا

(a) معمہ (b) دوراندیشی (c) اختلاج (d) مغز

(105) اخذ معنی کو کہا جاتا ہے

(a) ایضاح معنی (b) انطباق (c) تدریس (d) تفہیم

(106) لفظ ''ایندھن'' کی ایضاح کے لئے مفید طریقہ ہوگا

(a) تعریف/تشریح (b) مترادف الفاظ (c) متضاد الفاظ (d) تحلیل

(107) درج ذیل الفاظ میں کونسے لفظ کی ایضاح بذریعہ ایتلاف مادی حرکی ممکن ہے ؟

(a) دست بستہ (b) پستہ (c) ضمنی (d) نسوان

(108) لفظ ''کٹار'' کے معنی اخذ کرانے کے لئے خنجر کو دکھایا جائے تو یہ طریقہ ہوگا

(a) ایتلاف مادی بصری (b) ایتلاف مادی حرکی (c) مترادف الفاظ (d) تحلیل

(109) لفظ ''شہرہ آفاق'' کی ایضاح کس طریقہ پر بہ آسانی کی جاسکتی ہے ؟

(a) تحلیل (b) مترادفات (c) متضاد (d) تعریف یا تشریح

(110) ذیل میں دی گئی وجوہات میں ایک ہجے سکھانے کی وجہ نہیں ہے

(a) غلط ہجے سے ادب اور کلچر سے ناواقفیت ظاہر ہوتی ہے (b) غلط ہجے سے بعض اوقات الفاظ کے معنی بدل جاتے ہیں

(c) صحیح ہجے سے لکھنے والے کی قابلیت ظاہر ہوتی ہے (d) ہجے کی تعلیم سے گفتگو سکھانے میں آسانی پیدا ہوتی ہے

(111) ہجے سکھانے کی مشق نہیں ہے

(a) بلند خوانی (b) نقل نویسی(Imitation) (c) املا نویسی (d) لفظ سازی

(112) اُردو ہجے سکھانے میں سب سے بڑی دشواری یہ ہے

(a) اُردو کے حروف تہجی صوتی نہیں (b) اُردو کی درسی کتابیں نایاب ہیں

(c) بچوں میں مطالعہ کا شوق نہیں پایا جاتا (d) اوپر دئے گئے تمام

(113) طبقہ تحتانیہ میں نظم کی تعلیم کا بنیادی مقصد ہوتا ہے

(a) لطف اندوزی (b) سخن فہمی (c) شاعری کی مشق (d) یہ تمام

(114) تحتانیہ کی سطح پر شامل نصاب نظموں کی خصوصیت ہو

(a) تلمیحات موجود ہوں (b) تشبیہہ واستعارے کا استعمال ہو

(c) سیدھی سادھی، آسان الفاظ اور روزمرہ زبان میں ہو (d) (a)اور(b) دونوں

(115) تحتانیہ سطح پر اقبال کی درج ذیل کونسی نظم مفید ثابت ہوگی ؟

(a) ایک پہاڑ اور گلہری (b) شکوہ (c) مسجد قرطبہ (d) چانداور تارے

(116) بچوں کے لئے نظموں کا انتخاب کرتے وقت خیال رکھنا ہوگا

(a) زبان اور طرز بیان آسان ہو (b) نظموں میں ترنم اور موسیقیت ہو

(c) صنائع لفظی ومعنوی سے پاک ہو (d) اوپر دیئے گئے تمام

(117) کس شاعر نے بچوں کے لئے آسان نظمیں لکھیں؟

(a) اسماعیل میرٹھی (b) جوشؔ ملیح آبادی (c) غالبؔ (d) ذوقؔ

(118) تدریس قواعد کی ابتداء کے تعلق سے ماہرین کی متفق رائے ہے

(a) نوبرس سے قواعد کی تعلیم کا آغاز ہو (b) ثانوی سطح سے قواعد کی تدریس شروع کی جائے

(c) پرائمری سطح سے قواعد سکھائی جائے (d) قواعد سکھائی ہی نہ جائے

(119) تدریس قواعد کے اہم اصولوں میں سے نہیں ہے

(a) آغاز جملوں سے کرنا چاہیئے (b) طریقہ تعلیم استقرائی ہو

(c) تعلیم قواعد میں تسلسل ہونا چاہیئے (d) قواعد کی تعلیم صرف نظریاتی ہو

(120) تدریس قواعد میں پہلے مثالیں پیش کرنا اور پھر ان مثالوں سے کلیہ یا قاعدہ اخذ کرانا۔ یہ طریقہ کہلاتا ہے

(a) استخراجی طریقہ (b) مثالی طریقہ (c) استقرائی طریقہ (d) قواعدی طریقہ

(121) نظم اور نثر کے فرق کو واضح کرنے کے لئے کونسا بیان غلط ہے ؟

(a) نثر کے مقابلے میں نظم میں زیادہ تاثر ہوتا ہے (b) نثر کا اسلوب تعمیری ہوتا ہے جب کہ نظم کا وجدانی اور تخلیقی

(c) نظم کو ادب میں شمار کیا جاتا جب کہ نثر کو ادب نہیں کہا جاتا (d) نظم کا بنیادی مقصد لطف اندوزی ہوتا ہے اور نثر کا عبارت فہمی

(122) تحتانوی سطح پر انشاء کا مقصد بخوبی پورا ہوتا ہے

(a) گفتگوسکھانے کےطریقوں سے(b)قصہ گوئی سے (c) بچوں کے گیتوں سے (d) مکالموں کےاسباق سے

(123) تحتانوی سطح پرتقریری انشاء کا کام ذیل میں دئے گئے ایک طریقہ سےنہیں لیاجاتا

(a) مکالمہ (b) تصاویرکوپیش کرکےسوالات وجوابات (c) مضمون نگاری (d) قصہ سن کردہرانا

(124) تحتانوی سطح پرتحریری انشاء کی مشق نہیں ہے

(a) خط نویسی (b) عرضی نویسی (c) قصہ نویسی (d) محاورات کی تشریح

(125) طلباء کےذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کے لئےمشق نہیں ہے

(a)نئےالفاظ کاجملوں میں استعمال (b) لغت بازی (c) لغات سازی (d) املانویسی

(126) تدریس نظم کامقصدنہیں ہے

(a) تخیل کی مشق (b) جذبات کی ترتیب (c) جمالیاتی ذوق کی نشوونما (d) شاعری کی تربیت

(127) تدریس نظم میں نامانوس الفاظ وتراکیب کےمعنی سمجھانے کابنیادی مقصد ہوتا ہے

(a) ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ (b) نئے الفاظ کوروزمرہ گفتگو میں استعمال کےقابل بنانا

(c) لطف اندوزی اور جمالیاتی قدروں کااحساس پیداکرنا (d) کوئی نہیں

(128) اُردونظم کی تدریس کے لئے ضروری ہے کہ استاد میں یہ خصوصیت ہو

(a) شعروشاعری کا شستہ مذاق رکھتاہو (b) شاعرہو

(c) ادبی ذوق اورتاریخ ادب سے کماحقہ واقفیت رکھتاہو (d) (a)اور(c) دونوں

(129) تدریس نظم میں مرکزی خیال پیش کیاجاتا ہے

(a) تمہید کےدوران (b) بلندخوانی کےدوران (c) اجمالی جائزہ کےدوران (d) تفصیلی جائزہ کےدوران

(130) استحسان نظم سےمراد ہے

(a) نظم میں آہنگ، الفاظ کی موزونیت اورامیجری سےحظ اٹھانا (b) تشبیہات واستعارات کی جانب طلباءکومتوجہ کرنا

(c) سوالات کےذریعہ نظم کوسمجھانا (d) (a)اور(b)دونوں

(131) نظم کاتنقیدی جائزۃ اس منزل پرلیاجاتا ہے

(a) اعادہ (b) تفصیلی جائزۃ (c) شاعری کاتعارف (d) استحسانِ نظم

(132) استحسانِ نظم کوجانچنے کے لئے مدرس کوکرنا چاہیئے

(a) شاگردوں سےدریافت کرے کہ انہیں زیرمطالعہ نظم میں کونسا شعر پسند ہےاورکیوں

(b) مشکل الفاظ کےمعنی پوچھے (c) خلاصہ کومرتب کرے (d) یہ تمام

(133) غزل کی تدریس کاآغاز کس جماعت سے ہونا چاہیئے

(a) پانچویں (b) چھٹی (c) ساتویں (d) آٹھویں

(134) غزل کی تدریس کوبحسن خوبی انجام دینے کے لئےضروری ہے کہ

(a) استادغزل کی ساخت سےواقف ہو (b) غزل کی عہد بہ عہدترقی اوراسلوب سےواقف ہو

(c) اسے ہر دور کی نمائندہ غزلوں کا شعور ہو (d) اوپر دئے گئے تمام

(135) غزل کی خصوصیت ہے

(a) غزل میں عام طور پر ایک مرکزی خیال نہیں ہوتا (b) غزل کا اسلوب علامتی اور داخلی ہوتا ہے

(c) غزل کی ایک مخصوص ہئیت اور شکل ہوتی ہے (d) یہ تمام

(136) تدریس غزل میں تمہید منزل پر اس سے کام لیا جاسکتا ہے

(a) غزل کے اجزائے ترکیبی کا ذکر کیا جائے

(b) غزل کے موضوعات اور شعراء کیحالات زندگی کو موضوعِ بحث بنایا جائے

(c) اسلوب غزل کو گفتگو کا موضوع بنایا جائے (d) اوپر دئے گئے کسی بھی طریقہ کو استعمال کر سکتے ہیں

(137) '' اُردو قواعد تو وہ سیکھے جس کی یہ مادری زبان نہ ہو'' یہ کس کا قول ہے

(a) سرسید (b) اقبال (c) حالی (d) عبدالحق

(138) صنائع لفظی و معنوی کو کہا جاتا ہے

(a) علم معانی (b) علم بدیع (c) علم ہجا (d) علم عروض

(139) تشبیہ، استعارہ، کنایہ وغیرہ اس علم کے اجزاء ہیں

(a) علم بیان (b) علم معانی (c) علم بدیع (d) علم عروض

(140) بحر، وزن، اور شعر کی تقطیع اس علم کو کہا جاتا ہے

(a) علم الاشتقاق (b) علم عروض (c) علم بلاغت (d) علم بیان

(141) اختصار نویسی مشغلہ ہے

(a) تحریری انشاء کا (b) تقریری انشاء کا (c) ہم نصابی سرگرمیوں کا (d) کوئی مشغلہ نہیں

(142) تیزی کے ساتھ عبارت لکھنے کی قابلیت کو کہتے ہیں

(a) زود نویسی (b) خوش نویسی (c) املا نویسی (d) نقل نویسی

(143) دو یا دو سے زائد لفظوں سے ملکر بننے والا لفظ کہلاتا ہے

(a) مفرد لفظ (b) مرکب لفظ (c) مشکل لفظ (d) تمام

(144) نئے لفظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیا جائے کہ اس کے معنی طلباء خود اخذ کر لیں یہ طریقہ کہلاتا ہے

(a) ایضاح بذریعہ تعریف (b) ایضاح بذریعہ سیاق وسباق (c) ایتلاف مادی (d) تحلیل

(145) لاحقے یا سابقے لگانے سے لفظ بن جاتا ہے

(a) مرکب (b) جملہ (c) مشکل (d) آسان

(146) الفاظ کے شروع میں آنے والے حروف کہلاتے ہیں

(a) سابقے (b) لاحقے (c) مرکب الفاظ (d) اضافی الفاظ

(147) جو حروف الفاظ کے آخر میں آتے ہیں کہلاتے ہیں

(a) سابقے (b) لاحقے (c) اختتامیے (d) ابتدائیے

(148) ثانوی منزل پر انشا کی تدریس کا مقصد نہیں ہے

(a) طلباء میں بول کر یا لکھ کر اظہار مافی الضمیر کی قابلیت پیدا کرنا

(b) اپنے محسوسات، تجربات وجذبات کو صحت وصفائی کے ساتھ تقریر و تحریر میں بیان کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا

(c) تدریس زبان کے افادی مقاصد کو پورا کرنا (d) (a)اور(b)دونوں

(149) تدریس انشا سے طلباء میں پیدا ہوتی ہے

(a) تخلیقی قوتوں کی نشوونما (b) انفرادی اسلوب بیان (c) خیالات میں تسلسل اور ربط (d) اوپر دئے گئے تمام

(150) تحریری انشاء کا مشغلہ ہے

(a) اسٹیج پر ڈرامہ کرنا (b) بیت بازی (c) خطوط نویسی (d) تقریری مقابلے

(151) استخراجی طریقہ سے قواعد سکھانے میں یہ اصول مضمر ہے

(a) نامعلوم سے معلوم کی طرف (b) معلوم سے نامعلوم کی طرف

(c) آسان سے مشکل کی طرف (d) مشکل سے آسان کی طرف

(152) استقرائی طریقہ اختیار کرتے وقت ضروری ہے کہ

(a) ایسی مثالیں فراہم کی جائیں جن سے طلباء مانوس ہوں (b) مثالیں زیادہ سے زیادہ اسباق سے فراہم کی جائیں

(c) نئے جملوں میں ان کو استعمال کرایا جائے (d) اوپر دئے گئے تمام

(153) تحریری انشاء کا مشغلہ نہیں ہے

(a) فارم کی خانہ پری (b) خاکہ نگاری (c) مکالمہ گوئی (d) خط نویسی

(154) کسی منظر یا واقعہ کا بے ساختہ بیان مشغلہ ہے

(a) تحریری انشاء کا (b) تقریری انشاء کا (c) بے کاری کا (d) کوئی مشغلہ نہیں

(155) اعادہ کے سوالات کا مقصد ہوتا ہے

(a) تفہیم میں آسانی (b) عنوان اخذ کروانا (c) ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ (d) خلاصہ ذہن نشین کروانا

(156) ہربارٹ نے سبق کے کتنے اقدامات مقرر کئے

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(157) معلّم ثانی کہتے ہیں

(a) تختہ سیاہ کو (b) سمعی آلات کو (c) بصری آلات کو (d) درسی کتاب

(158) درسی کتاب میں مضامین کی ترتیب ہونی چاہیئے

(a) آسان سے مشکل کی طرف (b) ادیب یا شاعر کے مقام کے لحاظ سے

(c) نظم سے نثر کی طرف (d) قواعد سے نظم کی طرف

(159) بعض ماہرین تعلیم ''مرثیہ'' کو شامل نصاب کرنے کے مخالف ہیں کیونکہ

(a) طلباء میں مایوسی اور ناخوشگواری پیدا ہوتی ہے (b) مذہب کی تبلیغ ہوتی ہے

(c) طلباء میں غیر ضروری جذبات پیدا ہوتے ہیں (d) نفرت کے جذبات پیدا ہوتے ہیں

(160) قواعد کی تدریس کے استقرائی طریقہ میں ترتیب اس طرح ہوتی ہے

(a) پہلے مثال پھر کلمہ پھر مشق (b) پہلے کلمہ پھر مثال پھر مشق

(c) پہلے مشق پھر مثال پھر مشق (d) پہلے کلمہ پھر مشق پھر مثال

(161) درج ذیل سے غلط بیان کی نشاندہی کیجئے

(a) اندازہ قدر سے طلباء کی ہر طرح کی نشوونما کی آزمائش مقصود ہوتی ہے

(b) اندازہ قدر، آزوزشی تجربات اور تدریسی مقاصد کا ایک دوسرے سے گہرا رشتہ ہوتا ہے

(c) مختلف مقاصد کے لئے مختلف آزمائش رکھی جاتی ہے (d) مواد مضمون کے تفہیم کی جانچ ہی اندازہ قدر کا واحد مقصد ہے

(162) تدریسی مقاصد ان مقاصد کو کہتے ہیں

(a) جن کا حصول سبق کے اختتام پر مقصود ہوتا ہے (b) جن کو تحریر کرنا منصوبہ سبق کے لئے ضروری ہوتا ہے

(c) جن کی تکمیل مدرس کے لئے ضروری نہیں ہوتی (d) جن کا تعین سبق کے اختتام پر کیا جاتا ہے

(163) تدریسی مقاصد، آموزشی تجربات اور اندازہ قدر کے باہمی ربط کو ظاہر کیا جاتا ہے

(a) گراف کے ذریعہ (b) مثلث کے ذریعہ (c) تصاویر کے ذریعہ (d) کسی بھی طرح

(164) تعلیمی عمل کے تین بنیادی عناصر سے ایک ہے

(a) آموزشی تجربات (b) امدادی آلات (c) تدریسی اصول (d) کوئی نہیں

(165) تعلیمی عمل کے تین بنیادی عناصر سے نہیں ہے

(a) آموزشی تجربات (b) تدریسی مقاصد (c) اندازہ قدر (d) امدادی وسائل

(166) تعلیمی عمل کے تین بنیادی عناصر کا تصور اس ماہر نفسیات نے پیش کیا

(a) تھارن ڈائیک (b) بنجامن بلوم (c) ہربرٹ اسپنر (d) پسٹالوزی

(167) تحصیلی جانچ کی قسم نہیں ہے

(a) موضوعی آزمائش (b) معروضی آزمائش (c) زبانی ٹسٹ (d) اخلاق کی آزمائش

(168) زبانی جانچ اس سطح پر زیادہ مفید ہے

(a) پرائمری سطح (b) مڈل سطح (c) ثانوی سطح (d) اعلیٰ ثانوی سطح

(169) تحریری جانچ کی قسم نہیں ہے

(a) تفصیلی سوالات (b) معروضی سوالات (c) نظم خوانی (d) ایک لفظی سوالات

(170) موضوعی سوالات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے

(a) مخصوص مقاصد کے حصول کا (b) طلباء کی اظہار مافی الضمیر کی صلاحیت کا

(c) ادب کے جمالیاتی پہلوؤں کا (d) (b)اور(c) دونوں

(171) ایک لفظی سوالات کا شمار ہوتا ہے

(a) معروضی آزمائش میں (b) موضوعی آزمائش میں (c) زبانی آزمائش میں (d) کسی میں نہیں

(172) معلومات کی اکائیاں مختصر ہوتی ہیں

(a) موضوعی سوالات میں (b) زبانی آزمائش میں (c) تحریری آزمائش میں (d) معروضی آزمائش میں

(173) معروضی سوالات کا

(a) جواب صرف اور صرف ایک ہوتا ہے (b) طریقہ مشکل ہوتا ہے

(c) سوالنامہ تیار کرنا مشکل مرحلہ ہوتا ہے (d) تعلق مواد مضمون سے نہیں ہوتا

(174) موضوعی جانچ کے ضمن میں صحیح بیان ہے

(a) یہ معروضی جانچ کی ضد ہے (b) اشعار کی تشریح کی صلاحیت کے لئے ضروری ہے

(c) ترتیب خیالات کی مشق کے لئے مفید ہے (d) یہ تمام

(175) معروضی سوالات کو معروضی اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ

(a) سوالات سارے نصاب کا احاطہ کرتے ہیں (b) طلباء کو اپنی ذاتی رائے ظاہر کرنے کی آزادی ہوتی ہے

(c) موضوعی کے مقابلے میں یہ طریقہ جدید ہے

(d) سوالات کے جواب کی صحت کا انحصار کسی شخص کی ذاتی رائے، پسند اور ناپسند پر نہیں ہوتا

(176) موضوعی آزمائش کی خوبی نہیں ہے

(a) ادب کے جمالیاتی پہلوؤں کی جانچ ہوتی ہے (b) انشاء کی صلاحیتوں کا اندازہ لگایا جاتا ہے

(c) جواب کی صحت کا انصار جانچنے والے کی شخصی رائے پسند اور ناپسند پر ہوتا ہے

(d) خلاصہ لکھنے کی مشق اسی سے ممکن ہے

(177) اندازہ قدر کے تعلق سے غلط بیان ہے

(a) اس کے تحت نہ صرف تحصیلی جانچ پر زور دیا جاتا ہے بلکہ مہارتوں، جسمانی نشوونما، سماجی نشوونما وغیرہ کی بھی جانچ کی جاتی ہے

(b) یہ تصور زیادہ جامع اور بسیط ہے

(c) اس کی رو سے طلباء کے رویئے شوق، خیالات اور دعادتوں کی تبدیلی کا اندازہ لگانا بھی مقصود ہوتا ہے

(d) اس کا دائرہ محض کمیتی (Quantity) پہلو تک محدود ہوتا ہے

(178) تدریسی مقاصد کو بیان اس طرح کیا جاتا ہے جس سے

(a) مخصوص حقائق، تصورات، مہارتوں اور اصطلاحات کی وضاحت کے ساتھ نشاندہی ہوتی ہے

(b) طلباء کی معلومات میں اضافہ ہوتا ہے (c) مدرس کی صلاحیتوں کا اندازہ ہوتا ہے (d) کوئی نہیں

(179) مشاہدہ یا Observation کو شمار کیا جاتا ہے

(a) موضوعی طریق کار میں (b) معروضی طریق کار میں (c) اندازہ قدر کی ٹیکنک میں (d) کسی میں نہیں

(180) وہ امتحان جو بے شمار طلباء کے لئے تیار کیا جاتا ہے

(a) زبانی امتحان (b) معیاری امتحان Standard Test (c) عملی امتحان (d) مختصر جوابی امتحان

(181) شخصیت کا صحیح اندازہ لگانے کونسی ٹیکنک مفید ہوگی ؟

(a) مشاہدہ (b) گروہی مباحثہ (c) سوالنامہ (d) یہ تمام

(182) اخلاق و برتاؤ کا اندازہ اس ذریعہ سے کیا جاتا ہے

(a) سوشیومیٹری (b) ذہنی پیائش (c) گروہی مباحثہ (d) Anecdotal Records

(183) Sociometry وہ ٹیکنیک ہے جس سے طلباء کی جانچ ہوتی ہے

(a) ذہنی صلاحیتوں کی (b) نفسیات کی (c) سماجی رتبہ کی (d) سماجی نشوونما کی

(184) عمدہ آموزش کے لئے ضروری ہے کہ آموزشی تجربات

(a) نامانوس ہوں (b) پیچیدہ اور مبہم ہوں (c) حقیقی تجربات سے ہم آہنگ ہوں (d) مسلسل ہوں

(185) قواعد کی مدد سے ہوتی ہے

(a) زبان غیر درست (b) زبان درست (c) زبان سیکھنا (d) زبان سمجھنا آسان

(186) نامکمل جملے کو صحیح لفظ سے مکمل کرنے کے سوالات کہلاتے ہیں

(a) تکمیلی مدات (b) متبادل مدات (c) تعدی انتخاب مدات (d) مماثل مدات

(187) موجودہ دور کے مسابقتی امتحانات کو اس قسم میں شمار کیا جاسکتا ہے

(a) شخصیت کی آزمائش (b) معیاری امتحان (c) Teacher-made test (d) تحریری امتحان

(188) مہارتوں کی جانچ کی جاتی ہے

(a) تحریری امتحان سے (b) معیاری امتحان سے (c) عملی امتحان سے (d) تمام سے

(189) سیکھے ہوئے لفظوں کو نئے جملوں میں استعمال کرنا کہلاتا ہے

(a) اعادہ (b) انطباق (c) اخذ معنی (d) تفہیم

(190) مشکل الفاظ کے تلفظ کی مشق کے لئے کارآمد ہوتے ہیں

(a) تصویریں (b) فلیش کارڈس (c) چارٹس (d) تمام

(191) کہانیاں ،نظمیں ،ڈرامے،سنانے کے لئے اس کا استعمال بحسن وخوبی کیا جاسکتا ہے

(a) ٹی وی (b) ریڈیو (c) گراموفون (d) ٹیپ ریکارڈر

(192) سمعی وبصری آلہ ہے

(a) ٹی وی (b) ریڈیو (c) ماڈل (d) ٹیپ ریکارڈر

(193) ذیل میں کونسا آلہ بصری نہیں ہے

(a) ریڈیو (b) چارٹس (c) تصاویر (d) گراف

(194) ٹی وی اور فلم پروجیکٹر ان آلات میں شمار ہوتے ہیں

(a) سمعی (b) بصری (c) سمعی وبصری (d) مہنگے آلات

(195) مائیکروفون کا شمار ان آلات میں ہوتا ہے

(a) سمعی (b) بصری (c) سمعی وبصری (d) بے کار

(196) تعلیم کا بنیادی مقصد ہے

(a) معلومات کی فراہمی (b) تشریح عبارت (c) ملازمت کا حصول (d) شخصیت کی ہمہ جہت نشوونما

(197) تختہ سیاہ پر لکھنے کا صحیح طریقہ ہے

(a) تختہ سیاہ پر چھوٹا چھوٹا لکھے (b) لکھتے وقت استاد بائیں طرف کھڑے ہو کر لکھے

(c) استاد تختہ سیاہ کی طرف رخ کر کے لکھے (d) استاد تختہ سیاہ کی دائیں جانب کھڑے ہو کر لکھے

(198) حروف سے الفاظ بنانے کا کھیل اس امدادی وسیلہ سے کیا جاتا ہے

(a) تعلیمی تاش (b) ٹی وی (c) تختہ سیاہ (d) کمپیوٹر

(199) چارٹ کی مدد سے تفہیم کرائی جاسکتی ہے

(a) مختلف تصورات کی (b) مختلف عبارتوں کی (c) قواعد کے اصولوں کی (d) (a)اور(b) دونوں

(200) مولوی عبدالحق بچوں کو

(a) قواعد سکھانے کے خلاف ہیں (b) قواعد سکھانے پر زور دیتے ہیں

(c) قواعد کو ضروری قرار دیتے ہیں (d) قواعد کی تدریس بنیادی چیز بتاتے ہیں

(201) دیواری رسالہ سے طلباء میں پائی جاتی ہے

(a) پروگرام کی فراہمی (b) معلومات میں اضافہ (c) ضروری باتوں کا انکشاف (d) تحریری صلاحیتوں کا فروغ

(202) بلیٹن بورڈ کا مقصد

(a) ضروری باتوں کا انکشاف (b) معلومات میں اضافہ (c) اسکولی پروگرام اوراہم اعلانات (d) یہ تمام

(203) غزل میں

(a) مرکزی خیال ہوتا ہے (b) مرکزی خیال نہیں ہوتا

(c) لوگوں کے خیالات پراگندہ کرنے کا عنصر ہوتا ہے (d) تصوراتی وحدت ہوتی ہے

(204) اردو نثر کی تدریس کے مقاصد

(a) سب منزلوں پر یکساں ہوں گے (b) ہر منزل پر مختلف ہوں گے

(c) ہر صنف نثر کے لئے یکساں ہوں گے (d) نظم کے مقاصد سے مماثل ہوں گے

(205) مدرسہ میں مشاعرہ کے انعقاد کا مقصد

(a) طلباء میں شعر فہمی اور شعری ذوق پیدا کرنا (b) شاعروں کی خدمت کرنا

(c) شاعروں کے حالات زندگی سے واقف ہونا (d) طلباء کو شاعر بنانا

(206) کس امداد تعلیمی کے لئے کہا جاتا ہے کہ وہ سب سے سستا اور سب سے اہم وسیلہ ہے

(a) چارٹ (b) چاک (c) چاک بورڈ (d) تصاویر

(207) پراجیکٹ طریقہ تدریس کس کی ذہنی اختراع ہے

(a) کلپاٹرک (b) اسٹیونس (c) ڈیوی (d) مانٹے سوری

(208) تدریسی مقاصد کو مختلف خانوں میں کس نے تقسیم کیا ؟

(a) ہربرٹ (b) ڈیوی (c) بلوم (d) ان میں کوئی نہیں

(209) کمرہ جماعت میں سوالات کرتے وقت مدرس کو خیال رکھنا چاہئے کہ

(a) سوال پوری جماعت سے کیا جائے (b) مخصوص طالب علموں سے کیا جائے

(c) انفرادی طور پر ہر طالب علم سے کیا جائے (d) پیچھے بیٹھنے والے طلباء سے کیا جائے

(210) اچھے سوالات کی خصوصیت ہے

(a) سادہ اور غیر مبہم ہو (b) طلباء کو سمجھ میں نہ آئے

(c) جس کے ایک سے زائد صحیح جوابات ہوسکتے ہوں (d) پیچیدہ اور مبہم ہو

# جوابات (طریقہ تدریس اردو)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. a | 2. d | 3. a | 4. a | 5. d | 6. b | 7. d | 8. c | 9. a | 10. d |
| 11. b | 12. c | 13. a | 14. a | 15. a | 16. c | 17. c | 18. c | 19. b | 20. d |
| 21. d | 22. a | 23. d | 24. b | 25. c | 26. b | 27. d | 28. c | 29. a | 30. a |
| 31. c | 32. d | 33. b | 34. b | 35. c | 36. d | 37. d | 38. d | 39. c | 40. d |
| 41. b | 42. b | 43. c | 44. c | 45. a | 46. a | 47. d | 48. b | 49. a | 50. d |
| 51. b | 52. d | 53. b | 54. a | 55. c | 56. d | 57. c | 58. a | 59. a | 60. a |
| 61. d | 62. a | 63. d | 64. b | 65. b | 66. c | 67. b | 68. a | 69. d | 70. d |
| 71. b | 72. d | 73. b | 74. b | 75. d | 76. a | 77. c | 78. c | 79. b | 80. a |
| 81. b | 82. b | 83. c | 84. b | 85. d | 86. b | 87. b | 88. c | 89. d | 90. a |
| 91. d | 92. a | 93. c | 94. b | 95. b | 96. c | 97. c | 98. b | 99. a | 100. a |
| 101. a | 102. a | 103. a | 104. b | 105. a | 106. a | 107. a | 108. a | 109. a | 110. d |
| 111. a | 112. a | 113. a | 114. c | 115. a | 116. d | 117. a | 118. a | 119. d | 120. c |
| 121. a | 122. c | 123. d | 124. d | 125. d | 126. d | 127. c | 128. d | 129. c | 130. d |
| 131. d | 132. a | 133. b | 134. d | 135. d | 136. d | 137. d | 138. b | 139. a | 140. b |
| 141. a | 142. a | 143. b | 144. b | 145. a | 145. a | 147. b | 148. d | 149. d | 150. c |
| 151. a | 152. d | 153. c | 154. b | 155. d | 156. d | 157. d | 158. a | 159. a | 160. a |
| 161. d | 162. a | 163. b | 164. a | 165. d | 166. c | 167. d | 168. a | 169. c | 170. d |
| 171. a | 172. d | 173. a | 174. d | 175. d | 176. c | 177. d | 178. a | 179. c | 180. b |
| 181. d | 182. d | 183. d | 184. c | 185. b | 186. a | 187. b | 188. c | 189. b | 190. b |
| 191. d | 192. a | 193. a | 194. c | 195. a | 196. d | 197. b | 198. a | 199. d | 200. a |
| 201. d | 202. d | 203. b | 204. b | 205. a | 206. c | 2071. c | 208. a | 209. a | 210. a |

# مشقی سوالات - 2

1. اب، ادب، اردو اردو پڑھانے کا یہ طریقہ کہلاتا ہے
(1) ترکیبی طریقہ (2) تحلیلی طریقہ (3) مخلوط طریقہ (4) اجزائی طریقہ

2. آم
دو آم
دو آم دو ۔ یہ اردو پڑھانے کا طریقہ کہلاتا ہے
(1) ترکیبی طریقہ (2) مخلوط طریقہ (3) ابجدی طریقہ (4) اجزائی طریقہ

3. ''بولتا قاعدہ'' اس طریقے پر مرتب کی گئی
(1) ارکانی یا اجزائی طریقہ (2) صوتی طریقہ (3) دیکھو اور بولو کا طریقہ (4) ترکیبی طریقہ

4. عبارت خوانی کے کتنے طریقے ہیں
(1) پانچ طریقے (2) چار طریقے (3) تین طریقے (4) دو طریقے

5. یہ خوش خوانی کی وصف ہے
(1) عبارت خوانی (2) خاموش خوانی (3) زود خوانی (4) معنیٰ آفرینی

6. عبارت خوانی میں یہ عضو اپنا کام انجام دیتی ہے
(1) کان (2) نظر (3) زبان (4) تینوں

7. ''زود خوانی'' اس کا مقصد ہے
(1) مطلب فہمی (2) خاموش خوانی (3) عبارت خوانی (4) تغیر لحن

8. زود نویسی کا مطلب ہے
(1) اچھا لکھنا (2) تیز تیز لکھنا (3) صاف لکھنا (4) خوش خطی سے لکھنا

9. اس فن میں نشست و کرسی کا خاص خیال رکھنا پڑتا ہے
(1) پڑھنے (2) خوش نویسی (3) عبارت خوانی (4) خاموش خوانی

10. ان کے مطابق لکھنا سکھانے سے قبل خط مستقیم، دائرہ، نیم دائرہ اور خط منحنی کی مشق کرائی جائے
(1) مانٹیسوری طریقہ (2) پڑھو اور لکھو کا طریقہ (3) پیستالوزی طریقہ (4) لکھنے سکھانے کے اصول

11. ان کا طریقہ حسی اصول پر مبنی ہے
(1) پیستالوزی (2) سجاد مرزا (3) مانٹیسوری (4) معدومی

12. ''کل سے جز کی طرف'' لکھنے کے کس اصول پر مبنی ہے
(1) مانٹیسوری (2) سجاد مرزا (3) پڑھو اور لکھو (4) پیستالوزی

13. موجودہ نصاب کتب میں زبان شناسی/قواعد اس طریقہ تدریس کے اصول پر مبنی ہے

(1) استقرائی طریقہ (2) استخراجی طریقہ (3) سمجھو بولو طریقہ (4) بیانیہ طریقہ

14. جماعت نہم کے استعدادوں کے مطابق اگر آپ لغت کا استعمال کرتے ہیں تو یہ کونسی استعداد ہوگی

(1) زبان شناسی (2) اظہار مافی الضمیر (3) تخلیقی اظہار (4) سمجھنا

15. جماعت نہم کی اس استعداد کے حصول کے لئے ''ورقیے تیار کرنا، دعوت نامے تیار کرنا'' سکھایا جاسکتا ہے

(1) سمجھنا و سیکھانا (2) تخلیقی صلاحیت کا اظہار کرنا

(3) زبان شناسی (4) اظہار مافی الضمیر ۔ تخلیقی صلاحیت کا اظہار

16. جماعت نہم کی اس استعداد کے حصول کے لئے ''ان دیکھا متن'' کا استعمال کیا گیا ہے۔ تاکہ تفہیم میں اضافہ ہوسکے

(1) تخلیقی صلاحیت کا اظہار (2) اظہار مافی الضمیر (3) سمجھنا۔ ردعمل ظاہر کرنا (4) زبان شناسی

17. یہ زبان کی بنیادی مہارت میں سے نہیں ہے

(1) سننا (2) بولنا (3) سمجھنا (4) پڑھنا

18. بلوم کی تین تعلیمی مقاصد میں سے نہیں ہے

(1) تاثراتی علاقہ (2) ادراکی علاقہ (3) حرکیاتی علاقہ (4) اخلاقی علاقہ

19. وصول کرنا، ردعمل، قدر کرنا، تنظیم وغیرہ بلوم کے تعلیم کے مقاصد کے اس زمرے میں

(1) ادراکی علاقہ (2) تاثراتی علاقہ (3) حرکیاتی علاقہ (4) نفسیاتی علاقہ

20. موجودہ جماعت ہشتم کی اردو کتاب میں چوتھی استعداد کونسی ہے

(1) تخلیقی اظہار (2) لفظیات (3) زبان شناسی (4) خود لکھنا

21. جماعت ہشتم کی اردو کتاب میں تیسری تعلیمی استعداد کونسی ہے

(1) لفظیات (2) خود لکھنا (3) زبان شناسی (4) طویل جوابی سوالات

22. جماعت نہم کی اردو کتاب میں دوسری تعلیمی استعداد یہ ہے

(1) زبان شناسی (2) اظہار مافی الضمیر ۔ تخلیقی صلاحیتوں کا اظہار

(3) سمجھنا۔ ردعمل ظاہر کرنا (4) لفظیات

23. ماڈل، حقیقی اشیاء نمونے۔ کا شمار ہوتا ہے

(1) سہ ابعادی آلات (2) تظلیلی آلات (3) نمائش آلات (4) سمعی و بصری آلات

24. چارٹ، خاکے، فلاش کارڈس، تصاویر، نقشوں کا شمار ہوتا ہے

(1) گرافک امدادیں (2) سہ ابعادی آلات (3) سمعی آلات (4) نمائشی آلات

25. موبائیل فون اگر آپ کمرہ جماعت میں بطور تعلیمی وسائل استعمال کرتے ہیں تو کیا کہلائے گا

(1) سمعی و بصری آلہ (2) سمعی آلہ (3) بصری آلہ (4) ٹکنالوجی کا استعمال

26. بھ پھ تھ وغیرہ کہلاتے ہیں

(1) ہکاری آواز والے حروف (2) حروف تہجی (3) حروف صحیح (4) حروف علت

27. حیدرآبادی کا ''ی'' کہلاتا ہے

(1) یائے مجہول (2) یائے معروف (3) یائے مخفی (4) یائے وصلی

28. اسم، ضمیر، صفت، فعل وغیرہ کا تعلق اس علم سے ہے

(1) علم بلاغت (2) علم ہجا (3) علم نحو (4) علم صرف

29. مان نہ مان میں تیرا مہمان - یہ ہے

(1) جملہ (2) فقرہ (3) کہاوت (4) محاورہ

30. ''اتنی بات ہر شخص جانتے ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی اور برج بھاشا خاص ہندوستانی زبان ہے''...... اردو کے تعلق سے یہ کس کا نظریہ ہے

(1) محمد حسین آزاد (2) سلمان ندوی (3) محمود شیرانی (4) ڈاکٹر زور

31. ادراکی علاقہ کی یہ اعلیٰ ترین سطح ہے

(1) ترکیب (2) تعین قدر (3) معلومات (4) تفہیم

32. موجودہ درسی کتب اس کے اصولوں اور رہنمایانہ ہدایتوں کے مطابق ترتیب دی گئی

(1) NFC 2005 (2) NCERT (3) SCERT (4) NCTE

33. موجودہ جماعت دہم کی درسی کتاب کی دوسری استعداد ہے

(1) اظہار مافی الضمیر (2) زبان شاسی (3) سننا اور بولنا (4) لفظیات

34. مسدس کہتے ہیں

(1) نظم کو (2) پانچ مصرعوں کی بند کو (3) چھ مصرعوں کی بند کو (4) سات مصرعوں کے بند کو

35. غبار خاطر ہے

(1) مضامین کا مجموعہ (2) خطوط کا مجموعہ (3) افسانوں کا مجموعہ (4) حالات کا

36. اخراج، تفصیل، تغیر لحن، معنی آفرینی اور اعراب - یہ اوصاف ہیں

(1) خوش خوانی (2) عبارت خوانی (3) زود خوانی (4) بلند خوانی

37. الفاظ لکھنا پھر اس کو الگ کر کے پڑھنا سیکھانا کہلاتا ہے

(1) تحلیلی طریقہ (2) ترکیبی طریقہ (3) مخلوط طریقہ (4) صوتی طریقہ

38. یہ طریقہ تدریس ''معلوم سے نامعلوم کی طرف'' کے تعلیمی اصول پر مبنی ہے

(1) دیکھو اور بولو کا طریقہ (2) صوفی طریقہ (3) ارکانی طریقہ (4) صوتیاتی طریقہ

39. سہ ابعادی آلہ کے طور پر کمرہ جماعت میں اس کا استعمال کر سکتے ہیں

(1) ماڈل (2) تختہ سیاہ (3) ریڈیو (4) موبائیل

40. ان خطوط کی اس طریقہ تدریس میں پہلے مشق کروائی جاتی ہے O ∪ / ____ 1

(1) پیستالوزی طریقہ (2) مانٹیسوری طریقہ (3) سجاد مرزا کا طریقہ (4) خوش نویسی کا طریقہ

41. اس ادارہ کو ڈاکٹر زور نے قائم کیا

(1) ادارہ ادبیات اردو (2) زور انسٹیٹیوٹ آف اردو (3) دارالترجمہ (4) دارالمصنّفین

42. اس طریقہ تدریس میں ہم جز سے کل کی طرف جاتے ہیں

(1) بیانیہ طریقہ (2) سوالیہ طریقہ (3) مائیکرو ٹیچنگ (4) صوتی طریقہ

43. مائیکرو (Micro) کے معنی ہے

(1) اچھا (2) اعلیٰ (3) جُز (4) کل

44. مائیکرو ٹیچنگ کو کہا جاتا ہے

(1) اچھی تعلیم (2) اعلیٰ تدریس (3) خود تدریس (4) تفہیمی تدریس

45. ''معلم'' کو کہا جاتا ہے

(1) تعلیم دینے والا (2) علم رکھنے والا (3) قاری کتب (4) معمار قوم

46. یہ معلم اردو کی خصوصیات میں سے نہیں

(1) طلبہ سے ہمدردانہ سلوک اور رویہ اختیار کرنے والا (2) مطالعہ کا شوقین

(3) زبان پر عبور رکھنے والا (4) مشاعرے کا شوقین

47. یہ معلم اردو کی خاص خصوصیت میں سے نہیں ہے

(1) مطالعہ کا شوقین (2) اچھی شخصیت کا مالک (3) خوش مزاج (4) ہمیشہ ایک ہی طالبعلم پر توجہ دے

48. زود نویسی خوش نویسی یہ مقاصد ہیں

(1) لکھنا سیکھانے کے (2) خوش خطی (3) علم حاصل کرنے (4) معلم بننے کے لئے

49. اس کا تعلق کلچری مقاصد سے نہیں ہے

(1) ذوق سلیم کی تربیت (2) اخلاق کی ترتیب (3) فیصلہ اور تخلیق کا تعلق (4) تدریس کے اصول

50. ''ذوق سلیم کی تربیت'' ہے۔

(1) کلچری مقصد (2) اخلاقی تربیت (3) تدریس کے اصول (4) لب ولہجہ کی تربیت

51. ''اخلاق کی تربیت'' ہے

(1) کلچری مقصد (2) فیصلہ وتخیل کی مشق (3) تدریس کے اصول (4) پڑھنے کی مشق

52. اطلاق، تجزیہ، ترکیب، تفہیم کا تعلق اس علاقے سے ہے

(1) تاثراتی علاقہ (2) نفسی وحرکیاتی علاقہ (3) ادراکی علاقہ (4) تعین قدر کا علاقہ

53. بلوم کی تعلیمی مقاصد کی زمرہ بندی میں دوسرا علاقہ ہو

(1) ادراکی علاقہ (2) تاثراتی علاقہ (3) نفسی علاقہ (4) حرکیاتی علاقہ

54. وقوفی مقاصد، جذباتی مقاصد کا تعلق اس علاقے سے ہے

(1) ادراکی علاقہ (2) تاثرات علاقہ (3) نفسی وحرکیاتی علاقہ (4) تنظیم کا علاقہ

55. موجودہ درسی کتاب برائے جماعت دہم کی تیسری استعداد ہے

(1) لفظیات (2) قواعد (3) تخلیقی اظہار (4) زبان شناسی

56. یہ اردو سیکھنے کے کلچری مقاصد میں سے نہیں ہے

(1) ذوق سلیم کی تربیت (2) اخلاقی کی تربیت (3) صحیح تلفظ کی ادائیگی (4) فیصلہ وتخلیق کی مشق

57. ریاستی درسی کتب کی تدوین کا ذمہ دار ادارہ ہے

(1) NCERT (2) NFC 2005 (3) SCERT (4) NCTE

58. دستور ہند کے اس دفعہ کے تحت ریاستوں کو یہ خاص ہدایت دی گئی کہ لسانی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کی ابتدائی تعلیم مادری زبان میں بہم پہنچائی جائے

(1) 350 (الف) (2) 351 (الف) (3) 352 (الف) (4) 353 (الف)

59. ''ضیائے اُردو'' کا تعلق ان جماعتوں سے ہے

(1) V-VIII (2) VI-VIII (3) VII-IX (4) VI-VIII

60. یہ ادارہ ریاستی نصاف کی تدوین کا کام پہ انجام دیتی ہے

(1) NCTE (2) NCERT (3) SCERT (4) بورڈ آف سکنڈری

61. ''قومی زبان'' کا ناشر ہے

(1) اردو اکیڈیمی آندھرا پردیش (2) غالب اکیڈیمی دہلی

(3) ادارہ ادبیات اردو (4) دارالمصنّفین

62. مولانا آزاد اورینٹل ریسرچ انسٹیٹیوٹ واقع ہے

(1) دہلی میں (2) بنگلور میں (3) حیدرآباد میں (4) پونا میں

63. حروف سے متعلق علم کیا کہلاتا ہے ؟

(a) علم ابجد (b) علم ہجا (c) بنیادی قواعد (d) یہ تمام

64. الفاظ کی تقسیم گردان اور اس کے اشتقاق پر مشتمل عمل کو کیا کہتے ہیں؟

(a) علم قواعد (b) علم ہجا (c) علم صرف (d) علم نحو

65. مستقل کلموں کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) دو (b) پانچ (c) سات (d) آٹھ

66. وہ الفاظ جو بجائے اسم کے استعمال کئے جاتے ہیں

(a) اسم خاص (b) فعل (c) صفت (d) ضمیر

67. احمد <u>گنوار</u> ہے۔ خط کشیدہ لفظ کو کہتے ہیں

(a) صفت ذاتی (b) صفت نسبتی (c) صفت عددی (d) ضمیر

68. ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے

اوپر دئے گئے شعر میں خط کشیدہ الفاظ بتدریج یہ ہیں

(a) متکلم ۔ غائب (b) متکلم۔ مخاطب (c) مخاطب۔ غائب (d) مخاطب۔ متکلم

69. وہ کتاب جو احمد کے پاس ہے وہ میری ہے

اس جملہ میں خط کشیدہ لفظ کو قواعد میں کیا کہتے ہیں؟

(a) ضمیر ذاتی (b) ضمیر استفہام (c) ضمیر موصولہ (d) ضمیر اشارہ

70. وہ الفاظ یا حروف جو غزل کے ہر شعر کے آخر میں دہرائے جاتے ہیں

(a) بحر (b) وزن (c) قافیہ (d) ردیف

71. ''نازکی ان کے لب کی کیا کہیئے'' اس مصرعہ میں نازکی ................. ہے

(a) فعل (b) اسم خاص (c) اسم کیفیت (d) صفت

72. مترادف الفاظ سے مراد ہے

(a) علیحدہ علیحدہ الفاظ (b) باہم الفاظ (c) ہم آواز الفاظ (d) ہم معنی الفاظ

73. ''ان پڑھ۔ بے جان۔ باادب'' کس کی مثالیں ہیں

(a) مرکب الفاظ (b) مفرد الفاظ (c) سابقے (d) لاحقے

74. معنوی لحاظ سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

75. مرکب الفاظ.................طرح کے ہوتے ہیں

(a) تین (b) دو (c) چار (d) چھ

## جوابات KEY

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. 1 | 2. 4 | 3. 1 | 4. 4 | 5. 4 | 6. 4 | 7. 2 | 8. 2 | 9. 2 | 10. 3 |
| 11. 3 | 12. 3 | 13. 1 | 14. 1 | 15. 4 | 16. 3 | 17. 1 | 18. 4 | 19. 2 | 20. 2 |
| 21. 2 | 22. 2 | 23. 1 | 24. 4 | 25. 1 | 26. 1 | 27. 2 | 28. 4 | 29. 3 | 30. 1 |
| 31. 2 | 32. 1 | 33. 1 | 34. 3 | 35. 2 | 36. 1 | 37. 1 | 38. 1 | 39. 1 | 40. 1 |
| 41. 1 | 42. 3 | 43. 3 | 44. 3 | 45. 4 | 46. 4 | 47. 4 | 48. 1 | 49. 4 | 50. 1 |
| 51. 1 | 52. 3 | 53. 2 | 54. 3 | 55. 4 | 56. 3 | 47. 3 | 58. 1 | 59. 2 | 60. 3 |
| 61. 1 | 62. 3 | 63. 2 | 64. 3 | 65. 4 | 66. 4 | 67. 3 | 68. 1 | 69. 3 | 70. 4 |
| 71. 3 | 72. 4 | 73. 3 | 74. 1 | 75. 2 | | | | | |